بسم اللہ الرحمن الرحیم

حامداً و مصلیاً و مسلماً

امابعد اضعف العباد الملتجی بحرم ربہ الہادی **محمد عبدالحق** ابن مولانا المولوی الشیخ شاہ محمد الشیخ یار محمد الہ آبادی عاملہم اللہ بفضلہ العمیم تلمیذ مولانا العلامہ واکبر الفہامہ المرحوم ابی البرکات رکن الدین المدعو تراب علی تغمد اللہ بغفرانہ واسکنہ بحبوحۃ جنانہ۔ بخدمت برادران مومنین از راہ خیر خواہی کے عرض کرتا ہی کہ بعضے لوگ میلاد نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ذکر سے نہایت ہی چڑھتے ہیں اور اسکو برا سمجھتے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ لفظ میلاد نبی نہ کہنا چاہئے اور بعضے یہ کہتے ہیں کہ اس ذکر کو خاص کرنا بیان میں نہ چاہئے۔ سو جاننا چاہئے کہ یہ انکا چڑھنا اور برا سمجھنا اسکو نہایت ہی برا ہے۔ نعوذ باللہ منہ۔ اور یہ کہنا کہ لفظ میلاد نبی نہ کہنا چاہئے اور یہ کہنا کہ اس ذکر میلاد شریف کو خاص کرنا بیان میں نہ چاہئے صحیح نہیں ہی۔ محض غلط ہی جامع ترمذی جو صحاح ستہ میں سے ہی اُسمیں ایک باب خاص اسی ذکر میں ہی اسطرح پر باب ما جاء فی میلاد النبی صلے اللہ علیہ وسلم سو اسمیں دیکھئے کہ لفظ میلاد النبی ذکر ہی اگر یہ لفظ کہنا منع ہوتا تو ہرگز وہ اسکو ذکر نفرماتے۔ اور اسمیں دیکھئے کہ بیان ذکر میلاد شریف کو خاص ایک باب میں نام لیکے ذکر فرمایا ہی اگر یہ ناجائز ہوتا تو وہ اسطرح ہرگز نہ کرتے جامع ترمذی میں اس باب میں بیان ہی کہ قیس بن مخرمہ صحابی رضی اللہ تعالی عنہ نے میلاد نبی صلی اللہ علیہ

وسلم کا ذکر بیان فرمایا ہی اسطرح ولدت انا ورسول اللہ [illegible] علیہ وسلم عام الفیل
اورحضرت عثمان رضے اللہ تعالیٰ عنہ نے قباث ابن اشیم صحابی [illegible] تعالیٰ عنہ سے پوچھا
کہ انت اکبرام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سو انھوں نے کہا [illegible] صلی اللہ علیہ
وسلم اکبر منی وانا اقدم منہ فی المیلاد اور جانتا چاہیئے کہ لوگ [illegible] صلے اللہ
علیہ وسلم کے نام سے نہایت ہی جلتے ہیں اور اسکو بہت ہی برا سمجھتے ہیں کہ [illegible]
یہ کہنا چاہیئے سو یہ جلنا انکا اور یہ فہم اسمجھنا انکا نہایت ہی برا ہے نعوذ باللہ [illegible]
کہنا انکا صحیح نہیں ہی. ابن سعد اور ابن ابی الدنیا اور ابن عساکر نے روایت کی
حضرت امام ابی جعفر صادق بن محمد بن علی رضے اللہ تعالیٰ عنہما سے کہ اُنھوں نے فرمایا
کان قدوم اصحاب الفیل للنصف من المحرم فبین الفیل وبین مولد رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم خمس وخمسون لیلۃ سواس روایت میں موجود ہی کہ حضرت امام ابی جعفر
صادق رضے اللہ عنہ نے وقت بیان مولد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے مولد رسول کا
[illegible] اگر یہ کہنا منع ہوتا تو آپ اُنکو وقت بیان مولد شریف کے ہرگز نہ فرماتے۔
جاننا چاہیئے کہ بعضے لوگوں میں بیان مولد شریف میں نزاع ورد وکد واقع ہی اور
کلمات ناشائستہ اُنسے سنے گئے ہیں کہ اُنکو کیا یہاں ذکر کریں. نعوذ باللہ منہ اور یہ بھی
سنا گیا ہی کہ وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ اسکے بیان سے کیا فائدہ ہی ہم تو ایک دفعہ پیدا
ہو چکے ہیں ہمارے اختیار میں تو اسطرح پیدا ہونا نہیں ہی اگر کوئی دوسرا بیان آپکے
حال شریف کا ہوگا تو ہم اسطرح اُسپر عمل کرینگے. مثلاً حال کھانے پینے سونے وغیرہ کا
اور یہ بھی سنا ہی کہ وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ بھلا آپنے بھی کبھی اپنا حال مولد شریف کا اور
حال اپنے پیدائش مبارک کا بیان فرمایا ہی یا آپ نے کبھی حال پیدائش کسی نبی کا انبیا
علیہ الصلوۃ والسلام میں سے بیان فرمایا ہو کہ تم لوگ اسکو خلاف آپکے بیان کرتے ہو
یا کسی خلیفہ نے خلفائے راشدین میں سے رضی اللہ تعالیٰ عنہم یا اور کسی بقیہ صحابہ میں سے

یا تابعین یا تبع تابعین سے حال مولد شریف کا اور آپکے پیدایش مبارک کا بیان کیا ہو
اور جب قرون ثلثہ میں پایا نہ گیا تو یہ بیان کرنا بدعت سیئہ ہو۔ اور بعضوں سے سنا
گیا ہو کہ وہ یہ کہتے ہیں کہ بیان مولد شریف تو مستحسن ہو بلکہ مستحب ہو مگر اسکا بیان تنہا
پڑھ لیوے لوگوں میں نہ پڑھے اور اس بیان شریف کو تکرار نہ کرے اس بیان مولد
شریف کو اگر بہ تکرار پڑھیگا تو منع اور بدعت سیئہ ہو جاییگا اور اس بیان مولد شریف کو
شعروں میں بھی نہ پڑھے اور چوکی و منبر پر بھی نہ پڑھے ورنہ بدعت سیئہ ہو جاییگا سو جاننا
چاہیے کہ یہ جو وہ کہتے ہیں تو وہ اسطرح نہیں ہو۔ کیونکہ وارد ہو عند ذکر اولیاء اللہ
تنزل الرحمۃ یعنی وقت ذکر اولیاء اللہ کے رحمت الٰہی نازل ہوتی ہو تو آنحضرت
صلے اللہ علیہ وسلم کے ذکر شریف کے وقت بطریق اولیٰ نزول رحمت الٰہی ہوے ہو
چنانچہ بہ تصریح وارد ہو کہ آپکے اس ذکر کرنیوالوں میں سے دروازے لکھوے جاتے
ہیں اور تمام ملائکہ اُنکے واسطے استغفار کرتے ہیں اور نجات عذاب دنیا و آخرت سے
اُنکے واسطے ہوتی ہو اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت اُنکے واسطے
ہوتی ہو تو اس بیان مولد شریف میں بڑا فائدہ ہو۔ رزقنا اللہ سبحانہٗ تعالیٰ
اور بروایات احادیث صحیحہ سے ثابت ہو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
خود اپنا حال ولادت باسعادت اپنے آپ یا بہ سبب مذمت و برائی بیان کرنے
منکرین کے یا بخواہش و درخواست کسی کے صحابہ کرام رضے اللہ تعالیٰ عنہم میں سے
بکرات و مرات بیان فرمایا ہو اور یہ بھی بروایات صحیحہ ثابت ہو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم نے حال پیدائش انبیا علیہم الصلوٰۃ والسّلام کا کبھی اپنے حال پیدائش کیساتھ
بیان فرمایا ہو اور کبھی آپنے حال پیدائش کسی نبی کا انبیا علیہم الصلوٰۃ والسّلام میں سے
علیحدہ بھی بیان فرمایا ہو۔ اور اسیطرح صحابہ اور تابعین میں سے بھی رضی اللہ
تعالیٰ عنہم حال پیدائش کسی نبی کا انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام میں سے علیحدہ بھی ا[illegible]

اسیطرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش مبارک کیساتھ بھی بیان فرمایا ہی اور صحابۂ
کرام رضے اللہ تعالیٰ عنہم میں سے بھی آپ کی مدح کرنیکے واسطے آپسے اجازت واذن لیکے
آپکے سامنے اس حال ولادت باسعادت کو شعروں میں بیان کیا ہی۔ اور آپنے اُنکے حق میں
وقت طلب اذن کے اذن دیکر دعا فرمائی ہی۔ کہ قل لا یفضض اللہ فاک یعنی مدح بیان کرو
نہ توڑے اللہ تمھارے منھ کو مراد اس سے دعا اُنکے واسطے ہی واسطے حفاظت اُنکے منھ کے
کل خلل سے۔ نہ فقط دانتوں کے گرنیسے اور خلفاء راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے بھی اسکا
بیان کرنا ثابت ہی۔ اور غیر سے امر اسکو کرکے اس بیان شریف کو لوگوں کے سامنے سناہی
اور بقیہ عشرہ مبشرہ اور بعض بقیہ صحابہ اور صحابیات وامہات المومنین وغیرہا سے۔ اور
تابعین اور تبع تابعین میں سے بھی بروایات صحیحہ اسکا بیان کرنا ثابت ہی۔ رضی اللہ تعالیٰ
عنہم اجمعین۔ اور شعروں میں بھی اس بیان شریف کو آپکے سامنے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین
میں سے پڑھا ہی کھڑے ہوکے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی منبر پر کھڑے ہوکر
اپنا نسب شریف اور حال پیدائش مبارک بیان فرمایا ہی۔ چنانچہ بیان اسکا بہ تفصیل
احادیث صحیحہ سے کتب معتبرہ سے عنقریب کیا جائیگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ سو یہ بیان مولد
شریف ہرگز منع اور بدعت سیئہ نہیں ہی۔ اور بعضے لوگ یہ کہتے ہیں کہ ہم بیان مولد شریف
کا انکار نہیں کرتے ہیں ہم تو اُسکو مستحسن بلکہ مستحب کہتے ہیں مگر اسکا بیان بطور روایت
کرے جسطرح کتب احادیث شریفہ میں بطور روایت ہی اور بغیر روایت کے طور پر علیحدہ
یہ بیان نہ کرے کیونکہ اسطرح بیان درست نہیں ہی سو جاننا چاہئے کہ یہ کہنا اُنکا صحیح نہیں
ہی دونوں طور سے حالات ولادت باکرامت کا بیان کرنا کتب احادیث شریفہ سے ثابت ہی
چاہے بطور روایت چاہے بطور احادیث شریفہ کے بیان کرے اور یا چاہے احوال شریف
ولادت باکرامت کو علیحدہ جو کہ روایات صحیحہ سے ثابت ہوئے ہیں اُنکو بغیر اسناد کے بیان
کئے بیان کرے چنانچہ صحابہ اور صحابیات رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین میں سے بھی کبھی

بے اسناد ذکر کئے حالات ولادت باسعادت کو علیحدہ بھی بیان فرمایا ہی جیسا کہ اُسکا حال روایات
صحیحہ سے جو کہ ذکر کیجاینگی معلوم ہو جایگا انشاء اللہ تعالی آور جاننا چاہیے کہ بعضے لوگ
عمل مولد شریف کو جو کہ مروج ہی کہ جسکا بیان عنقریب ہوگا جبکہ خالی محرمات و منکرات شرعیہ
سے ہو اور اسمیں تعین و تخصیص روز بھی نہو بدعت سیئہ کہتے ہیں۔ سو یہ بھی اسطرح نہیں ہی
بلکہ یہ بدعت حسنہ ہی۔ بلکہ بعضے اکابر علمانے فضائل و معجزات کے ذکر کو خصوصاً وقت
ظہور فساد و ضعف اعتقاد کے اور پھیلانے منکرین کے مطاعن آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم کے اوپر اور عوام کے ذہنوں میں شبہے و شکوک ڈالتے وقت واجب علی الکفایہ
فرمایا ہی بلکہ بعضے اکابر علمانے یہ فرمایا ہی کہ اگر مسلمان دین کے دشمنوں کا حال بدیدہ حمیت
اسلامی ملاحظہ فرماویں خصوصاً اس زمانے میں تو ہر جگہہ وہ نشر و فضائل اپنے پیغمبر کا اپنے
دین کی ترویج کے واسطے اور لوگوں کو ترغیب دینے کیواسطے کرتے ہیں تو انعقاد مجلس
مولد شریف کہ موجب نشر و فضائل و معجزات سرور کائنات علیہ الصلوۃ والتحیات ہی
ربیع الاول میں بلکہ ہر مہینہ میں لازم و واجب جانیں چنانچہ بیان اسکا بھی بتصریح ہوگا
انشاء اللہ تعالی۔ آور بعضے لوگ اس عمل مولد شریف کو جو ہر برس اُسدن میں ہو کہ جو
دن ولادت باسعادت ہی اور وہ خالی محرمات و منکرات شرعیہ سے ہو بدعت سیئہ کہتے
ہیں۔ سو یہ بھی اسطرح نہیں ہی۔ بلکہ یہ بھی بدعت حسنہ ہی۔ اس تعین کی اصل بھی شرع
شریف سے ثابت ہی۔ اسکا بیان بھی اور جو اسپر لوگوں کا اعتراض ہی اسکا بیان بھی اور اسکا
جواب بھی بہ تفصیل بیان ہوگا۔ اور جاننا چاہیے کہ اگر عمل مولد شریف بہ تعین و تخصیص
روز ہو یا بلا تعین و تخصیص روز ہو مگر اسمیں ادخال محرمات و منکرات ہو تو تمام اکابر علما
محققین متفق ہیں اس بات پر کہ انعقاد مجلس مولود شریف با دخال محرمات و منکرات شرعیہ
ناجائز ہی۔ اسطرح کی مجلس کرنے کو وہ بھی نہیں تجویز فرماتے ہیں۔ بلکہ اسطرح کی مجلس کرنے کو
منع فرماتے ہیں سو اسمیں تمام علما محققین متفق ہیں۔ نزاع و اختلاف اسمیں کسی کو نہیں ہی

باقی رہی یہ بات کہ بعضے علما اسطرح کی مجلس مولود شریف کی صورت اجماعیہ میں نفس مولود شریف کو بدعت سیئہ و بدعت ضلالت و حرام کہتے ہیں اور وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ اصل مولود شریف ہی سے منع کرنا بہت لائق ہی کیونکہ مفاسد حاصل ہوتے ہیں اور جو اکابر علما محققین ہیں وہ اُسکی رد میں یہ فرماتے ہیں کہ تحریم تو اسمیں آئی ہی حرام چیزوں کی جہت سے کہ وہ اسمیں داخل کیگئی ہیں نہ باعتبار اجتماع کیواسطے اظہار شعار مولد شریف کے اگر مثل ایسے امور کے واقع ہوا اجتماع میں نماز جمعہ کیواسطے مثلاً وہ البتہ ہوگا قبیح برا۔ اور اس سے لازم نہیں آتا ہی حرمت اجتماع کی نماز جمعہ کیلئے جیسا کہ یہ ظاہر ہی اور ہمنے تو بیشک دیکھا ہی بعضے ان امور کو رمضان شریف کی راتوں میں نزدیک اجتماع لوگوں کے نماز تراویح کیواسطے کیا حرام ہو جایگا اجتماع بسبب ان امور کے وہ جو ملے ہیں اُسکے ساتھ۔ کلا یعنی ہرگز نہیں یوں بلکہ ہم کہتے ہیں اصل اجتماع نماز تراویح کے واسطے حسن ہی اور سنت ہے اور قربت ہو۔ اور جو بُرے امور ملائے گئے ہیں اُسمیں وہ قبیح ہیں بُرے ہیں۔ اسیطرح ہم کہتے ہیں کہ اصل اجتماع واسطے اظہار شعار مولد شریف کے مندوب ہی اور قربت ہی اور امور قبیحہ جو ملائے گئے ہیں اُسکی طرف وہ بُرے ہیں ممنوع ہیں۔ اِن امور کو بُرا سمجھنا چاہئے اور وہ یہ بھی فرماتے ہیں کہ مولد النبی میں تعظیم مضاف کی ہی۔ صلے اللہ علیہ وسلم مانند بیت اللہ زاد اللہ مجدہ تعالیٰ تعظیماً و تشریفاً۔ یعنی جب کسی چیز کی نسبت بڑے کیطرف کرتے ہیں یعنی جب کسی چیز کا علاقہ بڑی چیز سے لگاتے ہیں تب اُس چیز کی تعظیم ثابت ہوتی ہی۔ جیسے مولد نبی کا اور آپکا موے مبارک اور نعلین شریف وغیرہ یا جیسے اللہ کا گھر اور بادشاہ کا غلام تو اس مقام میں گھر کی تعظیم اور غلام کی تعظیم ثابت ہوتی ہی اور یہ اضافت تحقیر کے واسطے کب ہوتی ہی جب کسی چیز کی نسبت چھوٹے اور حقیر اور ذلیل چیز کیطرف کرتے ہیں جیسے ولد الحجام یعنی حجام کا بیٹا۔ تو مولد کی حقارت کرنا درست نہوگا۔ یہ لفظ کہکے کہ مولود بدعت مذمومہ ہی یا گمراہی یا حرام ہی یا مکروہ ہی یہ کہنا بھی درست نہوگا کہ یہ رسالہ مولد کے

باطل کرنیکے واسطے ہو عمل مولد شریف جوکہ مستحسن ہو اُسکو ہم بدعت سیئہ و بدعت ضلالت
وحرام ومکروہ اور ممنوع ہرگز نہیں کہتے ہیں بلکہ جو کوئی اُسمیں محرمات وممنوعات شرعیہ
کرے اُسے منع کرتے ہیں اور اُس محرمات وممنوعات شرعیہ کو بدعت سیئہ و بدعت ضلالت
وحرام ومکروہ وممنوع البتہ کہتے ہیں۔ اور یہ کہتے ہیں کہ اُنکو مجلس مولود شریف میں نکرنا
چاہیئے۔ اور پاک وصاف اس مجلس شریف کو اُنسے رکھنا چاہیئے۔ اور بدعات عوام نے
نکالے ہیں یعنی اور اسباب محرمہ ومنکرات سے اُسکو اس سے خالی رکھنا چاہیئے تاکہ
باعث حرمان طریقہ اتباع سے نہو چنانچہ ان سب کا بیان بھی بسند کتب معتبرہ کیا جائیگا
انشاء اللہ تعالی۔ اور جاننا چاہیئے کہ یہ جو بعضے لوگ کہتے ہیں کہ عمل مولود شریف
منع ہو اسواسطے کہ تعین اسمیں کسی وقت کا دن ہو یا رات کو لوگ کرتے ہیں اور تعیین
اپنی طرف سے کرنا منع ہو اور بے تعیین ہرگز مولود شریف ہوتا نہیں ہو۔ اسی واسطے یہ بدعت
سیئہ ہو۔ سو یہ اسطرح نہیں ہو بلکہ تعیین وہ ممنوع وباطل ہو کہ جسمیں یہ لحاظ ہو کہ فلانے روز
معین بجالانا اسکا درست ہو اور اسکے سوا ناجائز ہو کیونکہ اس صورت میں تشریع شرع
جدید اور تغییر حدود اللہ ہو۔ اور اگر تعیین بغیر اس لحاظ کے ہو تو کچھ مضائقہ نہیں ہو
جیساکہ تذکیر وموعظت واسطے نفع وہدایت لوگوں کے جمیع وقتوں میں ہو کرد مستحب ہے
اور تعیین کرنا کسی روز کا روزوں میں سے اور تاریخ کا تاریخوں سے اسکے واسطے ہو جیسا
کہ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالی عنہ نے پنجشنبہ کا روز واسطے موعظت کے مقرر
فرمایا تھا۔ صحیح بخاری میں ہو عن ابی وائل کان عبد اللہ یذکر الناس فی کل خمیس
انتہی اس بیان کو خوب تفصیل سے جناب حضرت مولانا واستاذنا ابو البرکات رکن الدین
المدعو تراب علی قدس سرہ نے رسالہ ہدایۃ النجدین فی مسائل العیدین میں رقیم فرمایا ہو جو
چاہے اسمیں ملاحظہ فرمائے۔ اور جاننا چاہیئے کہ جو لوگ قیام وقت ذکر ولادت
باسعادت کے کرتے ہیں اور اُنکو بعضے لوگ مشرکین میں شمار کرتے ہیں اور قیام کو شرک

کہتے ہیں اور حرام اور بدعت سیئہ سو یہ اسطرح نہیں ہی قیام تعظیماً وقت ذکر ولادت با
سعادت کے علما محدثین محققین نے مستحسن فرمایا ہی اور بدعت حسنہ چنانچہ اسکا بیان بھی
تفصیل سے ہوگا۔ سو اب بحولہ و قوتہ بیان امور مذکورہ شروع کرتا ہی اور اس رسالہ کو آٹھ
باب پر مرتب کرتا ہی۔ **پہلا باب** بیان میں اسکے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنا
حال ولادت باکرامت اپنے آپ یا بسبب مذمت و برائی بیان کرنے منکرین کے یا بخواہش
و درخواست کسی کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے بکرات و مرات بیان فرمایا ہی اور اس
باب میں سات فصلیں ہیں **پہلی فصل** میں بیان ہی اُن احادیث صحیحہ کا کہ جسمیں ذکر ہی کہ آپنے
اپنی ولادت باسعادت کا ذکر فرمایا ہی اور اسمیں مذمت و برائی منکرین کا ذکر نہیں ہی اور کسیکی
درخواست کا بھی اُسمیں ذکر نہیں ہی۔ **دوسری فصل** مین بیان ہی اُن روایات صیحہ کا
کہ جسمیں ذکر ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر پر کھڑے ہو کے اپنا نسب شریف اور
پیدائش کا حال بیان فرمایا ہی بسبب مذمت و برائی بیان کرنے منکرین کے اور بغیر
اس سبب کے بھی **تیسری فصل** میں بیان ہی اُن احادیث شریفہ کا کہ جسمیں ذکر ہی کہ کسیکی
درخواست کرنے سے آپنے اپنی ولادت باسعادت کا ذکر فرمایا ہی۔ **چوتھی فصل** اس
بیان میں ہی کہ کبھی آپنے اپنے حال پیدائش مبارک کیساتھ حال پیدائش انبیا علیہم
الصلوٰۃ والسلام کا بھی بیان فرمایا ہی۔ **پانچویں فصل** اس بیان میں ہی کہ کبھی آپنے حال
پیدائش کسی انبیا علیہم الصلوٰۃ والسلام میں سے علیحدہ بھی بیان فرمایا ہی اور اسی طرح
صحابہ اور تابعین میں سے بھی رضی اللہ تعالیٰ عنہم حال پیدائش کسی نبی کا انبیا علیہم الصلوٰۃ
والسلام میں سے علیحدہ بھی بیان فرمایا ہی۔ **چھٹی فصل** اس بیان میں ہی کہ کبھی آپنے اپنے
حال پیدائش مبارک کیساتھ حال پیدائش خلفاء اربعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا بھی بیان فرمایا
ہی اور کبھی اپنے حال پیدائش مبارک کیساتھ حال پیدائش بعض ہی خلیفہ کا بیان فرمایا
ہی **ساتویں فصل** اس بیان میں ہی کہ کبھی آپنے حال پیدائش خلفاء اربعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم

اجمعین کا علیحدہ بھی بیان فرمایا ہی اور اس بیان میں ہی کہ صحابہ اور تابعین اور تبع تابعین
میں بھی خلفاء راشدین کی پیدائش کا حال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پیدائش مبارک
کیساتھ اور علیحدہ بھی بیان کیا ہی۔ رضوان اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین **دوسرا باب**
اس بیان میں ہی کہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین میں سے کسے بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم کے سامنے اس حال ولادت باسعادت کو بیان فرمایا ہی اور اس باب میں تین فصل
ہیں۔ **پہلی فصل** اس بیان میں ہی کہ بعض صحابہ کرام رضے اللہ تعالیٰ عنہم نے آنحضرت
صلے اللہ علیہ وسلم سے اجازت و اذن لیکے مدح بیان کرنیکا آپکے سامنے اس حال ولادت
باسعادت کو شعروں میں بیان کیا ہی اور آپنے انکے حق میں وقت طلب اذن کے اذن
فرماکے دعا فرمائی ہی قل لا یفضض اللہ فاك مدح بیان کرو نہ توڑے اللہ تمھارے منھ کو مراد
اس سے دعا انکے واسطے ہی واسطے حفاظت انکے منھ کے کل خلل سے نہ فقط دانتو نکے گرنے سے
دوسری فصل اس بیان میں ہی کہ آپنے خود بعض صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو مدح و مکارم
بیان کرنیکو فرمایا ہی اور اُنھوں نے اُس مدح شریف میں ولادت باسعادت کا بھی ذکر
فرمایا ہی شعروں میں کھڑے ہوکے اور اس بیان میں ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
بعض صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے واسطے منبر رکھنے کے واسطے فرماتے مسجد میں وہ اُسپر
خوب کھڑے ہوکر آپکی مدح اور مشرکوں کی ہجو بیان فرماتے تھے **تیسری فصل** میں
بیان ہی اسکا کہ آپکے سامنے آپکی مدح بغیر طلب اذن اور بغیر آپکے فرمائے شعروں میں عورتوں
نے اور لڑکوں نے اور لونڈیوں نے بیان کیا ہی اور آپنے اُنکو منع نہیں فرمایا ہی اور اسکا
بیان ہی کہ حضرت ام المومنین عائشہ رضے اللہ تعالیٰ عنہا نے آپکی مدح میں آپکے سامنے اشعار
پڑھے اور آپنے اُنکو دعا فرمائی کہ جزاك اللہ یا عائشۃ خیرا اور یہ فرمایا کہ فما ذکرنی سرورت
کسروری بکلامك یعنی پس میں نہیں یاد رکھتا ہوں کہ میں خوش کیا گیا اور مسرور ہوا ہوں
مثل اپنی خوشی و سرور کے تمھارے کلام کیساتھ۔ **تیسرا باب** اس بیان میں ہی

کہ خلفاء راشدین جو کہ عشرہ مبشرہ میں سے ہیں رضے اللہ تعالیٰ عنہم اُن سے بھی اسکا بیان کرنا
ثابت ہے اور غیرے بھی امر اسکو کرکے اس بیان شریف کو سنا ہے اور بقیہ عشرہ مبشرہ سے
بھی رضے اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین اسکا بیان کرنا ثابت ہے اور اس باب میں دس فصلیں ہیں ع
بعدہٗ عشرہ مبشرہ رضے اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین - **پہلی فصل** میں ہے بیان حضرت ابوبکر صدیق
رضے اللہ تعالیٰ عنہ کا **دوسری فصل** میں ہے بیان حضرت عمر رضے اللہ تعالیٰ عنہ کا **تیسری
فصل** میں ہے بیان حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا. **چوتھی فصل** میں ہے بیان حضرت
علی رضے اللہ تعالیٰ عنہ کا **پانچویں فصل** میں بیان حضرت طلحہ رضے اللہ تعالیٰ عنہ کا **چھٹی
فصل** میں بیان ہے حضرت زبیر رضے اللہ تعالیٰ عنہ کا **ساتویں فصل** میں بیان ہے حضرت
عبدالرحمن بن عوف رضے اللہ تعالیٰ عنہ کا **آٹھویں فصل** میں ہے بیان حضرت سعد بن ابی
وقاص رضے اللہ تعالیٰ عنہ کا **نویں فصل** میں ہے بیان حضرت سعید بن زید رضے اللہ تعالیٰ
عنہ کا **دسویں فصل** میں بیان ہے حضرت ابو عبیدۃ بن الجراح رضے اللہ تعالیٰ عنہ کا۔

چوتھا باب بیان میں ہے روایات صحیحہ کے جو کہ اس باب میں ہے بقیہ صحابہ
اور صحابیات ام المومنین وغیرہا رضے اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین سے مگر بنظر اختصار ذکر بعض
صحابہ اور بعض صحابیات رضے اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین پر اکتفا کرتا ہوں اور اس بیان میں
بتیس فصلیں ہیں - **پہلی فصل** میں بیان ہے حضرت عباس رضے اللہ تعالیٰ عنہ کا **دوسری
فصل** میں ہے بیان حضرت عبداللہ ابن عباس رضے اللہ تعالیٰ عنہ کا **تیسری فصل** میں
ہے بیان حضرت عبداللہ بن مسعود رضے اللہ تعالیٰ عنہما کا **چوتھی فصل** میں ہے بیان حضرت
عبداللہ ابن عمر رضے اللہ تعالیٰ عنہما کا **پانچویں فصل** میں بیان ہے حضرت عبداللہ بن
عمرو بن العاص رضے اللہ تعالیٰ عنہما کا **چھٹی فصل** میں ہے بیان حضرت حسان بن ثابت
رضے اللہ تعالیٰ عنہ کا. **ساتویں فصل** میں ہے بیان حضرت عثمان بن ابی العاص رضے
اللہ تعالیٰ عنہ کا **آٹھویں فصل** میں ہے بیان حضرت زیاد بن لبید رضے اللہ تعالیٰ عنہ کا

نویں فصل میں بیان ہے حضرت بریدۃ الاسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دسویں فصل میں ہے
بیان حضرت قیس بن مخرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا گیارہویں فصل میں ہے بیان حضرت
ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بارہویں فصل میں ہے بیان حضرت عرباض بن ساریہ رضی
اللہ تعالیٰ عنہما کا تیرہویں فصل میں ہے بیان حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا چودہویں
فصل میں ہے بیان حضرت ابوجہم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا پندرہویں فصل میں ہے بیان حضرت
سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا سولھویں فصل میں ہے بیان حضرت انس رضی اللہ
تعالیٰ عنہ کا سترہویں فصل میں ہے بیان حضرت زید بن اسلم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اٹھارہویں
فصل میں ہے بیان حضرت واثلہ بن الاسقع رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا انیسویں فصل میں ہے
بیان حضرت ابومریم غسانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیسویں فصل میں ہے بیان حضرت ابوصخر عقیلی
رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اکیسویں فصل میں ہے بیان حضرت شداد بن اوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا
بائیسویں فصل میں ہے بیان حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا تیئسویں
فصل میں ہے بیان حضرت ابوقتادہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا چوبیسویں فصل میں
ہے بیان حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا پچیسویں فصل میں ہے بیان حضرت
امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا چھبیسویں فصل میں ہے بیان حضرت خویصہ بن مسعود رضی
اللہ تعالیٰ عنہ کا ستائیسویں فصل میں ہے بیان حضرت ابوالطفیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا
اٹھائیسویں فصل میں ہے بیان حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا انتیسویں
فصل میں ہے بیان حضرت ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا تیسویں فصل میں ہے بیان
حضرت اسماء بنت ابی بکر الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا اکتیسویں فصل میں ہے بیان حضرت
فاطمہ بنت عبداللہ الثقفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بتیسویں فصل میں ہے بیان حضرت حلیمہ سعدیہ
رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا۔ **پانچواں باب** بیان میں ہے اُن روایات صحیحہ کے جو کہ
اس باب میں ہیں تابعین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین سے مگر بنظر اختصار ذکر بعض تابعین رضی

اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کے اوپر اکتفا کرتا ہوں اور اس باب میں اکیس فصلیں ہیں پہلی فصل
میں ہے بیان حضرت کعب الاحبار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دوسری فصل میں ہے بیان حضرت
سعید بن المسیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا تیسری فصل میں ہے بیان حضرت امام علی بن الحسین رضی
اللہ تعالیٰ عنہ کا چوتھی فصل میں ہے بیان حضرت امام ابو جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا
پانچویں فصل میں ہے بیان حضرت عروہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا چھٹی فصل میں ہے بیان حضرت
مجاہد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا۔ ساتویں فصل میں ہے بیان حضرت عکرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا
آٹھویں فصل میں ہے بیان حضرت خالد بن معدان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نویں فصل میں ہے
بیان حضرت ابن شہاب یعنی محمد بن مسلم بن عبید اللہ بن عبد اللہ بن شہاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا
دسویں فصل میں ہے بیان حضرت اسحٰق بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا گیارہویں فصل
میں ہے بیان حضرت عبد اللہ بن القبطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بارہویں فصل میں بیان ہے
حضرت یزید بن رومان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا تیرہویں فصل میں ہے بیان حضرت ابو العجفاءؒ
رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا چودہویں فصل میں ہے بیان حضرت حسان بن عطیہ رضی اللہ تعالیٰ
عنہ کا پندرہویں فصل میں ہے بیان حضرت ابراہیم النخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا سولہویں
فصل میں ہے بیان حضرت ابو یزید المدنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا سترہویں فصل میں ہے بیان
حضرت وہب بن منبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اٹھارہویں فصل میں ہے بیان حضرت عطاء بن
یسار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا انیسویں فصل میں ہے بیان حضرت داؤد بن ابی ہند رضی اللہ تعالیٰ
عنہ کا بیسویں فصل میں ہے بیان حضرت معروف بن خربوذ رضی اللہ عنہ کا اکیسویں
فصل میں ہے بیان حضرت حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا چھٹا باب بیان میں ہے روایات
صحیحہ کے جو کہ اس باب میں مروی ہیں تبع تابعین سے رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین مگر بنظر اختصار
ذکر بعض تبع تابعین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کے اوپر اکتفا کرتا ہوں اور اس باب میں
چار فصلیں ہیں پہلی فصل میں ہے بیان حضرت امام محمد بن ادریس الشافعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

دوسری فصل میں ہی بیان حضرت عمرو بن قتیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا تیسری فصل میں
ہی بیان حضرت موسیٰ بن عبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا چوتھی فصل میں بیان ہی حضرت وہب
بن زمعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا. ساتواں باب. بیان میں ہی حقیقت عمل مولد شریف
مروج کے اور اس باب میں بھی چار فصلیں ہیں پہلی فصل میں بیان ہی حقیقت عمل مولد شریف
اور حکم عمل مولد شریف مروج کا جو خالی ہو محرمات اور منکرات شرعیہ سے اور بلا تعین و تخصیص دن کے ہو دوسری
فصل میں ہی بیان حکم مولد شریف کا جو کہ ہر برس اُس دن میں ہو جو کہ موافق دن ولادت
باکرامت کے ہو اور خالی ہو بدعات اور منکرات شرعیہ سے تیسری فصل میں بیان ہی
اصول تعین اور اسمیں بیان ہی اُن اعتراضات کا جو کہ لوگوں نے اسپر کئے ہیں اور
بیان اُسکے جوابات صحیحہ کا چوتھی فصل میں بیان ہی حکم عمل مولود شریف کا جو کہ بتعیین و
تخصیص یا بلا تعیین و تخصیص ہو اور اُسمیں ادخال محرمات و منکرات شرعیہ ہو آٹھواں
باب بیان میں ہی قیام کے وقت ذکر ولادت باکرامت کے اور اس رسالہ کا نام الدر
المنتظم فی بیان حکم عمل مولد النبی الاعظم رکھا خدائے غفور الرحیم قبول فرماوے اور جو اسکو
پڑھے سنے دیکھے لکھے اور اسکو رواج دے اُسکو بخشدے اور جو اسکے لکھنے کے باعث ہوے
ہیں جزائے خیر اُنکو عطا فرماوے اور سبکو بلا حساب و عتاب و عذاب جنت الفردوس میں داخل
فرماوے اور مرافقت اپنے رسول حبیب کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی عنایت فرماوے۔ بمنہ وکرمہ

پہلا باب

بیان میں ہی اسکے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا حال ولادت باکرامت اپنے آپ بایں سبب اظہار
و برائی بیان کرنے منکرین کے یا بخواہش و درخواست کسی کے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین
میں سے بکرات و مرات بیان فرمایا ہی اور اس باب میں سات فصلیں ہیں۔
پہلی فصل میں بیان ہی اُن احادیث صحیحہ کا کہ جسمیں ذکر ہو کہ آپنے اپنی ولادت باسعادت کا

ذکر فرمایا ہی اور اسمیں مذمت وبرائی منکرین کا ذکر نہیں ہی اور کسی کی درخواست کا بھی کچھ
ذکر نہیں ہی۔ اخرج البخاری عن ابی ہریرۃ قال بعثت من خیر قرون بنی ادم
قرنا فقرنا حتی کنت من القرن الذی کنت فیہ ترجمہ امام بخاری نے تخریج کی ہی ابوہریرہ
رضی اللہ عنہ سے کہا ابوہریرہؓ نے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری پیدائش
آدم کے بہترین زمانوں میں ہوئی ہی اور ہر زمانہ کی فضیلت حضرت کے وجود سے لیکر وقتاً
فوقتاً علی سبیل الترقی چلی آئی ہی یہانتک کہ جس زمانہ میں میری پیدائش ہوئی وہ زمانہ
سب سے افضل تھا بلکہ حضرتؐ کے پیدائش کا وقت تمام ازل اور ابد کے اوقات میں
افضل ہی کیونکہ آپ محبوب کردگار باعث ایجاد کائنات رحمۃ للعالمین خاتم النبیین ہیں
چونکہ حکم الٰہی میں وہ وقت آنحضرتؐ مجموعہ فضائل کے ظہور دنیوی کا مقرر ہو چکا تھا
اس انتساب سے اُسکو فضیلت حاصل ہو گئی ورنہ اُسوقت میں باعتبار اُسکی ذات کے کچھ
فضیلت نہ تھی اور اسی لئے کہ کوئی شاید گمان کر جاوے کہ حضرتؐ کو اُس روز ظہور کے سبب
فضل حاصل ہوا آپکو کسی ایسے روز میں پیدا نفرمایا جو لوگوں کے نزدیک مکرم گنا جاتا ہو۔
واخرج مسلم عن واثلۃ بن الاسقع قال قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ان اللہ اصطفے
من ولد ابراہیم اسمعیل واصطفے من ولد اسمعیل بنی کنانۃ واصطفے من بنی کنانۃ قریشا
واصطفے من قریش بنی ہاشم واصطفانی من بنی ہاشم وکذا اخرجہ الترمذی وقال
ہذا حدیث حسن صحیح ترجمہ اور تخریج کی ہی امام مسلم نے واثلہ ابن الاسقع سے کہا واثلہ نے
فرمایا رسول اللہؐ نے کہ اللہ تعالیٰ نے ابراہیم کی اولاد میں سے اسمعیل کو برگزیدہ فرمایا اور اسمعیل
کی اولاد میں سے اولاد کنانہ کو اور اولاد کنانہ سے قریش کو اور قریش سے اولاد ہاشم کو
اور اولاد ہاشم سے مجھکو برگزیدہ فرمایا اور ایسے ہی امام ترمذی نے تخریج کی ہی اور اس حدیث کو
حسن صحیح کہا ہی۔ واخرج البیہقی والطبرانی وابو نعیم عن ابن عمر قال قال رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم ان اللہ خلق الخلق واختار بنی ادم واختار من بنی ادم العرب

واختار من العرب مضر واختار من المضر قریشا واختار من قریش بنی ہاشم واختارنی
من بنی ہاشم فانا من خیار الی خیار ترجمہ اور بیہقی اور طبرانی اور ابو نعیم نے عبد اللہ
بن عمر سے تخریج کی ہو کہ فرمایا رسول اللہ نے بیشک اللہ تعالیٰ نے تمام خلقت کو پیدا فرما کر
انھیں سے اولاد آدم کو پسند فرمایا اور اولاد آدم سے عرب کو اور عرب سے قبیلہ مضر کو اور
مضر سے قریش کو اور قریش سے اولاد ہاشم کو اور اولاد ہاشم سے مجھکو سو میں نسلا بعد
نسل تمام خلقت سے بہتر ہوں۔ **واخرج** ابن سعد عن ابن عباس قال قال رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم خیر العرب مضر وخیر مضر بنو عبد مناف وخیر بنی عبد مناف
بنو ہاشم وخیر بنی ہاشم بنو عبد المطلب واللہ ما افترق فرقتان منذ خلق اللہ آدم
الا کنت فی خیرہما ترجمہ تخریج کی ابن سعد نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کہ فرمایا رسول
خدا نے کہ بہترین عرب کا قبیلہ مضر ہو اور مضر سے قبیلہ عبد مناف کا اور عبد مناف سے
قبیلہ ہاشم کا اور قبیلہ ہاشم سے گھرانا عبد المطلب کا بہتر ہو اور جس جگہ اللہ تعالیٰ نے
نسب کی شاخیں جدی کیں مجھکو اول شاخ میں رکھا ہو۔ **واخرج** ابن عمر العدنی
فی مسندہ عن ابن عباس ان قریشا کانت نورا من بین یدی اللہ تعالیٰ قبل ان یخلق
آدم بالفی عام یسبح ذلک النور ویسبح الملائکۃ بتسبیحہ فلما خلق اللہ آدم القی ذلک النور
فی صلبہ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاہبطنی اللہ الی الارض فی صلب آدم وجعلنی
فی صلب نوح وقذفنی فی صلب ابرہیم لم یزل اللہ ینقلنی من الاصلاب الکریمۃ والارحام
الطاہرۃ حتی اخرجنی من بین ابوی لم یلتقیا علی سفاح قط ترجمہ اور تخریج کی ابن عمر عدنی
نے اپنی سند میں ابن عباس سے کہ قریش قبل از پیدائش آدم دو ہزار برس پیشتر اللہ تعالیٰ
کے سامنے ایک نور تھا اور اللہ جل شانہ کی تسبیح کیا کرتا تھا فرشتے بھی وہی تسبیح کرنے لگے
پھر اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم کو پیدا کرکے وہ نور انکی پشت میں رکھا زمین پر اتار کر درجہ
بدرجہ نوح کی پشت میں پہونچایا اسی طرح پشت در پشت نقل کرکے ابراہیم کی پشت میں رکھا

الحاصل اللہ تعالی مجھکو بزرگ پشتوں سے پاک رحموں میں مدام منتقل فرماتا رہا حتی کہ مجھکو میرے والدین سے
پیدا کیا اور اُنسے کبھی زنا و توع میں نہیں آیا۔ **وفی احکام ابن القطان** فیما ذکرہ ابن
مرزوق عن علی بن الحسین (ابن علی بن ابی طالب الملقب بزین العابدین التابعی) عن ابیہ
عن جدہ (علی کرم اللہ وجہہ) ان النبی صلے اللہ علیہ وسلم قال کنت نورا بین یدی ربی
(ای فی غایۃ القرب المعنوی منہ) قبل خلق ادم باربعۃ عشر الف عام (قال ابن القطان یجتمع
من ھذا امع ما فی حدیث علی ان النور النبوی جسم قبل خلقہ باثنی عشر الف عام وزید
فیہ سائر قریش وانطق بالتسبیح) **ترجمہ** اور کتاب احکام ابن القطان میں ہی کہ ابن مرزوق نے
ذکر کیا علی تابعی بن الحسین (بن علی بن ابی طالب کہ جنکا لقب زین العابدین ہی) فقط علی جو تابعی ہیں
روایت کرتے ہیں اپنے باپ حسین رضی اللہ عنہ سے اور وہ علی کے دادا سے) جو علی کرم اللہ وجہہ
ہیں یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں قبل از پیدائش آدم چودہ ہزار برس پیشتر
پروردگار کے سامنے نور تھا یعنی مجھکو ایک قسم کا قرب معنوی حاصل تھا ابن القطان نے کہا کہ جو یہ روایت
علی کرم اللہ وجہہ کی روایت سے ملائی جاوے تو یہ بات ثابت ہوتی ہی کہ نور محمدی قبل از پیدائش آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم بارہ برس پیشتر جسم تھا اور اُسی نور سے قریش پیدا ہوے اور وہی نور تسبیح کہتا تھا
واخرج ابن سعد وابن عساکر عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
خرجت من لدن ادم من نکاح غیر سفاح **ترجمہ** اور تخریج کی ہی ابن سعد نے اور ابن عساکر نے
ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ آدم کے پشت سے لیکر اپنے
باپ کی پشت سے نکلنے تک نکاح سے پیدا ہوا ہوں نہ زنا سے **واخرج** الطبرانی عن ابن عباس
قال قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ما ولدنی من سفاح الجاھلیۃ شئی وما ولدنی
الا نکاح الاسلام ای نکاح کنکاحہ فی کونہ بعقد صحیح یبیح الوطاء وان لم یجمع شرائط
الاسلام الآن اذ المقصود نفی الفجور فشمل الزواج وغیرہ ودخل فیہ ام اسمعیل فانہا
کانت ملکا لابراھیم باتفاق المورخین وھبتہا سارۃ اور طبرانی نے ابن عباس سے تخریج
کی ہی کہ میری پیدائش زنائی جاہلیت سے فقط نہیں ہی بلکہ میری پیدائش شرعی نکاح سے ہی یعنی ایسے نکاح
سے ہی جو عقد صحیح کے ساتھ کہ جس سے صحبت جائز ہو جائے اگرچہ اسمیں اسلامی نکاح کے شرائط

تمام وکمال کیساتھ نہ پائی جائیں اس لئے کہ غرض اس عبارت سے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقوع زنا سے نسب میں ابتری ہو سو یہ شامل ہو نکاح اور غیر نکاح کو سو اس معنی پر حضرت اسمعیل کی والدہ حلال ہونیکے حکم میں داخل ہو گئیں کیونکہ وہ حضرت ابراہیم کے ملک میں سارہ کے طرف سے باعتبار ہبہ کے آئی تھیں چنانچہ اسی پر مورخین کا اتفاق ہے۔ **واخرج** ابن سعد وابن عساکر عن عائشۃ قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خرجت من نکاح غیر سفاح **ترجمہ** تخریج کی ابن سعد اور ابن عساکر نے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ میں نکاح سے پیدا ہوا زنا سے میری پیدائش نہیں **واخرج** ابن سعد وابن ابی شیبۃ فی المصنف عن محمد بن علی بن الحسین ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال انما خرجت من نکاح ولم اخرج من سفاح من لدن آدم لم یصبنی من سفاح الجاھلیۃ شئ لم اخرج الا من طھرۃ **ترجمہ** تخریج کی ابن سعد اور ابن ابی شیبہ نے مصنف میں محمد بن علی بن حسین رضی اللہ تعالی عنہم سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا کہ پیدا ہوا ہوں میں نکاح سے نہ زنا سے آدم کے زمانہ سے لیکر مجھکو کسی زمانہ میں بدفعلی جاہلیت کی نہیں لگی میری پیدائش ازبس پاکیزہ ہے۔ **واخرج** العدنی فی مسندہ والطبرانی فی الاوسط وابو نعیم وابن عساکر عن علی ابن ابی طالب ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال خرجت من نکاح ولم اخرج من سفاح من لدن آدم الی ان ولدنی ابی وامی لم یصبنی من سفاح الجاھلیۃ شئ **ترجمہ** اور تخریج کی عدنی نے اپنی سند میں اور طبرانی نے اوسط میں اور ابو نعیم اور ابن عساکر نے علی ابن ابی طالب سے کہ تحقیق فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ میں نکاح سے پیدا ہوا ہوں نہ زنا سے حضرت آدمؑ کے وقت سے لیکر تا وقتیکہ میں اپنے ماں باپ سے پیدا ہوا نہیں پہونچا مجھکو زنا جاہلیت کا ذرا بھی۔ **واخرج** ابو نعیم عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لم یلتق ابوای قط علی سفاح لم یزل اللہ ینقلنی من الاصلاب الطیبۃ الی الارحام الطاھرۃ مصفی مھذبا لا یتشعب شعبتان الا کنت فی خیرھما **ترجمہ** تخریج کی ابو نعیم نے ابن عباس سے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ میرے ماں باپ سے کبھی زنا سرزد نہیں ہوا اللہ تعالی مجھکو ہمیشہ اصلاب بزرگ سے ارحام طاہرہ کیطرف نقل فرماتا رہا درانحالیکہ میں پاکیزہ اور صاف تھا اور نسب جسجگہ دو شاخہ ہوتا گیا اللہ تعالی نے مجھکو افضل شاخ میں رکھا وفی حدیث انس [illegible] ان اللہ

خلق الخلق بعث جبرئیل فقسم الناس قسمین فقسم العرب قسما وقسم العجم قسما وکان خیرة
اللہ من فی العرب ثم قسم العرب فقسم الیمن قسما وقسم مضر قسما وقریشا قسما وکانت خیرة اللہ
فی قریش ثم اخرجنی من خیر من انا منهم رواه الطبرانی وحسن العراقی اسناده ترجمہ
اور ابو ہریرہ سے مرفوعاً یہ حدیث ہے کہ جس وقت اللہ تعالیٰ نے خلقت کو پیدا فرمایا حضرت جبرئیل کو زمین میں
بھیجا انھوں نے آدمیوں کی دو ٹکڑیاں کیں ایک عرب دوسری عجم ان میں سے اللہ تعالیٰ نے عرب کو
پسند فرمایا پھر عرب کے تین حصے کئے ایک یمن دوسرا قبیلہ مضر اور تیسرا قریش انمیں بھی اللہ تعالیٰ نے
قریش کو پسند فرمایا پھر ان لوگوں کو جنمیں سے مجھکو پیدا فرمایا روایت کیا اسکو طبرانی نے اور عراقی نے
اسکی سند کو حسن کہا ہے - واخرج ابن عساکر عن ابی ہریرة قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم ما ولدنی بغی قط منذ خرجت من صلب ادم ولم تزل تنازعنی الامم کابرا عن کابر حتی
خرجت من افضل حیین من العرب هاشم وزهرة ترجمہ اور تخریج کی ابن عساکر نے ابو ہریرہ سے
فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ نہیں جنا مجھکو کبھی زانیہ نے جب سے نکلا میں آدم کی پشت سے
اور ہمیشہ پیدا ہوتا رہا میں بڑی سے بڑی قوم میں حتی کہ پیدا ہوا میں افضل دو قبیلوں عرب سے
کہ ہاشم اور زہرہ ہیں واخرج الطبرانی فی الاوسط عن عبد اللہ ابن عمر قال قال رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ تعالی اختار خلقه فاختار منهم بنی ادم ثم اختار من بنی آدم العرب ثم اختار
من العرب فلم ازل خیارا من خیار الا من احب العرب فبحبی احبهم ومن ابغض العرب
فببغضی ابغضهم ترجمہ تخریج کی طبرانی نے اوسط میں عبد اللہ بن عمر سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے کہ تحقیق اللہ تعالیٰ نے تمام مخلوقات میں سے بنی آدم کو پسند فرمایا پھر بنی آدم سے عرب کو
پھر عرب سے مجھکو برگزیدہ فرمایا بس ہمیشہ رہا میں افضلوں سے افضل آگاہ ہو جو عرب کو دوست
رکھتا ہے سو میری محبت سے دوست رکھتا ہے اور جو عرب سے دشمنی رکھتا ہے تو وہ بسبب میری دشمنی کے
عرب سے دشمنی رکھتا ہے - وفی الدلائل لابی نعیم عن عائشہ رضی اللہ تعالی عنها عنه صلی اللہ
علیہ وسلم عن جبرئیل قال قلبت مشارق الارض ومغاربها فلم ار رجلا افضل من محمد علیه
الصلوة والسلام ولم ار بنی اب افضل من بنی هاشم وکذا اخرجه الطبرانی فی الاوسط و
الامام احمد والبیهقی والدیلمی وابن لال وغیرهم قال الحافظ ابن الحجر العسقلانی لوائح الصبح

لائحۃ علی صفحات ھذا الملتن ترجمہ اور ابونعیم کے دلائل میں ہو کہ عائشہ رضے اللہ عنہا روایت
کرتی ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے اور آنحضرت جبرئیل سے روائت فرماتے ہیں کہ جبرئیل نے
کہا کہ میں تمام زمین کو شرقاً غرباً دیکھ پھرا محمد صلے اللہ علیہ وسلم سے افضل کوئی آدمی نہیں دیکھا
اور نہ کوئی قبیلہ بنی ہاشم سے افضل پایا۔ ایسے ہی تخریج کی ہو اوسط میں طبرانی نے اور امام احمد نے
اور بیہقی اور دیلمی اور ابن لال وغیرہم نے اور حافظ ابن حجر عسقلانی نے کہا کہ اس روایت کے
صحیح ہونے کی دلیلیں خود بخود اسکے متن کے صفحات پر روشن ہیں۔ واخرج البیہقی عن عمر بن
الخطاب رضی اللہ تعالی عنہ قال قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم لما اقترف (ای اتی وفعل)
آدم الخطیئۃ قال یارب اسئلك بحق محمد الا غفرت لی وفی نسخۃ لما بفتح اللام وشد المیم بمعنی
الا فقال اللہ تعالی یاادم وکیف عرفت محمدا ولم اخلقہ (ای جسدہ فلاینافی انہ خلق نورہ
صلے اللہ علیہ وسلم قبل جمیع الکائنات) قال یارب لانك لما خلقتنی بیدك (ای من غیر
واسطۃ کام واب) ونفخت فی من روحك رفعت راسی فرائت علی قوائم العرش مکتوبا
لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ فعلمت انك لاتضیف الی اسمك الا احب الخلق الیك
فقال اللہ تعالی صدقت یاادم انہ لاحب الخلق الیّ واذ سالتنی (تعلیلیۃ ای وفی بسؤالك
ایای) بحقہ قد غفرت لك ولولا محمد ماخلقتك رواہ الحاکم وصححہ وذکرہ الطبرانی
وزادفی اخرہ وھو اخر الانبیاء من ذریتك ترجمہ اور تخریج کی ہو بیہقی نے عمر بن الخطاب نے
کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جبکہ آدم علیہ السلام سے خطا سرزد ہوئی کہا اے پروردگار
سوال کرتا ہوں میں تجھسے کہ بحق محمد صلے اللہ علیہ وسلم میرا گناہ بخشدے فرمایا اللہ تعالی نے اے
آدم کیونکر جانا تونے محمد کو حالانکہ اُسکو میں نے ابھی پیدا نہیں کیا (یعنی اُسکے بدن کو پس یہ روایت
اُس روایت کے منافی نہیں کہ آپکے نور کو تمام کائنات سے پیشتر پیدا فرمایا تھا) کہا آدم نے جبکہ
تونے مجھکو پیدا کیا تھا اپنے ہاتھ سے (یعنی بلا واسطہ ماں باپکے) اور مجھ میں اپنی روح پھونکی تھی
تو اُسوقت جو میں نے سر کو اوپر اُٹھایا تو میں نے دیکھا عرش کے پایہ پر لکھا ہوا لا الہ الا اللہ محمد
رسول اللہ سو جان گیا میں کہ یہ شخص تجھکو سب سے پیارا ہو کیونکہ اسکا نام اپنے نام کے ساتھ تونے
ملایا ہو اللہ تعالی نے فرمایا کہ اے آدم تونے ٹھیک سوچا اور چونکہ تونے مغفرت کے لئے محمد کا

واسطہ دیا منے تجھکو بخشدیا اور محمد ہی کے باعث تیرا وجود ہوا ہی روایت کیا ہی اسکو حاکم نے اور تصحیح بھی کیا ہی اور طبرانی نے بھی اسکو ذکر کیا ہی مگر اُنسے یہ عبارت زیادہ بیان کی ہی کہ محمد تیری اولاد میں خاتم الانبیا ہی۔ واخرج ابن مردویہ عن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال قرأ النبی صلی اللہ علیہ وسلم لقد جاءکم رسول من انفسکم بفتح الفاء وقال انا انفسکم نسبا وصهرا (ای جہت الاباء و الامہات) وحسبا (ای شرفا) لیس فی ابائی من لدن ادم سفاح کلنا (ای انا وابائی) نکاح (ای ذو نکاح) ترجمہ اور تخریج کی ہی ابن مردویہ نے انس رضی اللہ عنہ سے کہا کہ آیہ لقد جاءکم رسول من انفسکم میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من انفسکم کی فا کے زبر سے پڑھا اور فرمایا کہ میں سبے زیادہ تم میں سے نفیس ہوں نسب اور دامادی میں یعنی ماں باپ کیطرف سے اور بڑھکر ہوں حسب میں یعنی شرف میں کیونکہ نہیں ہوا ہی حضرت آدم سے لیکر میرے آبا واجداد سے زنا۔ ہم سب یعنی تمام آبا میرے نکاح کی پیدائش ہیں واخرج ابن سعد عن قتادة مرسلا قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کنت اول الناس فی الخلق واخرہم فی البعث ترجمہ اور تخریج کی ابن سعد نے قتادہ سے مرسل کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ میں پیدائش میں سبے سابق ہوں اور مبعوث ہونے میں سبے پیچھے واخرج ابن لال عن قتادة عن الحسن عن ابی ہریرة رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کنت اول النبیین فی الخلق واخرہم فی البعث ترجمہ اور تخریج کی ابن لال نے قتادہ سے اُسنے حسن سے اُسنے ابوہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ میں پیدائش میں سب انبیاؤں سے اول ہوں اور منادی احکام کرنے میں سبے پیچھے واخرج احمد والبزار والطبرانی والحاکم والبیہقی وابو نعیم عن العرباض بن ساریة ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال انی عبد اللہ وخاتم النبیین وان ادم لمنجدل فی طینتہ وساخبرکم عن ذلک انی دعوة ابی ابراہیم وبشارة عیسی ورؤیا امی التی رأت وکذلک امہات النبیین یرین وان ام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رأت حین وضعتہ نورا اضاءت لہ قصور الشام ترجمہ اور تخریج کی احمد اور بزار اور طبرانی نے اور حاکم اور بیہقی اور نعیم نے عرباض بن ساریہ سے کہ تحقیق فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ میں عبد اللہ اور خاتم الانبیا ہوں اُسوقت سے کہ آدم ہنوز مٹی میں ملے ہوے تھے اور دیکھو میں تمکو خبر دیتا ہوں کہ میں دعا ہوں ابراہیم کی اور عیسی کی خوشخبری ہوں اور اپنے ماں کا خواب ہوں

اسیطرح اور انبیاء کی مائیں خواب دیکھا کیں اور میری ماں نے دیکھا کہ مجھ سے ایک نور نکلا کہ جس سے ملک شام کے محل نظر آنے لگے۔ واخرج ابن سعد من طریق ثور بن یزید عن ابی العجفاء عن النبی صلے اللہ علیہ وسلم قال رأت امی حین وضعتنی سطع منہا نور اضاءت لہ قصور بصری اور تخریج کی ہو ابن سعد نے ثور بن یزید کے طریق سے اور انھوں نے ابو العجفاء سے اور انھوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ میری والدہ ماجدہ بوقت ولادت کیا دیکھتی ہیں کہ اُنسے ایک نور ایسا چمکا جس سے بصرے کے محل روشن ہوگئے۔ واخرج الطبرانی فی الاوسط وابو نعیم والخطیب وابن عساکر من طرق عن انس رضی اللہ تعالی عنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من کرامتی علی ربی انی ولدت مختونا ولم یر احد سوأتی وصححہ الضیاء فی المختارۃ ترجمہ اور تخریج کی طبرانی نے اوسط میں اور ابو نعیم اور خطیب اور ابن عساکر نے طرق متعددہ کے ساتھ انس رضے اللہ عنہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ تعالی کے نزدیک میں ایسا مکرم ہوں کہ مجھکو ختنہ کیا ہوا پیدا فرمایا اور میری شرمگاہ کسی نے نہیں دیکھی تصحیح کی ہو اسکی ضیاء نے مختارہ میں۔ واخرج الطبرانی عن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ صلے اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم انا اعرب العرب ولدت فی قریش ونشأت فی بنی سعد فانی یاتینی اللحن ترجمہ اور طبرانی نے تخریج کی ابو سعید خدری سے کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ میں افصح العرب ہوں کیونکہ قریش میں پیدا ہوا اور بنی سعد میں پرورش پائی پھر غلط کلامی مجھسے کہاں ہوسکے۔ وفی المواھب اللدنیہ عن ابی قتادۃ الانصاری الخزرجی انہ صلی اللہ علیہ وسلم سئل عن صیام یوم الاثنین قال ذاک یوم ولدت فیہ وانزلت علی فیہ النبوۃ ای انہ اول یوم اوحی الیہ فیہ رواہ مسلم ولفظہ سئل عن صوم یوم الاثنین قال ذاک یوم ولدت فیہ ویوم بعثت فیہ او انزل علی فیہ فالمصنف نقلہ بمعناہ انتہت مع شرحہا للعلامۃ الزرقانی باختصار ترجمہ اور مواہب لدنیہ میں ابو قتادہ انصاری خزرجی سے مروی ہو کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے کسی نے دوشنبہ کے روزہ رکھنے کو دریافت کیا آپنے فرمایا کہ وہ دن اسی قابل ہو کیونکہ اُسی روز میں پیدا ہوا ہوں اور اُسی روز اول مجھپر نزول وحی ہوا یہ روایت مسلم میں ہو اور مسلم کے الفاظ یہ ہیں کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم

سے کسی نے سوال دوشنبہ کے روزہ رکھنے کا کیا آپنے فرمایا کہ وہ ایسا روز ہی کہ اُسی روز میں پیدا
ہوا ہوں اور اُسی روز مبعوث ہوا ہوں اور اُسی روز مجھپر وحی نازل ہوئی ہی سو مصنف نے
اُسکو بالمعنی نقل کر دیا یہاں خاتمہ ہوا مواہب لدنیہ کا مع اُسکے شرح کے جو زرقانی کی ہی اور
یہ اُسمیں اختصار کر کے لکھا گیا۔ الحمختصر اسیطرح بہت سے احادیث صحیحہ ہیں اس باب میں یہاں تو
بطور نمونہ کچھ ذکر اُنکا کر دیا ہی کتب معتبرہ سے واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم وعلمہ اتم۔

دوسری فصل میں بیان ہی اُن روایات صحیحہ کا کہ جسمیں ذکر ہی کہ آنحضرت
صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منبر پر کھڑے ہو کر اپنا نسب شریف اور پیدائش مبارک کا حال بیان
فرمایا ہی بسبب مذمت وبرائی بیان کرنے منکرین کے اور بغیر اس سبب کے اخرج الترمذی عن
المطلب بن ابی وداعۃ قال جاء العباس الی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم وکانہ
سمع شیئاً فقام النبی صلے اللہ علیہ وسلم علی المنبر فقال من انا فقالوا انت رسول اللہ
علیک السلام قال انا محمد بن عبد اللہ بن عبد المطلب ان اللہ خلق الخلق فجعلنی فی
خیرھم ثم جعلھم فرقتین فجعلنی فی خیرھم فرقۃ ثم جعلھم قبائل فجعلنی فی خیرھم قبیلۃ ثم
جعلھم بیوتا فجعلنی فی خیرھم بیتا وخیرھم نفساً قال ھذا حدیث حسن ترجمہ تخریج کی ہی
ترمذی نے مطلب ابن ابی وداعہ سے کہ حضرت عباس کچھ مذمت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی
کفار سے سُنکر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئے سو حضرت ممبر پر چڑھے اور فرمایا کہ میں کون
ہوں لوگوں نے عرض کیا کہ آپ رسول اللہ علیک السلام ہیں آپنے فرمایا کہ میں محمد بن عبد اللہ
بن عبد المطلب ہوں تحقیق اللہ تعالیٰ نے خلقت کو پیدا فرمایا اور بہترین خلق سے مجھکو بنایا پھر
دو گروہ کئے سو مجھکو بہترین گروہ میں رکھا پھر قبائل بنائے اور مجھکو افضل قبیلہ میں پیدا فرمایا
پھر گھرانے جُدے کئے سو مجھکو اللہ تعالیٰ نے باعتبار گھرانے کے افضل کیا ہی اور ذاتی شرافت
بھی عطا فرمائی ہی۔ کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن ہی واخرج ایضا عن العباس بن عبد المطلب
قال قلت یا رسول اللہ ان قریشا جلسوا فتذکروا احسابھم بینھم فجعلوا مثلک مثل نخلۃ
فی کبوۃ من الارض (وھی الکناسۃ والتراب الذی یکنس من البیت) فقال النبی صلی اللہ
تعالیٰ علیہ وسلم ان اللہ خلق الخلق فجعلنی من خیر فرقھم وخیر الفریقین ثم خیر القبائل فجعلنی

من خیر القبیلة ثم خیر البیوت فجعلنی من خیر بیوتہم فانا خیرہم نفسا وخیرہم بیتا وقال ھذا
حدیث حسن ترجمہ اور تخریج کی ترمذی ہی نے عباس بن عبد المطلب سے کہا عباس نے کہا میں نے
یا رسول اللہ قریش بیٹھے ہوئے آپس میں اپنے حسب ونسب کا ذکر کر رہے تھے سو آپ کی ایسی مثال
انھوں نے بیان کی کہ جیسے ایک درخت کھجور کا گھر کے کوڑے جمع کئے ہوئے میں نکل اوے پس
فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ تعالیٰ نے تمام مخلوقات کو پیدا فرما کر گروہ میں چھانٹیں
مجھکو اعلے گروہ میں رکھا پھر کنبے چھانٹے اور مجھکو افضل کنبے میں رکھا پھر گھرانے چھانٹے اور مجھکو
برگزیدہ گھرانے میں پیدا کیا سو میں بہتر ہوں سب سے باعتبار اپنی ذات کے بھی اور گھرانے کے بھی
کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن ہے۔ واخرج البیھقی فی الدلائل عن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ
قال خطب النبی صلے اللہ علیہ وسلم وقال انا محمد بن عبد اللہ بن عبد المطلب بن ھاشم بن عبد
مناف بن قصی بن کلاب بن مرة بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک بن النضر بن
کنانة بن خزاعة بن مدرکة بن الیاس بن مضر بن نزار وما افترق الناس فرقتین
الا جعلنی اللہ فی خیرھما فاخرجت من بین ابوی فلم یصبنی شئ من عھد الجاھلیة
وخرجت من نکاح ولم اخرج من سفاح من لدن آدم حتی انتھیت الی ابی وامی فانا خیرکم
نفسا وخیرکم ابا واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم وعلمہ اتم ترجمہ اور تخریج کی دلائل میں بیہقی نے انس
رضی اللہ عنہ سے کہا خطبہ پڑھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اور فرمایا کہ میں محمد بن عبد اللہ بن
عبد المطلب بن ہاشم بن عبد مناف بن قصی بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر بن
مالک بن نضر بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار ہوں اور جسجگہ آدمی فرقے ہوئے ہیں
اللہ تعالیٰ نے مجھکو افضل فرقہ میں رکھا سو پیدا ہوا میں ماں باپ اپنے سے اور مجھکو جاہلیت کی بے احتیاطی
نے ذرا بھی نہ چھوا اور زمانہ آدم سے میرے ماں باپ تک میری پیدائش نکاح سے ہے نہ زنا سے
سو میں بہتر ہوں اپنی ذات سے بھی اور باعتبار نسب کے بھی اللہ پاک برتر زیادہ جاننے والا ہے اور اُسکا
علم کامل تر ہے **تیسری فصل** میں ہے بیان اُن احادیث شریفہ کا کہ جسمیں ذکر ہے کہ کسی کی درخواست
کرنے سے آپنے اپنی ولادت باسعادت کا ذکر فرمایا ہے۔ روی عبد الرزاق بسندہ عن جابر
بن عبد اللہ الانصاری (الصحابی ابن الصحابی) قال قلت یا رسول اللہ بابی انت وامی اخبرنی

وامی اخبرنی عن اول شئ خلق اللہ تعالی قبل الاشیاء فقال یا جابر ان اللہ تعالی قد
خلق قبل الاشیاء نور نبیک من نورہ (اضافت تشریف واشعار بانہ خلق عجیب
وان لہ شانا لہ مناسبتہ ما الی الحضرۃ الربوبیۃ علی حد قولہ تعالی ونفخ فیہ من روحہ
وھی بیانیۃ ای من نور ھو ذاتہ لا بمعنی انھا مادۃ خلق نورہ منھا بل بمعنی تعلق الارادۃ
بہ بلا واسطہ شئ فی وجودہ اھ شرح المواھب اللدنیہ للعلامۃ الزرقانی ؒ) فجعل ذلک
النور یدور بالقدرۃ حیث شاء اللہ ولم یکن فی ذلک الوقت لوح ولا قلم ولا جنۃ ولا نار ولا ملک
ولا سماء ولا ارض ولا شمس ولا قمر ولا جنی ولا انسی فلما اراد اللہ ان یخلق الخلق قسم
ذلک النور اربعۃ اجزاء (ای زاد فیہ لا انہ قسم ذلک النور الذی ھو نور المصطفی
صلی اللہ علیہ والہ وسلم اوالظاھر انہ حیث صورہ بصورۃ مماثلۃ لصورۃ التی سیصیر
علیھا لا یقسم الیہ ولا الی غیرہ آہ شرح المواھب اللدنیہ للعلامۃ الزرقانی ؒ) فخلق من
جزء الاول القلم ومن الثانی اللوح ومن الثالث العرش ثم قسم الجزء الرابع اربعۃ
اجزاء فخلق من الاول حملۃ العرش ومن الثانی الکرسی ومن الثالث بقیۃ الملائکۃ ثم قسم
الرابع اربعۃ اجزاء فخلق من الاول السموات ومن الثانی الارضین ومن الثالث الجنۃ
والنار ثم قسم الرابع اربعۃ اجزاء فخلق من الاول نور الابصار المومنین (بمعنی بصائر
او الاعم منھا ومن الحسیۃ ولم یعتبر الابصار الکفار لانھم لما فقدوا نفعھا کانت
مفقودۃ علیھم (منتفیۃ لھم) اہ شرح المواھب للعلامۃ الزرقانی ؒ) ومن الثانی نور قلوبھم
وھی المعرفۃ باللہ ومن الثالث نور السنتھم وھو التوحید لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ
الحدیث قال العلامۃ القاری علیہ رحمۃ اللہ الباری فی رسالۃ المورد الروی فی
مولد النبوی بعد نقل ھذا الحدیث الشریف قلت ویشیر الی ھذا المعنی قولہ تعالی اللہ نور
السموات والارض مثل نورہ ای نور محمد صلی اللہ تعالی علیہ والہ وسلم کمشکوۃ فیھا
مصباح الایۃ اھ ترجمہ روایت کیا عبد الرزاق نے اپنی سند کے ساتھ جابر بن عبد اللہ انصاری سے
جو خود صحابی ہیں اور صحابی کے بیٹے کہا جابر ؓ نے عرض کیا میں نے یا رسول اللہ ؐ اپنے ماں باپ کو
آپ کے اوپر نثار کر دوں یہ تو فرمایئے کہ سب سے پہلے کیا چیز پیدا ہوئی فرمایا کہ اے جابر سب سے اول

اللہ تعالیٰ نے تیرے نبیؐ کے نور کو پیدا فرمایا اپنے نور سے) اور یہ اضافت نور کی ذات خداوندی کیطرف
اضافت تشریفی ہی کہ جس سے آنحضرتؐ کی بزرگی ثابت ہوتی ہی کہ حضرتؐ کو درگاہ خداوندی میں
کسی قسم کی مناسبت ہی اور آپکی پیدائش ایک عجیب چیز ہی جیسے کہ آیۃ ونفخ فیہ من روحہ میں
اضافہ تشریفی ہی خلاصہ یہ کہ مقصود اس اضافت سے بیان کرنا اس امر کا ہی کہ حضرتؐ کو نور سے
پیدا فرمایا ہی اور یہ مراد نہیں کہ ارادہ الٰہی کا تعلق آپکے وجود سے بلا واسطہ ہوا یہ کلام علامہ زرقانی
شارح مواہب اللدنیہ کا ہی) سو یہ نور قدرت الٰہی سے پھرتا رہا مشیت ایزدی کے موافق اور
اُسوقت لوح وقلم جنت و دوزخ فرشتہ زمین وآسمان سورج چاند جن وانس کچھ نہ تھا جبکہ اللہ
تعالیٰ نے مخلوقات پیدا کرنے کا ارادہ فرمایا اُس نور کو چار حصہ کیا ایک جزو سے قلم دوسرے سے
لوح تیسرے سے عرش بنایا پھر چوتھے جزو کے چار حصے کرکے ایک جزو سے حاملان عرش دوسرے سے
کرسی تیسرے جزو سے باقی فرشتے بنائے پھر چوتھے جزو کے چار حصے کئے اول جزو سے آسمانوں کو
دوسرے جزو سے زمینوں کو اور تیسرے جزو سے جنت اور دوزخ کو پیدا کیا۔ پھر چوتھے
جزو کے چار حصے کرکے اول حصہ سے مومنوں کے آنکھوں کی بینائی بنائی اور دوسرے سے
اُنکے دلوں میں نور معرفت الٰہی کا بخشا۔ اور تیسرے حصے سے اُنکی زبانوں کو نور عطا فرمایا کہ کلمہ
توحید ہی آخر حدیث تک اور علامہ قاری رحمۃ اللہ علیہ نے بعد نقل کرنے اس حدیث کے یہ کہا کہ آیہ
اللہ نور السموات والارض کے مثل نورہ میں ضمیر نورہ کی آنحضرتؐ کیطرف اشارہ پایا جاتا ہی۔
وعن میسرۃ الضبی قال قلت یارسول اللہ متی کنت نبیا قال وادم بین الروح والجسد
هذا اللفظ روایۃ الامام احمد ورواہ البخاری فی تاریخہ الکبیر وابو نعیم وصححہ الحاکم
وفی الاصابۃ سندہ قوی وقال العلامۃ الحافظ ابن رجب الحنبلی فی اللطائف وبعضہم یرویہ
ای حدیث میسرۃ متی کتبت نبیا ای متی کتبت نبوتک ای ثبتت وحصلت من الکتابۃ لامن
الکون انتہی قلت وکذا رویناہ فی جزء من حدیث ابی عمرو واسمعیل بن نجید ولفظہ یعنی
باسنادہ الی میسرۃ متی کتبت نبیا قال کتبت نبیا وادم بین الروح والجسد ترجمہ اور روایت ہی
میسرہ ضبی سے کہ میں نے دریافت کیا یارسول اللہ آپ کب نبی ہوئے فرمایا جبکہ آدم درمیان
روح اور جسد کے تھے یعنی آدم کی روح کو جسد سے علاقہ نہ تھا اور یہ الفاظ احمد کی روایت کے ہیں

اور بخاری نے اپنے تاریخ کبیر میں اسکی روایت کی اور ابو نعیم بھی اسکو اپنی تاریخ میں لائے اور
حاکم نے اسکی تصحیح کی اور اصابہ میں یہ کہا کہ اسکی سند قوی ہے۔ اور علامہ حافظ ابن رجب حنبلی نے
لطائف میں کہا کہ بعضوں نے میسرہ کی حدیث میں لفظ کنت کی جگہہ کتبت نبیا کا روایت کیا ہے
یعنی کب حاصل اور ثابت ہوئی نبوت اور یہ کتبت کتابت سے ہے کون سے نہیں انتہی میں کہتا ہوں
ایسے ہی ہمکو ابو عمرو اسمعیل میں بجید کی حدیث کے ٹکڑہ میں روایت ملی ہے اور اسکی سند میسرہ تک ہے
کہ کب لکھے گئے آپ نبی؟ فرمایا کہ لکھا گیا میں نبی اس حال میں کہ آدمؑ روح اور جسد میں تھے
وعن ابی ھریرۃ انھم قالوا یا رسول اللہ متی وجبت لک النبوۃ۔ ای حصلت وثبتت
قال وادم بین الروح والجسد رواہ الترمذی وقال حدیث حسن ترجمہ اور ابو ہریرہؓ سے
روایت ہے کہ آپکو نبوت کب واجب ہوئی یعنی کب نبوت حاصل ہوئی فرمایا کہ جب آدم درمیان
روح اور جسد کے تھے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن ہے وعن الشعبی عامر
بن شراحیل الکوفی ابی عمر التابعی قال رجل لعلہ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ یا رسول اللہ متی
استنبئت قال وادم بین الروح والجسد حین اخذ منی المیثاق وعند ابی نعیم عن الشعبی
عن عمر بن الخطاب انہ قال یا رسول اللہ متی جعلت نبیا قال وادم بین الروح والجسد رواہ
ابو عبد اللہ محمد بن سعد من روایۃ جابر الجعفی ضعیف شیعی ترکہ الحفاظ ووثقہ شعبۃ فشذ
قال ابو داود ولیس لہ فی کتابی سوی حدیث السھو فیما ذکرہ ابن رجب فھذا ای مرسل الشعبی
علی ضعف المعتضد بحدیث عمر السابق یدل علی انہ من حین صور آدم طینا استخرج منہ صلی اللہ
علیہ وسلم نبی واخذ منہ المیثاق ثم اعید الی ظھر ادم حتی یخرج وقت خروجہ الذی قدر اللہ
خروجہ فیہ فھو اولھم خلقا اھ المواھب اللدنیہ بالتقاط واختصار مع شرحھا للعلامۃ تلمیذ زرقانی
ترجمہ اور روایت ہے شعبی سے جو عامر بن شراحیل کوفی تابعی ہے کہ جنکی کنیت ابو عمر ہے کہا کہ حضرت کے
خدمت میں ایک شخص آیا (شاید کہ عمرؓ تھے) اور آکر پوچھا کہ یا رسول اللہ آپ کب نبی ہوے آپنے
فرمایا کہ جب آدمؑ درمیان روح اور جسد کے تھے اور اسی وقت مجھسے میثاق لیا گیا اور ابو نعیم
جو شعبی سے روایت رکھتا ہے اسمیں یہ ہے کہ حضرت عمرؓ نے آکر عرض کیا کہ یا رسول اللہ آپ
کب نبی کئے گئے کہا کہ جبکہ آدم روح اور جسد کے اندر ہی تھے روایت کیا ہے اسکو ابو عبد اللہ

محمد بن سعد نے بروائت جابر جعفی کے اور ضعیف اور شیعی ہے اور حفاظ نے اُسکو ترک کر رکھا ہے
لیکن شعبہ نے اُسکی توثیق کی ہے سو شاذ کے درجہ میں ہو گیا۔ اور ابو داؤد نے کہا کہ میری کتاب میں
سوائے حدیث سہو کے اور کوئی جابر جعفی سے نہیں۔ چنانچہ ابن رجب نے اس روایت کو ذکر کیا ہے
سو یہ یعنی حدیث مرسل شعبی کی باوجود ضعف کے حدیث عمرؓ سے قوت پاکر اس امر پر دلالت کرتی ہے
کہ جب آدمؑ کا پتلا بنایا حضرت رسول اللہ کو اُس پتلے سے نکالکر نبی بنایا اور میثاق لیا گیا پھر
آدمؑ کی پشت ہی میں لوٹائے گئے پھر اپنے وقت پر پیدا ہوئے کہ جو اللہ تعالیٰ نے وقت معین
فرما رکھا تھا۔ سو حضرتؐ اس معنی کر پیدائش میں بھی سب سے اوّل ہیں یہ مضمون مواہب لدنیہ اور
اُسکی شرح سے مختصر طور پر خلاصہ کرکے لکھا گیا۔ وایضا فیہا وعن شداد بن اوس الصحابی ابن
الصحابی ابن اخی حسان بن ثابت ان رجلا من بنی عامر سال رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم فقال لہ ما حقیقت امرک فقال بدو شانی ظہور امری انی دعوۃ ابراہیم وبشری
اخی عیسی وانی کنت بکر ابی وامی ای اول اولادہما وانہا حملت بی کاثقل ما تحمل النساء
وجعلت تشکو الی صواحبہا ثقل ما تجد من ذلک الحمل ثم ان امی رأت فی منامہا ان
الذی فی بطنہا نور الحدیث ففیہ تصریح ان امہ علیہ الصلوۃ والسلام وجدت الثقل
فی حملہ وفی سائر الاحادیث انہا لم تجد ثقلا فحصل التعارض وجمع ابو نعیم الحافظ بینہما
بان الثقل بہ کان فی ابتداء علوقہا بہ والخفۃ عند استمرار الحمل فیکون علی الحالین خارجا
عن المعتاد المعروف عند النساء اھ ترجمہ اور یہ روائت بھی اُسمیں ہے کہ شداد بن اوس جو صحابی
بیٹا صحابی کا ہے اور بھتیجا حسان بن ثابت شاعر کا روایت کرتا ہے کہ بنی عامر کے قبیلہ سے ایک شخص نے
آنحضرتؐ سے دریافت کیا کہ یا حضرت آپکی اصلیت کیا ہے حضرتؐ نے فرمایا کہ اوّل کیفیت میری یہ ہے
کہ میں ابراہیم کی دعا ہوں اور بشارت ہوں بھائی عیسیٰ کی اور میں اپنے ماں باپ کا اکلوتا بیٹا
ہوں اور حمل میں ایسا بوجھل تھا کہ میری والدہ اپنی سہیلیوں سے اسکی شکایت کیا کرتی تھیں پھر
میری والدہ نے یہ خواب دیکھا کہ میرے پیٹ میں ایک نور ہے آخر حدیث تک سو اسمیں اس امر کی تصریح ہے
کہ حضرتؐ کی والدہ کو حمل کا بوجھ معلوم ہوتا تھا اور باقی تمام احادیث میں یہ مذکور ہے کہ حضرتؐ کی
والدہ شریفہ کو حمل مطلق معلوم نہوتا تھا یہ کھلم کھلا روایات میں تعارض ہوا اس روایت کو حافظ ابو نعیم نے

اسطرح جمع کیاہی کہ جب آپ حمل میں آئے تو اُسوقت آپکی والدہ شریفہ کو بہت گرانی معلوم ہوتی تھی
حالانکہ اور مستورات کو ابتدائے حمل کی خبر تک نہیں ہوتی اور جسقدر ایام بڑہتے جاتے ہیں تو عورتونکو
اُسی قدر گرانی کی شکایت ہوتی جاتی ہی سو بعد قرار حمل جسوقت کہ اور مستورات کو حمل کا بوجھ معلوم
ہوتاہی اور قریب وضع نشست و برخاست دشوار ہو جاتی ہی آپکی والدہ شریفہ کو خبر بھی نہ تھی خلاصہ
یہ کہ آپکے دونوں حال یعنی ابتدائے حمل اور انتہائی حمل قابل تعجب ہے۔ واخرج ابن سعد واحمد و
الطبرانی والبیھقی وابونعیم عن ابی امامۃ قال قیل یا رسول اللہ ما کان بدء امرک قال انی
دعوۃ ابی ابراھیم وبشری عیسی ورات امی کانہ خرج منھا نور اضاءت بہ قصور الشام
ترجمہ اور تخریج کی ابن سعد اور احمد اور طبرانی اور بیہقی اور ابونعیم نے ابوامامہ سے کہا کہ کسی نے
آنحضرتؐ سے دریافت کیا کہ یا رسول اللہ آپ کی ابتدا کیفیت کسطرح ہی آپنے فرمایا کہ میں اپنے
باپ ابراہیم کی دعا ہوں اور عیسی کی بشارت اور میری والدہ نے یہ خواب دیکھا تھا کہ گویا
انمیں سے ایک ایسا نور نکلا جس سے ملک شام کے محل روشن ہو گئے۔ واخرج الحاکم وصححہ
البیھقی عن خالد بن معدان عن اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہم قالوا
یا رسول اللہ اخبرنا عن نفسک فقال دعوۃ ابی ابراھیم وبشری اخی عیسی ورات
امی حین حملت بی کانہ خرج منھا نور اضاءت لہ قصور بصری من ارض الشام واللہ
سبحانہ وتعالی اعلم وعلمہ اتم ترجمہ اور حاکم نے تخریج کی ہی کہ جسکی بیہقی نے تصحیح کی روایت
ہی خالد بن معدان سے اور وہ روایت کرتے ہیں آنحضرتؐ کے صحابہؓ کہ انھوں نے عرض کیا
کہ یا رسول اللہ آپ ہمکو اپنی کیفیت ذاتی سے خبردار فرمائیے آپنے فرمایا کہ میں اپنے باپ ابراہیم
کی دعا ہوں اور بھائی عیسی کی بشارت ہوں اور میری والدہ نے وقت ولادت دیکھا کہ
اُنسے ایک نور نکلا کہ جس سے ملک شام میں بصرے کے محل روشن ہو گئے اللہ پاک اور برتر ہی
زیادہ جاننے والا ہی اور اُسی کا علم پیدا پورا ہی۔ **فصل چوتھی** اس بیان میں ہی کہ آپنے اپنے
حال پیدائش مبارک کے ساتھ حال پیدائش انبیا علیہ الصلوۃ والسلام کا بھی بیان فرمایا ہی
واخرج احمد والبزار والطبرانی والحاکم والبیھقی وابونعیم عن العرباض ابن ساریۃ
ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال انی عبد اللہ خاتم النبیین وان ادم لمنجدل فی طینتہ

فی طینتہ (ای مطروح علی الارض فی طینتہ) وساخبرکم عن ذلک انی دعوۃ ابراھیم وبشارۃ عیسی ورویا امی التی رأت کذلک امہات النبیین یرین وان ام رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم رأت حین وضعتہ نورا اضاءت لہ قصور الشام وقال الحافظ ابن حجر صححہ ابن حبان وفی حدیث ابی امامۃ عند احمد واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم ترجمہ اور تخریج کی احمد اور بزار اور طبرانی اور حاکم اور ابو نعیم نے عرباض بن ساریہ سے کہ رسول اللہؐ نے کہا کہ میں بندہ اللہ کا ہوں اور مجھپر سلسلہ نبوت کا ختم ہو چکا تھا حالانکہ آدم ہنوز مٹی ہی میں ملے ہوے تھے یعنی زمین پر اُنکا پتلا بنا ہوا پڑا تھا اور دیکھو اب میں تمکو یہ بتلاتا ہوں کہ میں ابراہیمؑ کی دعا اور عیسیٰؑ کی بشارت ہوں اور اپنی والدہ کا خواب ہوں کہ جو اُنھوں نے دیکھا اور اسیطرح تمام انبیاء کی مائیں خواب دیکھتی چلی آئیں اور آنحضرتؐ کی والدہ شریفہ نے وقت ولادت ایک ایسا نور دیکھا تھا جس سے ملک شام کے محل روشن ہو گئے اور حافظ ابن حجر نے کہا ہی کہ اسکی تصریح ابن حبان نے کی ہی اور امام احمد کو بھی امامہ کے حدیث سے یہ مضمون پہونچا ہی اور اللہ پاک برتر زیادہ جاننے والا ہی۔

فصل

پانچویں اس بیان میں ہی کہ کبھی آپنے حال پیدائش کسی نبی کا انبیا علیہم الصلوۃ والسلام میں سے علیحدہ بھی بیان فرمایا ہی اور اسیطرح صحابہ وتابعین میں سے بھی رضی اللہ تعالیٰ عنہم حال پیدائش کسی نبی کا انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام میں سے علیحدہ بھی اور آنحضرتؐ کی پیدائش مبارک کیساتھ بھی بیان فرمایا ہی۔ ا خرج البخاری ومسلم عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کل بنی ادم یطعن الشیطان فی جنبیہ باصبعیہ حین یولد غیر عیسی ابن مریم ذھب یطعن فی الحجاب وھو المشیمۃ ای الجلدۃ التی یکون فیھا الجنین فلم یصل طعنہ الی جسدہ علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام ترجمہ امام بخاری اور امام مسلم نے تخریج کی ہی ابو ہریرہؓ سے اُنہنے کہا کہ رسول اللہؐ نے فرمایا کہ جو کوئی آدمی زاد پیدا ہوتا ہی تو اُسوقت شیطان اُسکے ایک کوچا مار دیتا ہی لیکن عیسیٰؑ اُس سے محفوظ ہے مگر اُنکے قبل از پیدائش کوچا مارنا چاہا پردہ بچہ دان ہی پر رک گیا عیسیٰؑ تک نہ پہونچا ف اخرج الحاکم عن ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال لما ولد عیسی لم یبق فی الارض

صنم الا خر لوجہ علی نبینا و علیہ الصلوۃ والسلام ترجمہ اور حاکم نے تخریج کی ابن مسعودؓ سے کہ جب
عیسیٰ پیدا ہوئے تو کوئی بت ایسا باقی نرہا جو سجدہ میں نہ جا پڑا ہو۔ واخرج الزبیر ابن بکار و ابن
عساکر عن معروف بن خربوذ قال کان ابلیس یخترق السموات السبع فلما ولد عیسیٰ حجب
من ثلاث السموات فکان یصل الی اربع فلما ولد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حجب
من السبع قال ولد یوم الاثنین حین طلع الفجر واللہ سبحانہ و تعالی اعلم ترجمہ اور تخریج
کی زبیر بن بکار اور ابن عساکر نے جو ابن خربوذ مشہور ہو کہا کہ شیطان کا اول سب آسمانوں پر
گذر ہوتا تھا لیکن جب عیسیٰؑ پیدا ہوے تو تین آسمانوں پر نہ جا سکتا تھا چار ہی آسمانوں پر
چلا جاتا تھا سو جب آنحضرتؐ کی پیدائش ہوئی تو جب سے مطلقاً کسی پر نہیں جا سکتا تھا سب آسمانوں
آسمانوں کے جانے کی بندش ہو گئی۔ فصل چھٹی اس بیان میں ہو کہ کبھی آپنے اپنے حال پیدائش
مبارک کیساتھ حال پیدائش خلفاء اربعہ رضی اللہ تعالی عنہم کا بھی بیان فرمایا ہو اور کبھی اپنے حال
پیدائش مبارک کیساتھ حال پیدائش بعض ہی خلیفہ کا بیان فرمایا ہو عن انس رضی اللہ تعالی عنہ
قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول اخبرنی جبرئیل ان اللہ لما خلق ادم و
ادخل الروح فی جسدہ امرنی ان اخذ تفاحۃ من الجنۃ فاعصرہا فی فیہ فعصرتہا فی فیہ
فخلقک اللہ من النطفۃ الاولی انت یا محمد ومن الثانیۃ ابابکر ومن الثالثۃ عمر ومن الرابعۃ
عثمان ومن الخامسۃ علیا فقال ادم من ھؤلاء الذین اکرمتہم فقال اللہ تعالی ھؤلاء
خمسۃ اشباح من ذریتک وقال ھؤلاء اکرم عندی من جمیع خلقی قال فلما عصی ادم ربہ
قال یا رب بحرمۃ اولئک الاشباح الخمسۃ الذین فضلتہم تب علی فتاب اللہ علیہ کذا فی
کتاب الریاض النضرۃ فی فضائل العشرۃ للعلامۃ محب الدین احمد بن عبد اللہ بن محمد الطبری
الشافعی المکی رحمۃ اللہ علیہ وایضا فیہ عن محمد بن ادریس الشافعی رضی اللہ تعالی عنہ بسندہ
الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال کنت انا وابوبکر وعمر وعثمان وعلی انوارا علی یمین العرش قبل
ان یخلق ادم بالف عام فلما خلق اسکنا ظہرہ ولم نزل ننتقل فی الاصلاب الطاہرۃ الی ان نقلنی
اللہ الی صلب عبد اللہ ونقل ابابکر الی صلب ابی قحافۃ ونقل عمر الی صلب الخطاب ونقل عثمان الی
صلب عفان ونقل علی الی صلب ابی طالب ثم اختارہم لی اصحابا فجعل ابابکر صدیقا

وعمر فاروقا وعثمان ذی النورین وعلیا رضیا وفی نسخۃ وصیا فمن سب اصحابی فقد سبنی ومن سبنی فقد سب اللہ ومن سب اللہ اکبہ فی النار علی منخرہ خرجہ الملاء فی سیرۃ اہ وایضا فیہ عن سلمان قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول کنت انا وعلی نورا بین یدی اللہ تعالی قبل ان یخلق ادم باربعۃ عشر الف عام فلما خلق اللہ ادم قسم ذلک النور جزئین فجزء انا وجزء علی خرجہ احمد فی المناقب اہ بحروفہ ترجمہ روایت ہے انسؓ سے کہ میں نے رسول اللہؐ سے سنا ہے کہ آپ فرماتے تھے کہ مجھکو جبریلؑ نے خبر دی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آدم میں روح ڈالی تو مجھے فرمایا کہ اسکے منہ میں ایک جنت کا بہ نچوڑ دے سو میں نے نچوڑ دیا تو اسکے اول قطرہ سے اللہ نے تمکو پیدا کیا ہے دوسرے سے ابوبکرؓ کو تیسرے سے عمرؓ کو چوتھے سے عثمانؓ کو پانچویں سے علیؓ کو حضرت آدمؑ نے دریافت کیا کہ یہ لوگ کون ہیں اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ یہ پانچوں شکلیں تیرے اولاد کی ہیں اور یہ مجھکو تمام خلقت سے زیادہ عزیز ہیں۔ جب آدمؑ سے گناہ سرزد ہوا تو اسکی معافی کے لئے ان پانچوں کا واسطہ دیا کہ الٰہی ان پانچوں کی حرمت کے سبب سے تو میرا گناہ بخشدے کہ جنکو تونے تمام عالم پر فضیلت دی ہے ایسے ہی علامہ محب الدین احمد بن عبد اللہ بن محمد طبری شافعی کی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب ریاض النضرۃ فی فضائل العشرہ میں ہے اور اسی کتاب میں محمد بن ادریس شافعیؓ کی سند سے یہ ہے کہ فرمایا رسول اللہؐ نے کہ اللہ تعالیٰ نے قبل از پیدائش آدم ہزار برس پیشتر میرے اور ابوبکرؓ اور عمرؓ اور عثمانؓ اور علی کرمؑ کے نور کو عرش معلی کے دائیں جانب جگہ دے رکھی تھی جب آدم کو پیدا فرمایا تو اسکی پشت میں ہمکو رکھا اور ہمکو برابر بزرگ پشتوں سے پاک رحموں کیطرف منتقل فرماتا رہا یہانتک کہ مجھکو عبد اللہ کی پشت میں اور ابوبکر کو ابو قحافہ کی پشت میں اور عمر کو خطاب کی اور عثمان کو عفان کی اور علی کو ابو طالب کی پشت میں منتقل فرمایا پھر انکو میرا اگر اور دوست بنایا ابوبکر کو صدیق اور عمر کو فاروق اور عثمان کو ذی النورین اور علی کو رضی کا لقب مرحمت فرمایا اور ایک نسخہ میں بجائے رضی کے وصی ہے سو جسنے میرے دوستوں کو برا کہا اسنے مجھے برا کہا اور جسنے مجھے برا کہا اسنے اللہ تعالیٰ کو برا کہا اور جسنے اللہ کو برا کہا وہ دوزخ میں اوندھا گرا اور تخریج کی ملا علی قاریؒ نے اپنے کتاب سیر میں اور اسی میں یہ بھی روایت سلمان سے ہے کہ میں نے رسول اللہؐ سے سنا کہ فرماتے تھے کہ اللہ تعالیٰ کے سامنے چودہ ہزار برس آدم کی پیدائش سے پہلے میرا اور علی کا ایک نور تھا جب آدمؑ کو اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمایا تو

اُس نور کے دو حصے کرکے ایک حصہ سے محمدؐ کو دوسرے سے علیؓ کو بنایا **فصل ساتویں** اس
بیان میں ہو کہ کبھی آپنے حال پیدائش خلفائی اربعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم علیحدہ بھی بیان فرمایا ہو اور
اس بیان میں ہو کہ صحابہ اور تابعین اور تبع تابعین میں سے بھی اور خلفای راشدین کی پیدائش کا
حال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حال پیدائش مبارک کیساتھ اور علیحدہ بھی بیان کیا ہو۔
رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین۔ عن ابی ذر رضی اللہ تعالی عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم خلق ابوبکر و عمر من طین واحد وخلق عثمان و علی من طین واحد اھ کذا فی کتاب
الریاض النضرۃ فی فضائل العشرۃ ترجمہ اور کتاب ریاض النضرہ فی فضائل العشرۃ میں ابوذرؓ
سے روایت ہو کہ فرمایا رسول اللہؐ نے کہ اللہ تعالیٰ نے ابوبکر اور عمر کو ایک مٹی سے پیدا کیا ہو اور
عثمان اور علی کو ایک مٹی سے۔ وایضا فیہ عن سوار بن عبد اللہ بن سوار رضی اللہ تعالیٰ
عنہما ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم مر بقبر یحفر فقال قبر من ھذا قالوا قبر فلان الحبشی قال
سبحان اللہ سیق من ارضہ وسمائہ الی التربۃ التی خلق منہا وقال لی ابی یا سوار انی لا اعلم لابی
بکر و عمر فضیلۃ افضل من ان یکونا خلقا من تربۃ خلق منہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ خرجہ
العومری اھ بحروفہ وایضا فیہ وعن علی رضی اللہ تعالی عنہ قال رایت رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم بعینی ھاتین والا فعمیا وسمعۃ باذنی ھاتین والا فصمتا یقول ما ولد فی الاسلام مولود
ازکی واطہر من ابی بکر ثم عمر خرجہ ابو القاسم بن حبابہ اھ بحروفہ وقد تقدم حدیث
الامام الشافعی رضی اللہ تعالی عنہ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم وعلمہ اتم ترجمہ اور اسی کتاب میں
یہ بھی روایت ہو سوار بن عبد اللہ بن سوارؓ سے کہ رسول اللہ صلعم کسی جگہ تشریف لئے جاتے تھے کہ
اثناء راہ میں دیکھا کہ قبر کھودی جارہی ہو آپنے دریافت فرمایا کہ یہ قبر کسکے لئے تیار ہوتی ہو لوگوں نے
عرض کیا کہ فلانے شخص حبشی کے لئے آپنے فرمایا کہ سبحان اللہ کیا قدرت خداوندی ہو کہ اب
وہ اپنے زمین و آسمان سے رخصت ہوکر اُس جگہ جائیگا جسجگہ سے اُسکے پیدائش کی مٹی لیگئی تھی
راوی کہتا ہو کہ اس روایت کے بعد میرے باپنے کہا ای سوار ابوبکرؓ اور عمرؓ کی بڑی فضیلت میرے
نزدیک اس باعث سے بھی ہو کہ وہ اُس جگہ کی مٹی سے پیدا ہوے کہ جسجا کی مٹی سے رسول اللہ صلعم
پیدا ہوے تھے اور اسی میں یہ بھی روایت ہو علیؓ سے کہا علی نے کہ دیکھا میں نے رسول اللہ صلعم کو

ان اپنی دونوں آنکھوں سے اور سنا میں نے اپنے دونوں کانوں سے اور اگر میں نے نہ دیکھا اور سنا ہو تو میری آنکھیں اندھی اور کان بہرے ہو جاویں فرماتے تھے رسول اللہ صلعم کہ مسلمانوں میں کوئی بچہ ابو بکرؓ اور عمرؓ سے پاک وصاف پیدا نہیں ہوا تخریج کی ہو اسکی ابوالقاسم بن حبابہ نے اور اس سے پیشتر گذر چکی ہو وہ روایت جو امام شافعی سے مروی ہو۔

دوسرا باب

اس بیان میں ہو کہ صحابہ کرام رضے اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین میں سے بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے حال ولادت باسعادت کو بیان کیا ہو اور اس باب میں تین فصلیں ہیں فصل پہلی اس بیان میں ہو کہ بعضے صحابہ کرام رضے اللہ تعالیٰ عنہم نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت واذن لیکے مدح بیان کرنے کا آپکے سامنے اس حال ولادت باسعادت کو شعروں میں بیان کیا ہو اور آپنے اُنکے حق میں بعد طلب اذن کے اذن فرما کر دعا فرمائی ہو کہ قل لا یفضض اللہ فاک یعنی مدح بیان کرو نہ توڑے اللہ تمھارے منھ کو مراد اس سے دعا اُنکے واسطے ہو واسطے حفاظت اُنکے منھ کے کل خلل سے نہ فقط دانتوں کے گرنے سے اخرج الحاکم والطبرانی عن خریم بن اوس قال ھاجرت الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منصرفہ من تبوک فسمعت العباس یقول یا رسول اللہ انی ارید ان امدحک قال قل لا یفضض اللہ فاک فقال قصیدۃ

من قبلها طبت فی الظلال وفی	مستودع حیث یخصف الورق	ثم ھبطت البلاد لا بشر
انت ولا مضغۃ ولا علق	بل نطفۃ ترکب السفین وقد	الجم نسرا واھلہ الغرق
منتقل من صالب الی رحم	اذا مضی عالم بدا طبق	وانت لما ولدت اشرقت
الارض وضاءت بنورک الافق	حتی احتوی بیتک المھیمن من	خندف علیاء تحتھا النطق
فنحن فی ذلک الضیاء وفی النور	وسبل الرشاد نخترق	وردت نار الخلیل مکتتما
فی صلبہ انت کیف یحترق		

کذا فی الخصائص الکبری للعلامۃ جلال الدین سیوطی رح

ترجمہ تخریج کی حاکم اور طبرانی نے خریم ابن اوس سے کہ میں ہجرت کرکے آنحضرت صلعم کی خدمت میں حاضر ہوا جبکہ آپ غزوہ تبوک سے واپس تشریف لائے تھے تو میں نے سنا کہ حضرت عباس حضرت رسول اللہ صلعم سے عرض کر رہے تھے کہ میرا دل چاہتا ہو کہ میں بھی آپ کی مدح میں کچھ نظم کہوں

له من بحر المنسرح وزنه مستفعلن مفعولات مستفعلن مرتین

آپنے فرمایا کہو اللہ تمہارے منھ کو ہر آفت سے بچاوے. سو انھوں نے ایک قصیدہ پڑھا کہ جسکا یہ ترجمہ ہے کہ
آپ پیدائش دنیا سے پیشتر پاک وصاف تھے درختوں کے سایہ میں اور جنتی مکان میں جبکہ حلہ بہشتی اُترجانیسے
آدم اور حوا اپنے ستر عورت کے لئے پتے لپیٹے تھے پھر آپ زمین پر اُترے اور اُسوقت آپ نہ جامۂ
بشری میں تھے اور نہ آپ گوشت کا ٹکڑا یا خون لبستہ تھے بلکہ نطفہ تھے اور اسی حالت میں نوح کی
کشتی پر سوار ہوے جبکہ نسر بت کے لگام دیا گیا اور اُسکے پوجنے والے غرق ہوگئے اور آپ
باپوں کی پشت سے ماؤں کے رحم کیطرف منتقل ہوتے رہے جب ایک قرن آپکو ختم ہوا دوسرا شروع ہوگیا
جب آپ پیدا ہوے تو آپکے نور سے زمین و آسمان منور ہوگیا اور آپکی بزرگی یہانتک ہے کہ آپ کا
شرف حاوی ہوگیا بڑے بڑے عالی نسب والوں کو. سو ہم آپکی اُسی روشنی اور نور میں ہیں اور اُسی
نور کے بدولت ہدایت میں ترقی کرتے چلے جاتے ہیں. آپ ابراہیم خلیل اللہ کی پشت میں پوشیدہ
تھے جبکہ اُنکو آگ میں ڈالا پھر بھلا وہ کیونکر جل سکتے تھے ایسے ہی کتاب خصائص کبری میں ہے
جو علامہ جلال الدین سیوطی کی ہے. وفی شرح المواهب اللدنیه للعلامة الزرقانی رح

ولما دخل المدینة فی رمضان عند ابن سعد وتبعه مغلطائی وقال بعضهم فی شعبان وبدا بالمسجد
فصلی فیه رکعتین ثم جلس للناس کما فی حدیث کعب بن مالک فی الصحیح قال العباس بن عبد المطلب کما
رواه الطبرانی وغیره یا رسول الله انی ارید ان امتدحك ائذن لی فی ان امتدحك قال قل لا یفضض
الله فاك المراد الدعاء له لصیانة فیه عن کل خلل لا عن نثر الاسنان فقط فقال من قبلها ای الارض
او الدنیا او الولادة طبت کنت طیبا فی الظلال ای ظلال الجنة فی صلب آدم وفی * مستودع بفتح الدال
ای الموضع کان ادم وحواء به فی الجنة حیث یخصف یلزق الورق * ثم هبطت انزلت فی صلب آدم
البلاد والارض لا بشر انت ولا مضغة ولا علق * بل نطفة ترکب السفن اسم جنس لسفینة جمع
لضرورة الشعر او هو مفرد مرخم وقد * الجم نسرا احد الاصنام عبدها قوم نوح واهله الغرق *
تنتقل من صالب ای صلب الی رحم * اذا مضی عالم بدا طبق * عالم اخر وردت نار الخلیل
مکتتما مختفیا فی صلبه ظهره انت توکید الضمیر فی وردت کیف یحترق * ای لا یحترق بعد کیتیك
وانت فی صلبه حتی احتوی بیتك المهیمن ای المحفوظ من کل نقص من خندف علیاء تحتها النطق
باقی شرحه وانت لما ولدت اشرقت الارض وضاءت بنورك الافق * فنحن الان فی ذلك الضیاء

وفی النور وسبل الرشاد تخترق * والبیتان من المدیح عند العروضیین الذی ادرج عجز بیتها
التی فیها اخر الصدر فلم ینفرد احدهما عن الاخر تخصه ویمتاز بها وقوله حتی احتوی بیتک
المهیمن الخ النطق جمع نطاق وهی اعراض جبال بعضها فوق بعض ای نواح واوساط منها
شبهت بالنطق التی تشد بها اوساط الناس ضرب مثلا فی ارتفاعه وتوسطه فی عشیرته وجعلهم
تحته بمنزلة اوساط الجبال واراد ببیته شرفه والمهیمن لغتنا ای احتوی شرفک الشاهد علی فضلک
اعلی مکان مفعول مطلق صفته الفضلا المحذوف من نسب خندف فهو ای هذا اللفظ بکسر الخاء
وکسر الدال المهملة فی الاصل المشی بهرولة ثم جعل علما علی مرأة الیاس بن مضر وهی لیلی القضاعیة
لما خرجت تهرول خلف بنیها الثلاثة عمرو وعامر وعمیر حین ندلهما ابل فطلبوها فابطئوا علیها
ثم ضرب مثلا النسب العالی فی کل شیء لانها کانت ذات نسب انتهی باختصار وزیادة من محل
آخر والله سبحانه وتعالی اعلم وعلمه اتم دوسری فصل اس بیان میں ہی کہ آپنے خود بعض صحابہ
کو مدح ومکارم بیان کرنے کو فرمایا اور انھوں نے اُس مدح شریف میں ولادت باسعادت کا
بھی ذکر فرمایا شعروں میں کھڑے ہوکے بعد اس بیان میں ہی کہ آنحضرت صلعم بعض صحابہ رضی اللہ عنہم کیواسطے
منبر رکھتے تھے مسجد میں وہ اُسپر خوب کھڑے ہوکے آپکی مدح اور مشرکوں کی ہجو بیان فرماتے تھے
فی شرح المواہب اللدنیة للعلامة الزرقانی رحمة الله علیه فامر النبی صلی الله
علیه وسلم حسانا یجیبهم فقام فقال قصیدہ

هل المجد الا السودد العود والندی
وجاه الملوک واحتمال العظائم
نصرنا وآوینا النبی محمدا
علی انف راض من معد وراغم
الی ان قال ونحن ولدنا فی قریش عظیمها
ولدنا نبی الخیر من آل هاشم
بنی دارم لا تفخروا ان فخرکم
یعود وبالا عند ذکر المکارم

انتهی باختصار ترجمہ اور مواہب اللدنیہ کی شرح میں ہی جو علامہ
زرقانی کی ہی کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حسان رضی اللہ عنہ کو ارشاد فرمایا کہ جو کفار ہجو کرتے
ہیں اُنکو جواب دو۔ اُنھوں نے یہ کہا کہ نہیں ہی بزرگی مگر سیادت اور عمدگی طبیعت اور بخشش اور
دبدبہ بادشاہی اور امور عظام کی برداشت کرنے سے ہمنے مدد کی اور جگہ دی نبی کریم محمد صلعم کو
قبیلہ معد سے خواہ کوئی رضی ہو یا ناراض بہانتک کہ حضرت کیطرف کے یہ اشعار کہے کہ جاری پیدا
قریش کے اعلی درجہ میں ہی جو نہایت عمدہ گھرانا ہاشم کا ہی۔ اے اولاد دارم کی تمکو فخر کا موقع نہیں اسلیے

کہ تمہارا فخر کرنا بزرگیوں کے ذکر کے وقت تمپر وبال ہو جائیگا۔ یہ قصیدہ مختصر طور پر لکھا گیا۔ و
اخرج البخاری عن عائشۃ قالت کان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یضع لحسان منبرا فی المسجد
یقوم علیہ قائما یفاخر عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم او ینافح ویقول رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم ان اللہ یؤید حسان بروح القدس ما نافح او فاخر عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سبحانہ
وتعالی اعلم وعلمہ اتم ترجمہ اور امام بخاری نے تخریج کی ہے عائشہؓ سے کہ رسول اللہ حسان کیواسطے
مسجد میں منبر بچھوایا کرتے تھے کہ حضرت کیطرف سے اوسپر کھڑے ہو کر کفار کے ہجو کا جواب دیں اور حضرت
فرمایا کرتے تھے کہ اللہ حسان کی مدد روح القدس سے کرتا ہے جبتک وہ رسول اللہ صلعم کیطرف سے جواب
دیتا ہے۔ تیسری **فصل** میں بیان ہے اسکا کہ آپکے سامنے آپکی مدح شریف بغیر طلب واذن اور بغیر
آپکے فرمائے شعر و نثر میں عورتوں نے اور لڑکوں اور لونڈیوں نے بیان کیا ہے اور آپنے اُن کو
منع نہیں فرمایا ہے اور اسکا بیان ہے کہ حضرت ام المومنین عائشہ رضے اللہ تعالی عنہا نے آپ کی
مدح میں آپکے سامنے شعر پڑھیں اور آپنے اُنکو دعا فرمائی کہ جزاک اللہ یا عائشۃ خیرا۔ اور یہ
فرمایا کہ فما ذکرانی سرت کسروری بکلامک یعنی پس میں یاد نہیں رکھتا ہوں کہ میں خوش کیا گیا
اور مسرور ہوا ہوں مثل اپنی خوشی و سرور کے تمہارے کلام کیساتھ فی شرح المواھب اللدنیۃ
للعلامۃ الزرقانی رح فی بیان غزوۃ تبوک ولما دنا ای قرب صلی اللہ علیہ وسلم من المدینۃ خرج الناس
الرجال الکاملون لانھم الذین جرت العادۃ بخروجھم للقاء الامیر لتلقیہ تعظیما لہ واکراما ولطول
غیبتہ وتحدث المنافقین علیہ ما تسوء وخرج النساء والصبیان والولائد لاماء فالعطف مباین
ان ارید بالناس ما یشمل الرجال وغیرھم فافترقوا ولا باس بالذکر لبیان خروجھم حال کونھم یقدر غلبۃ
النساء والولائد علی ذکور الصبیان لکثرتھن وانما خرج الجمیع فرحا وسرورا بضد ما ارجف
بھا المنافقون ولا نقص النفسہ صلی اللہ علیہ وسلم بخلاف الھجرۃ فضعفۃ المخدرات علی
الاسطح لانقص لم یکن رأینہ وان نشأن فیھم الاسلام۔ طلع البدر علینا * من ثنیات الوداع *
وجب الشکر علینا * ما دعا للہ داع * ویعد ھا فیما یروی۔ ایھا المبعوث فینا * جئت بالامر
المطاع * انتھی باختصار۔ ترجمہ علامہ زرقانی نے مواھب اللدنیہ کی شرح میں لکھا ہے کہ جب
رسول اللہ صلعم غزوہ تبوک سے واپس تشریف لائے تھے تو آپکے تشریف آوری کی خبر سنکر بہ

آدمی پیشوائی کو گئے جسطرح کہ ہمیشہ سے وہ لوگ حکام اور امرا کی پیشوائی تعظیما کیا کرتے تھے اور نیز
آنحضرت بہت دنوں میں بھی تشریف لائے تھے علاوہ بریں منافقین کی ایذارسانی کے مشورہ
کی خبر پا چکے تھے اور عورتیں اور بچے اور باندیاں لونڈیاں حضرت کی رونق افروزی کی خوشی
میں نکل پڑی تھیں اور پردہ نشین کوٹھوں پر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے دیکھنے کو چڑھ
گئی تھیں کہ وہ آنحضرت کے زیارت سے مشرف ہوے تھے اگرچہ اسلام کا چرچا انمیں پیشتر سے تھا۔
وہ ہر ایک کے زبان پر یہ اشعار تھے کہ ہمارے اوپر پورا چاند ثنیات الوداع کی طرف سے نکلا ہے
ہمارے اوپر اس چاند کے طلوع ہونے کا ہمیشہ شکر واجب ہے اور بعد ان اشعار کے یہ شعر ہے۔
اے وہ شخص کہ ہمارے لیے نبی بنا کر بھیجا گیا ہے آپ فرمان واجب الاطاعت لیکر آئے ہیں۔ یہ
قصیدہ بھی مختصر طور پر نقل کیا گیا ہے۔ واخرج الخطیب ابن عساکر وابو نعیم والدیلمی من
طریقین عن محمد اسماعیل البخاری عن عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا قالت کنت قاعدۃ اغزل
والنبی صلے اللہ علیہ وسلم یخصف نعلہ فجعل جبینہ یعرق وجعل عرقہ یتولد نورا فبہت فقال
مالک بہت قلت جعل جبینک یعرق وجعل عرقک یتولد نورا ولو راک ابو کبیر الہذلی یعلم
انک احق بشعرہ حیث یقول شعر ومبرأ من کل غبر حیضۃ ✽ وفساد
مرضعۃ وداء مغیل ✽ واذا نظرت الی اسرۃ وجہہ ✽ برقت بروق العارض المتہلل ✽
فوضع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما کان فی یدہ وقام الی فقبل بین عینی وقال
جزاک اللہ یا عائشہ خیرا فما ذکرانی سررت کسروری بکلامک واللہ سبحانہ وتعالی اعلم
وعلمہ اتم ترجمہ اور تخریج کی ہے خطیب اور ابن عساکر اور ابو نعیم اور دیلمی نے دو طریقوں کے ساتھ
محمد اسمعیل اور بخاری سے کہ عائشہ رض فرماتی ہیں کہ میں بیٹھی کات رہی تھی اور حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم اپنی جوتی گانٹھ رہے تھے سو آپ کی پیشانی پر پسینا آگیا اور اسمیں سے نور پیدا ہوا
یہ دیکھکر میں حیران ہو گئی جب حضرت نے مجھکو بہوت سا دیکھا تو فرمایا کہ تو کس لئے بہوت
سی ہو رہی ہے میں نے عرض کیا کہ اسوقت آپکی پیشانی پر پسینہ آرہا ہے اور اسمیں سے نور
نکلتا ہے اگر اس حال میں آپکو شاعر ابو کبیر ہذلی دیکھ لیتا تو یقینا جان لیتا کہ آپ ہی اسکے شعر
کے مصداق ہیں جو اسنے یہ کہا ہے یہ ہی ہے ہر ایک آلودگی حیض سے اور دودھ پلانیوالی کی

خرابی سے اور مرض صحبت کرنے سے جو زمانہ شیر نوشی میں ہوتا ہی اور جب میں اُنکی پیشانی کے
بل دیکھتا ہوں تو ایسی چمکتی معلوم ہوتی ہی کہ گویا پتلے ابر میں چاند چمکتا ہی اس شعر کے سنتے ہی
جو کچھ تاری وغیرہ آپکے ہاتھ میں تھا رکھدیا اور میرے پاس آکر میری پیشانی چوم لی۔ اور
فرمایا کہ اے عائشہ اللہ تعالیٰ تجھکو جزائے خیر دے مجھکو یاد نہیں پڑتا کہ میں کبھی ایسا خوش ہوا
ہوں واللہ اعلم۔

تیسرا باب

اس بیان میں ہی کہ خلفاء راشدین جو کہ عشرہ مبشرہ میں سے ہیں رضے اللہ عنہم اُنسے بھی اس کا
بیان کرنا ثابت ہی اور غیر سے بھی امر اسکو کرکے اس بیان شریف کو سنا ہی اور بقیہ عشرہ مبشرہ
رضی اللہ تعالیٰ عنہم اسکا بیان کرنا ثابت ہی اور اس باب میں دس فصلیں ہیں۔ بعدہٗ
عشرہ مبشرہؓ نے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل بیان فرمائے اُنمیں تھوڑا سا تبرکاً
وتیمناً ذکر ہوتا ہی۔ **پہلی فصل** میں ہی بیان حضرت ابو بکر صدیق رضے اللہ تعالیٰ عنہ کا۔

اخرج ابن عساکر فی تاریخ دمشق عن عیسی بن وھب قال قال ابو بکر الصدیق کنت جالسا
بفناء الکعبة و زید بن عمرو بن نفیل قاعد فمر بہ امیة بن ابی الصلت فقال اما ان ھذا
النبی الذی ینتظر منا ومنکم او من اھل فلسطین قال ولم اکن سمعت قبل ذلک نبی ینتظر
ولا یبعث فخرجت ارید ورقة بن نوفل فقصصت علیہ الحدیث فقال نعم یا ابن اخی
اخبرنا اھل الکتاب العلماء ان ھذا النبی الذی ینتظر من اوسط العرب نسبا ولی علم بالنسب وقومك اوسط
العرب نسبا قلت یا عم وما یقول النبی قال یقول ما قیل لہ الا انہ لا یظلم ولا یظالم قال فلما بعث رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم امنت وصدقت ترجمہ تخریج کی ابن عساکر نے تاریخ دمشق میں عیسیٰ بن وہب سے کہا عیسیٰ
نے کہ ابو بکر صدیقؓ نے فرمایا کہ میں کعبۃ اللہ کے صحن میں بیٹھا تھا اور زید بن عمرو بن نفیل وہاں
کھڑا تھا سو امیہ بن ابی الصلت نے وہاں آکر زید سے دریافت کیا کہ جس نبی کے مبعوث ہونیکا
انتظار ہو رہا ہی ہم تم میں سے ہوگا یا فلسطین والونمیں سے زید نے کہا کہ مجھکو یہ بھی خبر نہیں
کہ کسی نبی کے مبعوث ہونے کا انتظار ہی یہ گفتگو اُن دونونمیں سنکر میں ورقہ بن نوفل
کے پاس گیا۔ اور یہ سب قصہ اُنکی گفتگو کا بیان کیا اُنے کہا اے میرے بھتیجے سچ ہی جس نبی کے

مبعوث ہونے کا انتظار ہی مجھکو یہ خبر اہل کتاب اور علمارسے تحقیق ہو چکی ہی کہ اہل عرب کے اعلے درجہ کے
لوگونمیں پیدا ہوگا اور میں نسب بھی خوب جانتا ہوں اور تیرا نسب عربونمیں بڑھکر ہی پھر میں نے
اُس سے کہا کہ وہ نبی کیا کہیگا کہا کہ جیسا مشہور ہی وہ ہدایت کی باتیں کہیگا لیکن وہ ظلم نہ کریگا۔
اور نہ ظلم کیا جائیگا سو جب رسول اللہ مبعوث ہوے تو میں حضرتؐ کے رسالت کی تصدیق کر کے فوراً
ایمان لے آیا۔ واخرج ابن عساکر فی تاریخ دمشق عن کعب قال کان اسلام ابی بکر الصدیق
سببہ وحی من السماء وذالک انہ کان تاجرا بالشام فرأی رویا فقصہا علی بحیرا الراہب فقال لہ
من این انت قال من مکۃ قال من ایہا قال من قریش قال فایش انت قال تاجر قال صدق اللہ
رویاک فانہ یبعث نبی من قومک تکون وزیرہ فی حیاتہ وخلیفتہ بعد موتہ فاسرہا ابوبکر حتی
بعث النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فجاءہ فقال یا محمد ما الدلیل علی ما تدعی قال الرویا التی رأیت
بالشام فعانقہ وقبل ما بین عینیہ وقال اشہد انک رسول اللہ ترجمہ اور تخریج کی ابن عساکر
نے تاریخ دمشق میں کعب سے کہ ابوبکر کا اسلام لانا وحی کے سبب سے تھا اور قصہ اسکا یوں ہی کہ ملک
شام میں بحالت تاجری ابوبکر نے ایک خواب دیکھا تھا تو اثنا راہ میں بحیرا راہب سے اوس خواب کا
ذکر کیا بحیرا نے دریافت کیا کہ تو کہاں کا رہنے والا ہی کہا کہ مکہ کا کہا قریشی ہی کہاں پھر کہا
کیا پیشہ کرتا ہی کہا تاجر ہوں کہا بحیرا نے کہ اللہ تعالیٰ تیرا خواب سچا کرے تیری ہی قوم میں ایک
نبی مبعوث ہوگا کہ تو زندگانی بھر اُسکا وزیر ہوگا اور بعد میں خلیفہ ہوگا سو ابوبکر نے حضرتؐ کے
مبعوث ہونے تک اس خواب وتعبیر کو اپنے دل میں رکھا جب آپ مبعوث ہوے تو حضرتؐ سے آکر
کہا کہ آپ کے نبوت میں کیا دلیل ہی آپنے فرمایا کہ جو خواب تو نے ملک شام میں دیکھی تھی یہ
سنتے ہی ابوبکر نے اُنکو گلے لگا لیا اور پیشانی چوم لی اور کہا میں گواہی دیتا ہوں کہ بیشک تم
اللہ کے رسول ہو۔ واخرج ابن عساکر عن محمد بن عبد الرحمن البیاضی عن ابیہ عن جدہ
قیل لابی بکر ہل رأیت قبل الاسلام شیئا من دلائل النبوۃ لمحمد صلی اللہ علیہ وسلم قال
نعم وہل بقی احد من قریش او من غیر قریش لم یجعل اللہ لمحمد فی نبوتہ حجۃ بینا
انا قاعد فی شجرۃ فی الجاہلیۃ اذ تدنی علی غصن من اغصانہا حتی صار علی راسی فجعلت
انظر الیہ واقول ما ہذا فسمعت صوتا من الشجرۃ ہذا النبی یخرج فی وقت کذا وکذا فکون انت من

اسعد الناس به ترجمہ اور تخریج کی ہو ابن عساکر نے محمد بن عبدالرحمن بیاضی سے اور محمد نے اپنے باپ سے
اور باپ نے اُنکے دادا سے کہا کہ کسی نے ابوبکر سے دریافت کیا کہ تمنے اسلام لانیسے پیشتر کچھ حضرت کے نبی حق
ہونے کی دلیل دیکھی تھی اُنھوں نے کہا کہ قریش میں وہ کونسا شخص باقی رہگیا ہو جسکے اوپر حضرت کے نبوت
کی حجت ثابت نہیں ہو چکی پھر ابوبکر نے یہ قصہ بیان کیا کہ میں درخت کے نیچے بیٹھا تھا اُسکی شاخوں میں سے
ایک شاخ اسقدر جھکی کہ میرے سر کو لگ گئی پھر اُسمیں سے یہ آواز آئی کہ جس نبی کا انتظار ہو فلانے
سن اور فلانے ماہ میں مبعوث ہوگا تو اُسکی تصدیق کر کے سب سے بڑھکر سعادت حاصل کیجئے واخرج
ابونعیم عن ابی بکر الصدیق رضی اللہ تعالی عنہ قال کان وجہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کدائرۃ القمر واللہ سبحانہ وتعالی اعلم وعلمہ اتم ترجمہ اور ابونعیم نے تخریج کی ہو کہ ابوبکر صدیقؓ سے
کہا ابوبکرؓ نے کہ آنحضرت صلعم کا چہرہ مثل چاند کے گردہ کے تھا واللہ اعلم **دوسری فصل** میں ہی
بیان حضرت عمر رضے اللہ تعالی عنہ کا۔ اخرج ابوموسی المدافعی فی الذیل عن ابن الکلبی عن عوانۃ قال
قال عمر لجلسائہ هل فیکم احد اوقع لنخبر من امر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی الجاهلیة
فقال طفیل بن زید الحارثی وکان قد اتت علیہ ستون ومائۃ سنۃ نعم یا امیر المومنین کان لما
بن معاویة علی ما بلغنا من کهانت فذکر الحدیث فی انذاره بالنبی صلی اللہ علیہ وسلم وقوله
یا لیت انی الحقه * ولیتنی لا اسبقه * قال طفیل فاتانا خبر النبی صلی اللہ علیہ وسلم ونحن
بتهامة فقلت یا نفس هذا ذاک الذی انذر به المامون قال وتراخت الایام الی ان وفد
فاسلمت ترجمہ تخریج کی ہو ابوموسی مدافعی نے ذیل میں ابن کلبی سے اُسنے عوانہ سے کہا کہ فرمایا عمرؓ نے
اپنے ہمنشینوں سے کہ جسکو حضرت صلعم کی نسبت کوئی بات یاد ہو تو کہو طفیل بن زید حارثی نے کہا کہ اچھا
اور اُنکی عمر ایک سو ساٹھ برس کی تھی کہ آپکو خبر ہو کہ مامون بن معاویہ کیا کچھ غیب کے اخبار دیا کرتا وہ
لوگوں کو حضرت کی بعثت کی خبر وعظ میں ڈرایا کرتا تھا اور کہتا تھا کہ تمکو آکر ٹھیک کرینگے اور یہ
بھی کہتا تھا کہ اے کاش میں اُنسے ملوں اور اُنکی بعثت سے پہلے نہ مرجاؤں طفیل نے کہا کہ پھر مجھکو حضرت کے
مبعوث ہونے کی خبر ملی اُسوقت میں تہامہ میں تھا میں نے اپنی دل میں کہا کہ یہ وہی نبی ہیں کہ جنکے مبعوث
ہونیکا مامون ذکر کیا کرتا تھا۔ پھر کچھ دن گذرے جب حضرت کے پاس جماعتیں کی جماعتیں مشرف
بہ اسلام ہونیکو جانے لگیں تو اُسوقت میں بھی مسلمان ہو گیا۔ واخرج ابن عساکر من طریق الحسن عن

سلمان قال فقال عمر بن الخطاب لکعب اخبرنا من فضائل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قبل مولدہ
فقال نعم یا امیر المومنین قرأت فیما قرأت ان ابراھیم الخلیل وجد حجرا مکتوبا علیہ اربعۃ اسطر
الاول انا اللہ لا الہ الا انا فاعبدنی والثانی انا اللہ لا الہ الا انا محمد رسولی طوبی لمن امن بہ واتبعہ
والثالث انی انا اللہ لا الہ الا انا من اعتصم بی نجا والرابع انی انا اللہ لا الہ الا انا الحرم لی والکعبۃ
بیتی من دخل بیتی امن عذابی **ترجمہ** اور تخریج کی ابن عساکر نے حسن کے طریق سابقہ سلمان سے کہ حضرت
عمرؓ نے کعب سے فرمایا کہ حضرت صلعم کے فضائل جو آپکی پیدائش سے پیشتر کی کتب سابقہ میں ہیں بیان کیجیے
کعب نے کہا کہ مینے اگلی کتابوں میں پڑھا ہے کہ ابراہیم خلیل اللہ کو ایک ایسا پتھر پایا تھا کہ جسمیں چار
سطریں لکھی ہوئی تھیں اول سطر یہ تھا کہ سوائے خدا تعالی کے کوئی معبود نہیں اللہ میں ہوں میری
عبادت کرو۔ دوسری سطر یہ تھا کہ میں ہی اللہ ہوں میرے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد میرا رسول ہے خوبی ہے اسکے لیے جو اسپر
ایمان لاوے اور اسکی اتباع کرے تیسری سطر یہ تھا کہ میں ہی اللہ ہوں میرے سوا کوئی معبود نہیں جو میرا حکم پکڑیگا وہ نجات پایگا چوتھی
سطر یہ تھا کہ میں ہی اللہ ہوں اور حرم میری ملک ہے اور کعبہ میرا گھر ہے جو میرے گھر میں آجائیگا میرے عذاب سے محفوظ
واخرج الطبرانی فی الاوسط والصغیر وابن عدی والحاکم فی المعجزات والبیھقی وابو نعیم وابن
عساکر عن عمر بن الخطاب ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان فی محفل من اصحابہ اذا جاء
اعرابی من بنی سلیم قد صاد ضبا فقال واللات والعزی لا امنت بک حتی یومن بک ھذا الضب
فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا ضب فقال الضب بلسان عربی مبین یفھمہ القوم جمیعا لبیک
وسعدیک یا رسول رب العالمین قال من تعبد فقال الذی فی السماء عرشہ وفی الارض سلطانہ
وفی البحر سبیلہ وفی الجنۃ رحمتہ وفی النار عذابہ قال فمن انا قال انت رسول رب العلمین و
خاتم النبیین قد افلح من صدقک وقد خاب من کذبک فاسلم الاعرابی لیس فی اسنادہ من ینظر
فی حالہ سوی محمد بن علی بن ولید البصری السلمی شیخ الطبرانی وابن عدی فقال البیھقی
الحمل فی ھذا الحدیث علیہ قال واقدی من طرق اخری عن عائشۃ وابی ھریرۃ رضی اللہ تعالی عنہما
وقد ذھب ابن دحیۃ ان ھذا الحدیث موضوع ولکن الذی قلت لحدیث عمر طریق اخر
لیس فیہ محمد بن علی ابن الولید اخرجہ ابو نعیم وقد ورد ایضا من حدیث علی اخرجہ ابن عساکر
لکن افادہ العلامہ جلال الدین سیوطی فی الخصائص الکبری **ترجمہ** اور تخریج کی ہے طبرانی نے اوسط اور

صغیر میں اور ابن عدی اور حاکم نے معجزات میں اور بیہقی اور ابو نعیم اور ابن عساکر نے عمر بن خطاب سے کہ آنحضرت
اپنے صحابہ کے مجمع میں بیٹھے تھے کہ یکایک ایک جنگلی آدمی ایک گوہ کو پکڑ لایا اور کہا اے محمد قسم ہے لات و
عزی کی میں تجھپر ہرگز ایمان نہ لاؤنگا جبتک یہ گوہ تجھپر ایمان نہ لاویگی آپنے فرمایا اے گوہ اُسنے نہایت
فصاحت کیساتھ عربی میں کہا لبیک وسعدیک یا رسول اللہ کہ جسکو سب حاضرین خوب سمجھے پھر حضرت نے
گوہ سے فرمایا کہ تو کسکی بندگی کرتی ہے کہا جسکا عرش آسمان پر ہے اور زمین پر اُسکی سلطنت ہے اور دریا
میں اُسکا راستہ ہے اور جنت میں اُسکی رحمت اور دوزخ میں اُسکا عذاب ہے پھر فرمایا کہ میں کون ہوں
کہا کہ آپ رسول رب العالمین ہیں اور خاتم النبیین ہیں جو آپ کی تصدیق کرے مراد پائے اور جو آپ کو
جھٹلائے برباد ہووے یہ سنتے ہی وہ جنگلی ایمان لے آیا۔ اس حدیث کی اسناد میں کوئی شخص ایسا
نہیں ہے جسکی دیکھ بھال کیجائے ماسوائے محمد بن علی بن الولید بصری سلمی کے جو اُستاد طبرانی اور
عدی کا ہے سو بیہقی نے کہا کہ اس حدیث میں بار بوجہ اُسپر ہے واقدی نے روایت کیا ہے اسکو اور
طریقوں کے ساتھ عائشہ و ابو ہریرہ سے اور ابن دحیہ نے کہا کہ یہ حدیث موضوع ہے اور اسیطرح
ذہبی نے کہا لیکن میں کہتا ہوں کہ اس حدیث کا اور بھی طریق ہے جسمیں محمد بن علی ابن الولید نہیں
چنانچہ اسکی تخریج ابو نعیم نے کی ہے علی کرم اللہ وجہ سے اور ایسے ہی علامہ جلال الدین سیوطی نے
خصائص کبری میں فرمایا ہے واخرج الحاکم والبیہقی والطبرانی فی الصغیر وابو نعیم وابن عساکر
عن عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالی عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لما اقترف ادم الخطیۃ
قال یا رب اسئلک بحق محمد لما غفرت لی قال وکیف عرفت محمدا قال لانک لما خلقتنی بیدک ونفخت
فی من روحک رفعت راسی فرایت علی قوائم العرش مکتوبا لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ فعلمت
انک لم تضف الی اسمک الا احب الخلق الیک فقال صدقت یا ادم ولولا محمد ما خلقتک واللہ سبحانہ
وتعالی اعلم وعلمہ اتم ترجمہ اور تخریج کی ہے حاکم اور بیہقی اور طبرانی نے صغیر میں ابو نعیم اور ابن عساکر نے عمر
بن خطاب سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب آدم سے خطا سرزد ہوئی اور عتاب الہی میں
گرفتار ہوا تو اُسنے یہ کہا کہ میں بحق محمد تجھسے سوال کرتا ہوں کہ میرا گناہ بخشدے اللہ تعالی نے ارشاد فرمایا کہ
تونے محمد کو کسطرح جانا عرض کیا کہ اے پروردگار جب تونے مجھکو اپنے ہاتھ سے پیدا کیا اور مجھ میں روح
پھونکی تو میں نے اپنا سر اُٹھایا تو عرش کے پایہ پر لکھا پایا لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ سو میں نے جان لیا

کہ تونے اپنے نام کیساتھ دوسرا نام نہیں ملایا ہے مگر اپنے خاص پیارے کا فرمایا اللہ تعالیٰ نے کہ آدم تونے سچ
کہا محمد نہوتا تو میں تجھکو بھی نہ پیدا کرتا **تیسری فصل** میں ہے بیان حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ
کا۔ اخرج ابو نعیم عن عثمان بن عفان رضی اللہ تعالی عنہ قال خرجنا فی عیر الی الشام قبل ان یبعث
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فلما کنا بافواہ الشام وبہا کاھنۃ فتعرضتنا فقالت اتانی صاحبی
فوقف علی بابی فقلت الا تدخل قال لا سبیل الی ذلک خرج احمد جاء امر لا یطاق ثم انصرفت فرجعت
الی مکۃ فوجدت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قد خرج بمکۃ یدعوا الی اللہ سبحانہ تعالی علیہ وعلیہم
ترجمہ ابونعیم نے تخریج کی عثمان بن عفان رض سے کہا عثمان نے کہ میں ایک قافلہ میں ملک شام کیطرف گیا تھا
جب ہم لوگ حدود شام میں پہونچے وہاں ایک عورت غیب کی خبر دینے والی تھی راستے میں ملی اور کہا
کہ جو میرا یار آسمان کی خبریں لادیا کرتا تھا ان دنوں وہ میرے دروازے پر آیا میں نے کہا اندر آؤ اور
کچھ خبریں سناؤ اُسنے کہا اب موقع نہ رہا احمد پیدا ہوگیا اور قابو سے بات باہر ہوگئی۔ پھر میں وہاں سے
مکہ کو واپس آیا تو حضرت رسول اللہ صلعم کو پایا کہ پردہ سکوت سے نکلکر خلقت کو اللہ تعالیٰ کیطرف ہدایت
کرتے ہیں۔ **چوتھی فصل** میں ہے بیان حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا۔ فی احکام ابن
القطان عن علی رضی اللہ تعالی عنہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال کنت نورا بین یدی ربی قبل
ادم باربعۃ عشر الف عام ترجمہ اور کتاب احکام ابن القطان میں ہے علی رض سے کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ
میں قبل از پیدائش آدم چودہ ہزار برس پیغمبر اللہ تعالیٰ کے سامنے ایک نور محض تھا۔ واخرج العدنی فی مسندہ
والطبرانی فی الاوسط وابو نعیم وابن عساکر عن علی ابن ابیطالب ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم
قال خرجت من نکاح ولم اخرج من سفاح من لدن ادم الی ان ولدنی ابی وامی لم یصبنی
من سفاح الجاھلیۃ شیء ترجمہ اور عدنی نے اپنے مسند میں تخریج کی ہے اور طبرانی نے اوسط میں اور
ابونعیم اور ابن عساکر نے علی بن ابیطالب رض سے کہ تحقیق نبی صلعم نے فرمایا کہ میں حضرت آدم کیوقت سے لیکر
نکاح سے پیدا ہوا ہوں نہ زنا سے اور بد فعلی جاہلیت کی میرے پاس تک نہیں پھٹکی۔ واخرج الحاکم
والبیہقی وابن عساکر عن علی ابن ابیطالب ان یہودیا کان لہ علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دنانیر
فتقاضی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال لہ ما عندی ما اعطیک قال فانی لا افارقک یا محمد حتی تعطینی فقال
اذن اجلس معک فجلس معہ فصلی النبی صلی اللہ علیہ وسلم الظہر والعصر والمغرب والعشاء والغداۃ وکان

اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم تہددون الیھودی ویتوعدونہ فقالو یا رسول اللہ یھودی
ویحبسک قال منعنی ربی ان اظلم معاھدا ولا غیرہ فلما ترجل النہار اسلم الیھودی وقال شطرمالی
فی سبیل اللہ اما واللہ ما فعلت بک الذی فعلت بک الا لانظر الی نعتک فی التوراۃ محمد بن
عبد اللہ مولدہ بمکۃ ومہاجرہ بطیبۃ وملکہ بالشام ولیس بفظ ولا غلیظ ولا سخاب فی الاسواق
ولا متزی بالفحشاء ولا الخنا اشھد ان لا الہ الا اللہ وانک رسول اللہ وھذا مالی فاحکم فیہ
بما اراک اللہ وکان الیھودی کثیر المال **ترجمہ** تخریج کی حاکم اور بیہقی اور ابن عساکر نے علی ابن طالب سے
کہ ایک یہودی کے چند دینار حضرتؐ کے ذمہ تھے اُسنے آپکے اوپر تقاضا کیا حضرتؐنے فرمایا کہ میں لاچار
ہوں میرے پاس اسوقت کچھ دینے کو نہیں اُسنے کہا کہ میں تمسے بدون لئے یہاں سے ہرگز نجاؤنگا۔
حضرتؐنے فرمایا کہ میں بھی تیرے پاس بیٹھ جاتا ہوں حضرتؐنے اُسجگہ تشریف رکھی یہانتک کہ پنجگانہ نماز وہیں
پڑھی صحابہ نے یہ کیفیت دیکھکر اُسکو ڈرانا اور دھمکانا شروع کیا اور عرض کیا کہ یا حضرت کیا یہودی کا
یہ حوصلہ ہے کہ آپکو روک سکے آنحضرتؐنے فرمایا کہ مجھکو میرے ربّنے ظلم سے منع کیا ہے خواہ معاہد ہو یا اور کوئی
جب دن نکلا تو یہودی خود بخود مسلمان ہو گیا اور آدھا مال اُسیوقت فی سبیل اللہ دیدیا اور حضرتؐ کی
خدمت میں معذرت کی کہ جو کچھ مجھسے درباب تقاضا ظہور میں آیا اُسکا سبب یہ تھا کہ میں آپکی اُس
صفت کی جانچ کرتا تھا جو توراۃ میں آئی ہے کہ محمد بن عبد اللہ کی پیدائش کی جگہ مکہ ہے اور ہجرت کرنیکی
جگہ طیبہ ہے یعنی مدینہ ہے۔ اور ملک اُسکا شام میں ہے اور وہ درشت خو سخت مزاج نہیں اور نہ بازاروں میں
شور کرنیوالا اور نہ اُسکی خصلت میں بیحیائی ہے۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ ایک ہے اور تم اُسکے رسول
ہو اور جو یہ نصف باقی میرا مال ہے یہ بھی آپ ہی کے حکم پر نثار ہے اور وہ یہودی بڑا مالدار تھا وفی
المواھب اللدنیہ روی عن علی ابن ابیطالب انہ قال لم یبعث اللہ نبیا من ادم فمن بعدہ
الا اخذ علیہ العھد فی محمد صلی اللہ علیہ وسلم لئن بعث وھو حی لیومنن بہ ولینصرنہ و
یاخذ العھد بذالک علی قومہ وھو مروی عن ابن عباس ایضا موقوف علیہما لفظا مرفوع حکما
لانہ لا مجال للرای فیہ کما ذکر العماد بن کثیر فی تفسیرہ اھ باختصار **ترجمہ** مواہب لدنیہ میں علی ابن
ابیطالب سے روایت ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ حضرت آدم سے لیکر کوئی نبی ایسا نہیں آیا کہ جس سے اللہ
نے اس امر کا عہد نہ لیا ہو کہ محمد کا ظہور تمہارے وقت میں ہو تو تم اُسپر ایمان لانا اور اُسکی مدد کرنا

اور یہی وعدہ ہر ایک نبی اپنی قوم سے لیتا تھا۔ اور یہ حدیث ابن عباس رض اور علی رض سے موقوف بھی مروی
ہی لیکن باعتبار لفظوں کے موقوف ہی اور باعتبار معنی کے مرفوع ہی کیونکہ یہ بیان ایسا ہی کہ جسمیں عقل کو
دخل نہیں اور ایسے ہی عماد بن کثیر نے اپنی تفسیر میں ذکر کیا ہی۔ واخرج ابن سعد عن علی رضی
اللہ تعالی عنہ قال بتنا لیلۃ بغیر عشاء فاصبحت فالتمست فاصبت ما اشتریت طعاما ولحما بدرھم
ثم اتیت بہ فاطمۃ فعجنت وطبخت فلما فرغت قالت لو اتیت ابی فدعوتہ فجئت الی رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم وھو یقول اعوذ باللہ من الجوع ضجیعا فقلت یا رسول اللہ عندنا طعام فھلم
فجاء والقدر تفور فقال اغرفی لعائشۃ فغرفت فی صحفۃ ثم قال اغرفی لحفصۃ فغرفت فی صحفۃ
حتی غرفت لجمیع نسائہ التسع ثم قال اغرفی لابیک وزوجک فغرفت فقال اغرفی فکلی فغرفت ثم
رفعت القدر وانھا لتفیض فاکلنا منھا ما شاء اللہ واللہ سبحانہ وتعالی اعلم وعلمہ اتم ترجمہ
اور تخریج کی ابن سعد نے علی کرم اللہ وجہہ سے کہ ایک رات ہمارے گھر میں فاقہ رہا صبحکو میں باہر نکلا اور تھوڑا
ایک درم کے پیدا کیا اور اُسی کا آٹا اور گوشت فاطمہ کو لاکر دیا اُنسے اُسکو گوندھا اور پکایا جب وہ پکاکر
فارغ ہوئی تو اُنسے کہا کہ اگر میرے باپ کو بھی تم بلالو تو بہتر ہو میں حضرت کے خدمتمیں آیا تو میں نے سنا کہ
آپ فرماتے تھے الٰہی میں تجھسے پناہ مانگتا ہوں رات کے بھوک سے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ہمارے یہاں
کسیقدر کھانا ہی آپ تشریف لیچلیں آپ تشریف لائے تو ملاحظہ فرمایا کہ ہنڈیا جوش مار رہی ہی فاطمہ رض سے
فرمایا کہ اول عائشہ کیواسطے نکال اُنسے ایک رکابی میں اُنکے واسطے نکالا پھر فرمایا کہ حفصہ کیلئے نکال اُنسے
دوسری رکابی میں حفصہ کیلئے نکالا حتی کہ حضرت کی تمام نو بیبیوں کے واسطے نکالا پھر فرمایا کہ اپنے باپ
اور خاوند کیواسطے نکال اُنسے وہ بھی نکالا پھر فرمایا اب تو اپنے واسطے نکال اور کھا اُنسے اپنے واسطے
بھی نکال لیا پھر ہنڈیا جو اُٹھائی تو کیا دیکھتی ہیں کہ بھرپوری ہی اور اُسمیں وہی جوش ہی سو ہم مدت
اُسمیں سے کھاتے رہے۔ **پانچویں فصل** میں ہی بیان حضرت طلحہ رضی اللہ تعالی عنہ کا اخرج
نعیم من طریق حریش بن ابی حریش عن طلحۃ رضی اللہ تعالی عنہ قال وجد فی البیت حجر منقور فی
اسہ الاولی فدعی رجل فقرأہ فاذا فیہ عبد المنتخب المتوکل المنیب المختار مولدہ بمکۃ ومھاجرہ
لایذھب حتی یقیم السنۃ العوجاء ویشھد ان لا الہ الا اللہ امتہ الحمادون یحمدون اللہ
کثیرا یاتزرون علی اوساطھم ویطھرون اطرافھم ترجمہ تخریج کی ابونعیم نے ساتھ طریق حریش

بن ابی حریش کے طلحہ سے کہا کہ جب اول مرتبہ خانہ کعبہ شہید ہوا تو اُسمیں ایک پتھر لکھا ہوا نکلا بعد ازاں
ایک خواندہ آدمی کو بلایا تو اُسنے اُسپر سے یہ عبارت پڑھی۔ میرا بندہ سب میں منتخب اور متوکل اور
میری طرف رجوع ہونیوالا ہی اور برگزیدہ وہ ہی جسکے پیدائش کیجگہ مکہ اور ہجرت کیجگہ طیبہ ہی وہ دنیا سے
رخصت نہو گا جبتک وہ ٹیڑھے راستہ کو سیدھا نکردیگا اور وہ گواہی دیگا اس امر کی کہ سوا ے خدا کے
اور کوئی معبود نہیں اور امتی اسکے نہایت تعریف کرنیوالے ہیں تعریف کرتے ہیں وہ اللہ کی ہر ٹیلہ پر
اور تہبند ناف پر باندھتے ہیں اور ہاتھ پانوں کو پاک رکھتے ہیں۔ واخرج ابن سعد والبیہقی من طریق
ابراھیم بن محمد بن طلحۃ بن عبید اللہ حضرت سوق بصری فاذا راھب فی صومعۃ یقول سلوا اھل
ھذا الموسم ھل فیہم احد من اھل الحرم قال قلت نعم انا قال ھل ظھر احمد بعد قلت ومن احمد قال
ابن عبد اللہ ابن عبد المطلب شھرہ الذی یخرج فیہ وھو اٰخر الانبیاء مخرجہ من الحرم ومہاجرہ
الی نخل وحجارۃ سباخ فایاک ان یسبق الیہ قال طلحۃ فوقع فی القلب ما قال فخرجت سریعا حتی قدمت
الی مکۃ فقلت ھل من حدث قالوا نعم محمد بن عبد اللہ الامین تنبأ وقد تبعہ ابن ابی قحافۃ
فخرجت حتی دخلت علی ابی بکر فاخبرتہ بما قال الراھب حتی دخل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
فاخبرہ فسر بذالک واسلم ابو طلحۃ فاخذ نوفل بن العدویۃ ابا بکر وطلحۃ فشدھما فی حبل واحد
فلذالک سمیا القرینین واللہ سبحانہ تعالی اعلم وعلمہ اتم۔ ترجمہ اور تخریج کی ابن سعد اور بیہقی نے
طریق محمد بن ابراہیم ابن محمد بن طلحہ سے کہا فرمایا طلحہ بن عبید اللہ نے کہ میں بصرہ کے بازار میں جو گیا
تو کیا دیکھا کہ ایک شخص غیب کی خبر دینے والا اپنے عبادت خانہ میں بیٹھا ہوا اور معتقد وہ ہے یہ کہ پوچھا ہی
کہ اندنوں کے آنیوالوں سے دریافت کرو کہ ان میں کوئی حرم کا بھی آدمی ہی مینے کہا ہاں میں ہوں اُسنے
پوچھا کہ احمد کا ظہور تمھارے یہاں ہو چکا میں نے کہا کون احمد کہا جو عبد اللہ ابن عبد المطلب کا بیٹا ہی
جان تو کہ اسی مہینہ میں اُسکا ظہور ہو گا اور وہ ختم الانبیا ہی اور اُسکے ظاہر ہونیکی جگہ مکہ ہی اور ہجرت
کی جگہ ہی جہاں کھجور کے درخت اور پتھریلی زمین اور شوریلی ہی تجھکو چاہیے کہ تو اسکی طرف سبقت کرے
طلحہ کہتے ہیں کہ میرے دلمیں اُسکی بات گڑ گئی اور میں مکہ کے طرف جلد آیا اور دریافت کیا کہ کوئی نبوت
کا مدعی پیدا ہوا ہی لوگوں نے کہا ہاں محمد بن عبد اللہ جسکو امین کہا کرتے تھے اور اُسکے ساتھ ابو قحافہ
کا بیٹا بھی ہو گیا پھر میں وہاں سے نکلکر ابو بکر کے پاس آیا اور بصرے کے راہب کا قصہ بیان کیا

ابو بکر نے یہ خبر حضرت صلعم کو جا کر دی جو حضرت کو اس خبر کے سننے سے خوشی ہوئی پھر ابو طلحہ بھی ایمان لائے
بعدہ ابو طلحہ اور ابو بکر کو نوفل بن خویلد نے کہ اُس وقت سردار تھا اسلام قبول کر لینے کے سبب ایک
رسے میں باندھا اسی لئے انکو قرینین کہتے ہیں۔ **چھٹی فصل** میں ہے بیان حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ
عنہ کا واخرج البغوی فی معجمہ عن عبد اللہ بن الزبیر عن الزبیر انہ قال لہ یابنی کانت عندی
امک وعند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خالتک عائشۃ وبینی وبینہ من الرحم والقرابۃ
ما قد علمت وعمۃ ابی ام حبیبۃ بنت اسد جدتہ وامی عمتہ وامہ امنۃ بنت وھب بن عبد
مناف وجدتی ہالۃ بنت وھب بن عبد مناف وزوجتہ خدیجۃ بنت خویلد عمتی اہ کذا
فی کتاب النضرۃ فی فضائل العشرۃ والضافیہ عن الزبیر بن العوام رضی اللہ تعالیٰ عنہ
قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللھم انک بارکت فی صحابتی فلا تسلبھم البرکۃ واجمعھم
علی ابی بکر ولا تنثر امرہ فانہ لم یزل یوثر امرک علی امرہ اللھم واعز عمر بن الخطاب وصبر عثمان و
وفق علیا واغفر لطلحۃ وثبت الزبیر وسلم سعدا ووقر عبد الرحمن والحق بالسابقین الاولین
من المھاجرین والانصار والتابعین باحسان ترجمہ اور تخریج کی بغوی نے اپنے کتاب معجم میں عبد اللہ
بن زبیر سے کہ زبیر نے اپنے بیٹے عبد اللہ سے یہ کہا کہ اے میرے بیٹے تیری ماں میرے نکاح اور تیری خالہ
عائشہ رسول اللہ کے نکاح میں ہے اور جو رشتہ اور قرابت میرے اور حضرت کے درمیان میں ہے کا ہے وہ
تو جانتا ہے اب اوپر کی قرابت کا حال سن کہ میرے باپ کی پھوپھی ام حبیبہ بنت اسد حضرت کی دادی ہیں
اور میری ماں حضرت کی پھوپھی ہیں اور انکی ماں بنت وہب بن عبد مناف اور میری دادی ہالہ بنت
وہب بن عبد مناف دونوں بہنیں ہیں اور حضرت کی بیوی خدیجہ میری پھوپھی ہیں ایسے ہی کتاب
ریاض النضرہ فی فضائل العشرہ میں مذکور ہے۔ اور اسی معجم میں یہ بھی ہے کہ زبیر بن العوام نے کہا دعا کی
رسول اللہ صلعم نے الٰہی میرے صحابہ کو تو نے برکت عطا فرمائی ہے برکت اُنسے تو چھین نہ لیجیو اور ان سبکو
میرے بعد ابو بکر کی خلافت پر متفق کر دیجیو اور ابو بکر کے کام کو پراگندہ نہ کیجیو کیونکہ اُنہے مدام اپنے کام پر
تیرے کام کو مقدم رکھا ہے الٰہی عمر کو عزت اور عثمان کو صبر اور علی کو توفیق اور طلحہ کو بخشش اور زبیر کو ثبات
قدمی اور سعد کو سلامتی اور عبد الرحمن کو توقیر عطا فرمائیو اور ان سبکو تو السابقین الاولین من المہاجرین
والانصار والتابعین باحسان کا مصداق کیجیو واخرج الحافظ الثقفی وخرج الملا فی سیرتہ

اور ادبعد قوله ولاتسلبهم البركة وبارکت لاصحابی فی ابی بکر ولاتسلبهم البركة واجمعهم
عليه والله سبحانه وتعالى اعلم وعلمه اتم ترجمہ تخریج کی ہو اسکی حافظ ثقفی اور واحدی نے
اپنی سند میں مگر واحدی نے بعد جملہ ولاتسلبهم البركة کے یہ عبارت زیادہ کی کہ میرے صحابہ کو برکت دے
ابوبکر کی اطاعت میں اور اُنسے برکت نہ چھین اور اُنکو ابوبکر پر اُنکا جماؤ کردے ساتویں فصل
میں بیان ہو حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا۔ اخرج ابونعیم عن عبد الرحمن
بن عوف عن امه الشفاء بنت عوف (اسلمت وهاجرت) قالت لما ولدت امنة رسول الله
صلى الله عليه وسلم وقع على يدى (لايعارضه الرواية ثم وقع على الارض لجواز ان ذلك
بعد هذا بقرينة ثم فاستهل (اى صاح) فسمعت قائلا (اى ملكا) يقول رحمك الله قالت
الشفاء واداء لى مابين المشرق والمغرب حتى نظرت الى بعض قصور الروم قالت ثم البسته
واضجعته فلم انشب (اى البث) الا قليلا ان غشيتنى ظلمة ورعب وقشعريرة بضم القاف
وفتح الشين عن يمينى فسمعت قائلا يقول اين ذهبت به قال الى المغرب واسفر عنى
ذلك (اى انكشف) ثم عاودنى الرعب والقشعريرة عن يسارى فسمعت قائلا يقول
اين ذهبت به قال الى المشرق قالت فلم يزل الحديث منى على بالى حتى بعثه الله فكنت
فى اول الناس اسلاما اى جملة السابقين اهـ. والله سبحانه وتعالى اعلم وعلمه اتم
ترجمہ تخریج کی ابونعیم نے عبد الرحمن بن عوفؓ سے وہ اپنی والدہ سے بیان کرتے ہیں کہ جب
آمنہ نے حضرت کو جنا اوّل میں نے اپنے ہاتھوں پر لیا پھر زمین پر لٹایا حضرت اُسوقت چھینکے میں نے
سنا کہ کوئی کہتا ہو کہ اللہ نے تجھپر رحمت فرمائی اور میرے سامنے مشرق سے مغرب تک روشنی ہوگئی
یہانتک کہ اُس روشنی میں میں نے ملک روم کے محل دیکھے پھر میں نے اُنکو کپڑے میں لپیٹ کر
لٹادیا اور کچھ یوں ہی دیر گذری کہ مجھکو ایک اندھیری چھاگئی اور دلمیں رعب سما گیا اور بدن پر
رونگٹا کھڑا ہوگیا تو داہنی طرف سے مجھکو یہ آواز آئی کسی نے کہا کہ اسکو کہاں لے گئے تھے
دوسرے نے جوابدیا کہ مغرب کیجانب پھر وہ اندھیرا وغیرہ کچھ نہ رہا پھر دوبارہ میری وہی حالت
ہوگئی اور اسی حالت میں بائیں جانب سے کیا سنتی ہوں کہ کوئی کہتا ہو کہ اسکو کہاں لے گئے تھے
کسی نے جوابدیا کہ مشرق کیطرف یہ کیفیت جو گذری تھی میرے دلمیں اکثر خیال آتا تھا کہ یہ کوئی

رنگ دکھائیگی سو اللہ تعالیٰ نے انکو نبی بناکر بھیجا اسی لئے میں نے اسلام میں سبقت کی کہ جماعت سابقین میں داخل ہوئے

آٹھویں فصل میں، ہی بیان حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا۔

اخرج ابونعیم عن سعد ابن ابی وقاص قال اقبل عبد اللہ ابن عبد المطلب ابو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی بناء له وعلیه اثر الطین والغبار فمر بلیلی العدویة فلما رأته درأت ما بین عینیه ودعته الی نفسها وقالت له ان وقعت بی فلك مائة من الابل قال لها عبد اللہ بن عبد المطلب حتی اغسل من هذا الطین فارجع الیك فدخل عبد اللہ علی امنة بنت وهب فوقع بها فحملت برسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم فرجع الی لیلی فقال لها هل لك فیما قلت قالت لا قال ولم قالت لانك مررت بی وبین جبینك نور ثم رجعت الی وقد انتزعته امنة منك وفی لفظ لقد دخلت بنور ما خرجت به ولئن کنت اَلممت بامنة لتلدن ملکا

ترجمہ اور تخریج کی ابونعیم نے سعد بن وقاص سے کہا رسول اللہؐ کے والد عبداللہ بن عبد المطلب اپنا مکان چن رہے تھے مٹی گارہ میں سنے ہوئے تھے اتفاقاً لیلی عدویہ کے پاس ہو کر گزرے اُسنے اُنسے بُرے کام کی خواہش کی اور کہا کہ سو اونٹ دونگی انھوں نے کہا اچھا میں نہا کر آؤں گا جب گھر میں گئے اپنے زوجہ آمنہ سے صحبت کرکے پھر لیلی کے پاس آئے کہا کہ اب بھی تجھکو خواہش ہی جو پیشتر تونے استدعا کی تھی اُسنے کہا اب نہیں اُنھوں نے کہا کیوں اُسنے کہا پہلے جسوقت تو آیا تھا تیری پیشانی میں ایک نور تھا اور اب اُسکو آمنہ نے چھین لیا اور ایک روایت میں اسطرح ہی کہ جس نور کے ساتھ تو اپنے گھر گیا تھا وہ نور لیکر نہ نکلا اگر تونے آمنہ سے صحبت کی ہوگی تو البتہ بادشاہ پیدا ہوگا۔ وفی کتاب الریاض النضرة فی فضائل العشرة عن عائشة بنت سعد قالت سمعت ابی یقول رأیت فی المنام قبل ان اسلم بثلث کانی فی ظلمة لا ابصر شیئا اذ اضاء لی قمر فاتبعته فکانی انظر الی من سبقنی الی ذلك القمر فانظر الی زید بن حارثة والی علی ابن ابی طالب وابی بکر وکانی اسألهم متی انتهیتم الی منها وبلغنی ان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم یدعو الی الاسلام مستخفیا فلقیته فی شعب اجیاد وقد صلی العصر فقلت له الی ما تدعو قال تشهد ان لا اله الا اللہ وانی رسول اللہ قلت اشهد ان لا اله الا اللہ واشهد انك رسول اللہ فما تقدمنی الا هم الفضائلی اهـ واللہ سبحانه وتعالی اعلم وعلمه اتم

ترجمہ اور کتاب ریاض النضرۃ فی فضائل العشرہ میں عائشہ بنت سعد سے روایت ہو کہا اُسنے
کہ میرے باپنے مجھسے بیان کیا کہ میں نے مسلمان ہونے سے تین روز پیشتر ایک خواب دیکھا تھا کہ گویا
میں ایک اندھیرے میں ہوں کہ کچھ نظر نہیں آتا اچانک چاند روشن نظر آیا اور میں اس چاند کے
پیچھے ہو لیا پھر ان لوگوں کو دیکھا جو اُس چاند کیطرف مجھسے پیشتر گئے ہوئے تھے اُنہیں سے زید
بن حارث اور علی بن ابیطالب اور ابوبکر کو دیکھا اور اُنسے دریافت کیا کہ تم یہاں کب سے آئے ہو بعد
اس خواب کے سنا کہ رسول اللہؐ اسلام کیطرف خلقت کو پوشیدہ طور پر بلاتے ہیں میں بھی اجیاد کی
گھاٹی میں اُنسے ملا تو اُسوقت انھوں نے عصر کی نماز پڑہی تھی میں نے حضرت سے دریافت کیا کہ تم کس
چیز کیطرف کو بلاتے ہو کہا اس بات کیطرف کہ تو گواہی دے اس امر کی کہ سوائے خدا کے کوئی معبود نہیں
میں اللہ کا رسول ہوں میں نے اُسیوقت کہ دیا کہ گواہی دیتا ہوں میں اس بات کی کہ سوائے اللہ کے
اور کوئی معبود نہیں اور آپ اللہ کے رسول ہیں۔ **نویں فصل** میں ہو بیان حضرت سعید بن زیدؓ
رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا۔ عن سعید بن زید رضی اللہ تعالی عنہ قال خرج ورقۃ بن نوفل
وزید بن عمرو یطلبان الدین حتی مرا بالشام فاما ورقۃ فتنصر واما زید فقیل لہ
ان الذی تطلب امامک فقال فانطلق حتی اتی الموصل فاذا ہو براہب قال من این اقبل
صاحب الراحلۃ قال من بیت ابراہیم قال ما تطلب قال الدین فعرض علیہ النصرانیۃ
فقال لا حاجۃ لی فیہا وابی ان اقبل فقال ان الذی تطلب یظہر بارضک فاقبل وہو
یقول لبیک حقا حقا تعبدا ورقا متا مجتمعنی فانی جاشم حاجہ ای تحملنی عذت
بما عاذ بہ ابراہیم قال ومر بالنبی صلی اللہ علیہ وسلم ومعہ ابو سفیان بن الحارث
یا کلان من سفرۃ لہما فدعواہ الی الغداء فقال یا ابن اخی انی لا اکل مما ذبح علی
النصب قال فما روی النبی صلی اللہ علیہ وسلم من یوم ذلک اکل مما ذبح علی النصب حتی
بعث صلی اللہ علیہ وسلم قال فاتاہ سعید بن زید فقال ان زید اکان کما قد رایت
وبلغک استغفر لہ قال نعم وانہ یبعث یوم القیمۃ امۃ واحدۃ اخرج ابو عمر۔ واللہ
سبحانہ وتعالی اعلم وعلمہ اتم ترجمہ۔ سعید بن زید رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہو
وہ کہتے ہیں کہ ورقہ بن نوفل اور زید بن عمرو دونوں دین کے طلب میں نکلے جبکہ ملک شام میں پہونچے

تو ورقہ بن نوفل تو نصرانی ہو گئے اور زید سے یہ بات کہی گئی کہ جسکی تمکو طلب ہے وہ آگے تلاش کرو
پس زید وہاں سے چلے یہانتک کہ موصل میں پہونچے پس ملاقات کی وہاں اُنسے ایک راہب نے
اُسنے پوچھا کہ تم کہاں سے آئے ہو زید نے جواب دیا کہ جس گھر کو ابراہیمؑ نے بنایا ہے یعنی کمہ مغظمہ سے
آیا ہوں اُسنے پوچھا کس چیز کی طلب میں نکلے ہو کہا دین کی راہب نے کہا نصرانی ہو جاؤ زید نے
قبول کرنیسے انکار کیا اور کہا کہ اُسکی مجھکو حاجت نہیں پھر راہب نے کہا کہ جسکو تم طلب کرتے ہو
وہ تمھاری ہی زمین میں ظہور کریگا پس زید چلے کہتے ہوے تیری ہی خدمت میں حاضر ہوں
بیشک اور بے شبہہ بندہ بنکر غلام ہو کر جب بوجھ ڈالیگا مجھپر اُٹھاؤنگا میں پناہ پکڑتا ہوں ساتھ
اُس چیز کے جسکے ساتھ ابراہیمؑ نے پناہ پکڑی ہو کہا راوی نے جب زید مکہ میں آئے تو حضرتؐ اور
ابو سفیان کو دسترخوان پر کھانا کھاتے پایا پس بلایا اُنھوں نے طرف طعام کے زید نے جواب دیا
کہ اے بھتیجے میں نہ کھاؤنگا وہ کھانا جو ذبح کیا گیا ہو گا تو نپر کہا راوی نے پس نہ دیکھے گئے
نبی صلے اللہ علیہ وسلم اُسدن سے کہ کھایا ہو آپنے وہ طعام جو بتوں کے نام پر ذبح کیا گیا ہوے
یہانتک کہ آپ مبعوث ہوے طرف اللہ کے پس سعید ابن زید آئے اور کہا کہ زید کے حال کو
حضورؐ نے ملاحظہ فرمایا آپ استغفار کریں اُسکے لئے آپنے وعدہ فرمایا اور فرمایا کہ وہ اُٹھیگا قیامت کو
جماعت بنکر تخریج کی اسکو ابو عمر نے

فصل دسویں فصل میں ہے بیان حضرت ابو عبیدہ بن الجراح رضی اللہ
تعالیٰ عنہ کا اخرج البیھقی وابو نعیم عن ابی عبیدۃ بن الجراح ومعاذ بن جبل عن النبی صلی اللہ
علیہ وسلم قال ان الامر ھذا نبوۃ ورحمۃ ثم یکون خلافۃ ورحمۃ ثم کائن ملکا عضوضا ثم
کائن عتوا وجبریۃ وفسادا فی الامۃ یستحلون الفروج والخمور والحریر وینصرون علی
ذلک ویرزقون ابدا حتی یلقوا اللہ واللہ سبحانہ وتعالی اعلم ترجمہ تخریج کی بیہقی اور ابو نعیم
نے ابی عبیدۃ بن الجراح اور معاذ بن جبل سے وہ روایت کرتے ہیں نبیؐ سے کہ فرمایا اول ظہور
دین کا نبوت اور رحمت ہے اسکے بعد خلافت اور رحمت ہوگی پھر بادشاہت گزندہ ہوگی اسکے
بعد سرکشی اور ظلم اور ریاست میں فساد ہو گا حلال جانینگے شرمگاہوں اور شرابوں کو اور ریشمی لباس
کو اور مدد کئے جائینگے اور روزی دیے جاوینگے ہمیشہ یہانتک کہ ملاقات کرینگے اللہ
تعالیٰ سے۔

چوتھا باب

بیان میں ہی روایات صحیحہ کے جو کہ اس باب میں ہیں تقیید صحابہ اور صحابیات اور ام المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین سے۔ سو اب بنظر اختصار ذکر بعض صحابہ اور بعض صحابیات رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کے اوپر اکتفا کیا جاتا ہی اور جو انھوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل بیان فرمائے ہیں انیس سے تھوڑا سا تبرکاً و تیمناً ذکر ہوتا ہی اور اس باب میں بتیس ۳۲ فصلیں ہیں پہلی فصل میں ہی بیان حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا۔

اخرج الحاکم والبیہقی وابو نعیم من طریق ابی عون مولی المسور بن مخرمة عن المسور بن مخرمة عن ابن عباس عن ابیه قال قال عبد المطلب قدمنا الیمن فی رحلة الشتاء فنزلت علی حبر من الیهود فقال رجل من اهل الزبور (یعنی الکتاب) من الرجل قلت من قریش قال من ایهم قلت هاشم قال اتاذن لی ان انظر الی بعضك قلت نعم ما لم یکن عورة قال ففتح احدی منخری فنظر فیه ثم نظر فی الاخر فقال اشهد ان فی احدی یدیك ملکا وفی الاخری نبوة وارٰی ذلك وفی لفظ وانا نجد ذلك فی بنی زهرة فکیف ذلك قلت لا ادری قال هل لك من شاعة قلت وما الشاعة قال الزوجة قلت اما الیوم فلا قال فاذا تزوجت فتزوج منهم فرجع عبد المطلب الی مکة فتزوج هالة بنت وهب بن عبد مناف

تخریج کی حاکم اور بیہقی اور ابونعیم نے طریق ابی عون مولی مسور بن مخرمہ سے اس نے مسور بن مخرمہ سے اسنے ابن عباس سے انہوں نے اپنے باپ سے کہا عبد المطلب نے جب ہم یمن میں پہونچے جاڑوں میں تو اترا میں نزدیک ایک عالم یہود کے پس کہا ایک شخص نے اہل زبور سے کہ یہ شخص کہاں کا ہی۔ میں نے کہا قریش سے ہوں کہا اسنے کون قریش سے میں نے کہا ہاشم سے کہا تم مجھکو اذن دیتے ہو کہ میں تمہارا بعض بدن دیکھوں میں نے کہا کیا مضائقہ ہی بشرطیکہ وہ جگہ شرم کی نہ ہو پس کھولا نتھنا میرا کہ دیکھا پھر دوسرا دیکھکر کہا کہ میں گواہی دیتا ہوں تیرے ایک ہاتھ میں ملک ہی اور دوسرے میں نبوت اور میں اسکو دیکھتا ہوں اور ایک روایت میں الفاظ ہیں اور ہم پاتے ہیں اسکو زہرہ میں پس کیونکر ہی امر میں بولا مجھے علم نہیں پھر اسنے کہا تمہاری بیوی ہی میں نے کہا ابھی نہیں۔ کہا اب جاکر نکاح کرلو۔

پس آئے عبد المطلب مکہ میں اور انہوں نے نکاح کیا ہالہ بنت وہب بن عبد مناف سے

فولدت حمزة وصفية وتزوج ابنه عبد الله
امنة بنت وهب فولدت له رسول الله صلى
الله عليه وسلم فقالت قريش فلج عبد الله على ابيه
واخرج ابو نعيم عن عباس قال كان في عهد
الجاهلية اذا ولد لهم المولود من تحت الليل
رموه تحت الاناء فلا ينظرون اليه حتى يصبحوا
فلما ولد النبي صلى الله عليه وسلم طرحوه تحت
البرمة فلما اصبحوا اتوا البرمة فاذا هي قد انفلقت
ثنتين وعيناه الى السماء فعجبوا من ذلك و
دفع الى امراة من بني بكر ترضعه فلما
دخل عليه الخير من كل جانب ولها شويهات
فبارك الله فيها فنمت وزادت واخرج
البيهقي وابو نعيم وابن عساكر عن العباس
بن عبد المطلب قال ولد النبي صلى الله عليه
وسلم مختونا مسرورا واعجب ذلك عبد المطلب
وحظي عنده وقال ليكونن لابني هذا شان و
الله سبحانه وتعالى اعلم وعلمه اتم

پس جنا انہوں نے حمزہ اور صفیہ کو اور نکاح کیا اپنے بیٹے
عبد اللہ کا آمنہ بنت وہب سے پس پیدا ہوئے انسے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم پس کہا قریش نے فلاح پائی عبد اللہ نے اپنے باپ پر
اور تخریج کی ابو نعیم نے عباس سے کہ عادت عرب کی تہی ایام
جاہلیت میں کہ جب انکے ہاں رات کو بچہ پیدا ہوتا تو اسکو
ڈھکتے نیچے کسی برتن کے اور صبح تک اس کو نہ دیکھتے
پس جب پیدا ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم تو انکو بہی ڈھکا نیچے
ہانڈی کے جب صبح کو دیکھا تو ہانڈی دو ٹکڑے ہوئی
پڑی تہی اور آپکی آنکھیں آسمان کیطرف ہیں پس متحیر ہوئے
اور آپکو سپرد کیا ایک عورت کے قبیلہ بنی بکر سے جب دودھ
پلایا اس نے تو گھیر لیا اس کو ہر طرف سے خیر نے اور اسکے پاس
ایک بکری کا بچہ تہا اسمیں برکت ہوئی بڑھا اور اولاد کثیر ہوئی
اور تخریج کی بیہقی اور ابو نعیم اور ابن عساکر نے حضرت عباس
بن عبد المطلب سے کہا پیدا ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
ختنہ کیے ہوئے ناف بریدہ اس امر سے کمال تعجب کیا عبد المطلب نے
اور بہت دوست رکہا آپکو اور کہا میرے اس بیٹے کی بڑی شان ہی

دوسری فصل میں ہی بیان حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما

عن ابن عباس رضي الله تعالى عنهما قوله تعالى و
تقلبك في الساجدين من صلب نبي الى صلب نبي
ولو مع الوسائط حتى اخرجتك نبيا رواه البزار
وكذا رواه ابن سعد وابو نعيم في الدلائل بسند صحيح
والطبراني ورجاله ثقات وعنه اي عن ابن عباس
رضي الله تعالى عنهما ايضا في تفسير الاية قال لم يزل النبي

ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہی اس آیت کی تفسیر میں
وتقلبك في الساجدين یعنی انتقال آپکا صلب نبی سے صلب نبی
کیطرف اگرچہ باواسطہ ہو یہانتک کہ آپ نبی ہوئے روایت کی
بزار نے اور اسی طرح ابن سعد و ابو نعیم نے دلائل میں بسند صحیح اور
طبرانی نے اور اسکے سب راوی ثقہ ہیں - اور ان ہی ابن عباس
سے اس آیت کی تفسیر میں مروی ہی کہا بزار انتقال فرماتے رہے نبی

صلی الله علیه وسلم ینقلب فی اصلاب الانبیاء
حتی ولدته امه امنة رواه ابو نعیم وروی
ابو نعیم فی الدلائل عن ابن عباس رضی الله تعالیٰ
عنهما انه قال کان من دلالة حمل امنة برسول
الله صلی الله علیه وسلم وهذا موقوف
لفظا وحکمه الرفع اذ لا یقال رایا ان کل دابة
لقریش نطقت تلک اللیلة وقالت حمل برسول
الله صلی الله علیه وسلم ورب الکعبة وهو
امام الدنیا وسراج اهلها وفی نسخة امان بالنون
ای امانها من العاهات العامة وما ارسلناک
الا رحمة للعالمین وسراج اهلها ولم یبق سریر
الملک من ملوک الدنیا الا اصبح منکوسا وفرت
وحوش المشرق الی وحوش المغرب بالبشارات و
کذلک اهل البحار یبشر بعضهم بعضا وله فی کل
شهر من شهور حمله نداء فی الارض ونداء فی السماء ان
ابشروا فقد آن ان یظهر ابو القاسم صلی الله علیه وسلم
میمونا مبارکا الحدیث وهو شدید الضعف و
عن غیره ای غیر ابن عباس لم یبق فی تلک اللیلة دار
الا اشرقت ولا مکان الا دخله النور ولا دابة
الا نطقت وروی الحافظ ابو بکر بن عائذ عن
ابن عباس رضی الله تعالی عنهما انه قال لما ولد
صلی الله علیه وسلم قال فی اذنه رضوان
خازن الجنان ابشر یا محمد فما بقی لنبی علم

صلی اللہ علیہ وسلم پشتوں میں انبیاء کی یہاں تک کہ
متشرف بولادت ہوئیں آپ کی والدہ آمنہ - روایت کی ابو نعیم نے
دلائل میں اور ابن عباسؓ سے موقوفاً مروی ہے لیکن حکماً مرفوع
ہے کہ اس مضمون میں رائے کو کچھ دخل نہیں - وہ کہتے ہیں کہ آپکے
حمل کی علامت یہ تھی کہ قریش کے چوپائے اس رات کلام کرتے اور
کہتے تھے کہ رب کعبہ کی قسم شرف حمل میں تشریف لائے
رسول اللہ صلعم اور آپ پیشوا ہیں تمام اہل دنیا کے
اور ایک نسخہ میں ہے کہ آپ امان ہیں تمام آفتوں سے

وما ارسلناک الا رحمة للعلمین

اور آپ چراغ ہیں واسطے اہل دنیا کے اور
کسی بادشاہ کا کوئی تخت باقی نہ رہا جو اوندھا
نہ ہو گیا ہو اور بشارت دیتے پھرتے تھے
جانور پورب کے پچھم والے جانوروں کو اور
اسی طرح دریائی جانور آپس میں بشارت دیتے تھے اور
ہر مہینہ میں حمل پاک کے مہینوں سے ایک ندا زمین میں اور ایک آسمان میں
دیجاتی تھی کہ مبارک ہو آپہونچا وقت ظہور ابو القاسم صلعم کا
جو کثیر البرکت ہیں - اور یہ حدیث بہت ضعیف ہے اور دوسری
حدیث میں جو غیر ابن عباسؓ سے مروی ہے وارد ہوا اس رات کوئی مکان
نہ رہا مگر روشن ہوا اور اسمیں نور داخل ہوا اور کوئی چارپایہ
نہ رہا مگر بولا - اور روایت کیا حافظ ابو بکر بن عائذ نے ابن عباس
رضی اللہ عنہما سے تحقیق انہوں نے کہا جب پیدا ہوئے نبی
صلی اللہ علیہ وسلم آپکے کان میں آواز دی رضوان
خازن جنت نے کہ مبارک ہو یا محمد نہ باقی رہا علم کسی نبی کا

الا وقد اعطیتہ فانت اکبرھم علما واشجعہم قلبا
ارسلہ ابن عباس ومرسل الصحابة وصل فی
الاصح وحکمہ الرفع اذ لا مجال فیہ للرای وروی
محمد بن سعد من حدیث جماعة منہم عطاء
بن ابی رباح وابن عباس ان امنة بنت وھب
قالت لما فصل ای خرج منی تعنی ترید امنة
النبی صلی اللہ علیہ وسلم خرج معہ نور اضاء لہ
مابین المشرق والمغرب ثم وقع الی الارض معتمدا
علی یدیہ ثم اخذ قبضة من التراب فقبضہا
ورفع راسہ الی السماء وروی احمد فی المسند
عن ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما قال
ولد صلی اللہ علیہ وسلم یوم الاثنین واستنبی
(ای نبی فالسین للتوکید) یوم الاثنین وخرج
مہاجرا من مکة الی المدینة یوم الاثنین
ودخل المدینة یوم الاثنین ورفع صلی اللہ
علیہ وسلم الحجر الاسود الی موضعہ فوضعہ
فیہ بیدہ المبارکة یوم الاثنین وفیہ ارسال
صحابی لانہ لم یدرک ذلک وکان فی الھجرة
ابن ثلاث سنین اھ شرح المواھب للعلامة
الزرقانی بالتقاط واختصار واخرج
ابو نعیم عن ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما
قال کان من دلالات حمل رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم ان کل دابة کانت

مگر آپ کو عطا ہوا سو آپ سب سے بڑھکر ہیں علم میں اور سب سے
زیادہ شجاع ہیں۔ اسکو ارسال کیا ہو ابن عباس نے اور ارسال صحابہ کا
وصل کے حکم میں ہو گویا مرفوع ہو۔ کیونکہ رائے کو اسمیں دخل نہیں
اور روایت کیا محمد بن سعد نے ایک جماعت سے جن میں عطاء
بن رباح اور ابن عباس ہیں کہ فرمایا آمنہ بنت وہب نے
کہ جبکہ جدا ہوئے مجھسے حضرتؐ صلی اللہ علیہ وسلم تو نکلا
ہمراہ آپ کے ایسا نور جس نے مشرق سے مغرب
تک کل روشن کر دیا پھر جھکے آپ طرف زمین کے دونوں
ہاتھ رکھے اسپر اور ایک مٹھی خاک زمین سے اٹھائی اور
سر مبارک بلند کیا طرف آسمان کے۔ اور روایت کیا امام احمد نے
اپنی مسند میں ابن عباسؓ سے۔ کہا پیدا ہوئے
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پیر کے دن اور نبوت ظاہر
ہوئی آپکی پیر کے دن اور ہجرت کی آپ نے مکہ معظمہ سے
طرف مدینہ طیبہ کے پیر (دوشنبہ) کے دن اور آپؐ
داخل ہوئے مدینہ منورہ میں پیر کے دن اور حجر اسود کو
آپ نے اپنے دست مبارک سے رکھا اسکی جگہ پر پیر کے
دن۔
اور تخریج کی ہو ابو نعیم رضی اللہ عنہ نے حضرت ابن عباس
رضی اللہ تعالی عنہما سے۔ کہا آپ کے حمل کی علامات سے
یہ تھا کہ ہر چوپایہ قریش کا اس رات کو گویا ہوا
کہ آج کی رات رہبر دو کونین آقائے دارین
رحمۃ للعالمین۔ سید الانبیاء والمرسلین۔
باعث تخلیق مخلوقات صاحب آیات بینات

لقریش نطقت تلك اللیلة وقالت حمل رسول
الله صلی الله علیه وسلم ورب الکعبة وهو
امان الدنیا وسراج اهلها ولم تبق کاهنة
فی قریش ولا فی قبیلة من قبائل العرب الا حجبت
عن صاحبتها وانتزع علم الکهنته منها ولم
یبق سریر ملك من ملوك الدنیا الا اصبح
منکوسا والملك الاخرسا لا ینطق یومه
ذلك ومرت وحش المغرب الی وحش المشرق
بالبشارات وکذلك اهل البحار یبشر بعضهم
بعضا له فی کل شهر من شهوره نداء فی
الارض ونداء فی السماء ان ابشروا فقد
ان لابی القاسم ان یخرج علی الارض میمونا
مبارکا قال وبقی فی بطن امه تسعة اشهر
کملا لا تشکو وجعا ولا ریحا ولا مغصا ولا ما
یعرض النساء من ذوات الحمل من الثقل
وهلك ابوه عبد الله وهو فی بطن امه فقالت
الملائکة الهنا وسیدنا بقی نبیك هذا یتیما
فقال الله انا له ولی وحافظ ونصیر وتبرکوا
بمولوده فمولوده میمون مبارك وفتح
لمولوده ابواب السماء وجنانه فکانت
امنة تحدث عن نفسها وتقول اتانی آت
حین مربی من حمله ستة اشهر فوکزنی
برجله فی المنام وقال یا امنة انك قد حملت

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شکم مادر میں تشریف لائے
قسم ہی رب کعبہ کی کہ وہ امان ہیں اہل دنیا کے
اور چراغ ہیں ان کے واسطے۔ اور نہ باقی رہا علم
کسی کاہن کا مگر جاتا رہا۔ اور الٹے ہو گئے
تخت دنیا بھر کے بادشاہوں کے اُس
صبح کو۔ اور تمام بادشاہ اسدم گونگے ہو گئے
کہ اس روز ان میں کلام کرنے کی طاقت نہ رہی
اور تمام جانور مغرب و مشرق کے باہم مبارکباد دیتے تھے
اور دریائی جانوروں کا بھی یہی حال ہوا۔ اور ہر
مہینہ میں حمل کے مہینوں سے ایک آواز دیجاتی
تھی زمین میں اور ایک آسمان میں کہ خوشخبری اور
بشارت ہو کہ وقت آیا ظہور ابو القاسمؐ کا کہ وہ بڑی
برکت والے ہیں۔ اور آپ پورے نو مہینے شکم مادر
میں رہے اور نہ شکایت ہوئی کسی قسم کی گرانی وغیرہ کی
جس طرح ہوتی ہی عورتوں کو حمل میں گرانی اور
آپکے والد کا انتقال ہو گیا آپ کی ولادت سے پہلے۔
پس کہا فرشتوں نے یا الٰہی آپکا محبوب نبی یتیم ہوا
جناب باری نے ارشاد فرمایا کہ میں اسکا حافظ نگہبان و
مددگار رہوں برکت حاصل کرو اسکی جائے ولادت سے کہ وہ متبرک
ہی۔ کھولے جاویں دروازے آسمان اور جنت کے اور آمنہ
اپنا حال بیان کرتی ہیں کہ جب چھ مہینے حمل کے
گذر لیے ایک آنے والا آیا اور پیر سے مجھکو
آگاہ کیا۔ اور کہا کہ اے آمنہ تو بار دار ہوئی

بخير العالمين جميعا طرا فاذا ولدته فسميه
محمدا فكانت تحدث عن نفسها وتقول لقد
اخذني ما ياخذ النساء ولم يعلم بي احد من
القوم فسمعت وجبة شديدة وامرا عظيما فهالني
ذلك فرايت كان جناح طير ابيض قد مسح
على فؤادي فذهبت عني كل رعب وكل وجع
كنت اجد ثم التفت فاذا انا بشربة بيضاء
لبنا وكنت عطشى فتناولتها فشربتها فاضاء
مني نور عال ثم رايت نسوة كالنخل لطوال
كانهن من بنات عبد مناف يحدقن بي
فبينا انا اعجب اذا بديباج (وفي نسخة تعجب و
اقول واغوثاه من اين علمن بي قال في غير هذه
الرواية فقلن لي نحن آسية امراة فرعون و
مريم بنت عمران وهولاء من حور العين واشتد
الامر انا اسمع الوجبة في كل ساعة اعظم مما
تقدم فبينما انا كذلك اذا بديباج) ابيض قد مد
بين السماء والارض فاذا قائل يقول خذه
من اعين الناس قالت ورايت رجالا
قد وقفوا في الهواء بايديهم اباريق من
فضة ورايت قطعة من الطير قد اقبلت
حتى غطت حجري مناقيرها من الزمرد
واجنحتها من اليواقيت فكشف الله عن
بصري وابصرت تلك الساعة مشارق

ساتھ خیر العالمین کے اور جب یہ پیدا ہوں تو نام پاک
انکا محمد رکھیو۔ یہ واقعہ خواب کا ہے اور بیان کرتی ہیں کہ
جب مجھکو پکڑا اس امر نے جو عورتونکو واقع ہوتا ہے اور میرا حال کسیکو
معلوم نہ تہا قوم میں سے۔ پس میں نے سنا ایک دہما کا سخت اور امر عظیم پس
ہیبت ہوئی مجھکو پس ملا گیا میرے دل پر گویا بازو سفید جانور کا
اسکے اثر سے وہ رعب جاتا رہا۔ پھر دی گئی میں شربت
کہ دودہ سے زیادہ سفید تہا۔ چونکہ میں پیاسی تہی
پیا اوس کو پس روشن کر دیا مجھکو ایک نور
بلند نے۔ پھر دیکھا میں نے عورتوں کو لمبے قد کی۔
جیسے عبد مناف کی بیٹیاں تہیں وہ مجھکو دیکھ رہی ہیں
اور مجھکو تعجب ہوتا تہا۔ میں کہتی تہی کہ انہوں نے کہاں سے
جان لیا حال میرا پس انھوں نے کہا ہم آسیہ بیوی فرعون
کی اور مریم بنت عمران ہیں۔ اور باقی یہ دوسری
عورتیں حور عین ہیں۔ آمنہ کہتی ہیں کہ میں ہر ہر
لحظہ آواز سخت سنتی تہی۔ اور کھینچا گیا دیبا
سفید درمیان آسمان اور زمین کے گویا
خیمہ قائم کیا گیا۔ اور کوئی شخص کہتا ہے کہ چھپاؤ
ان کو لوگوں کی نظروں سے۔ کہا آمنہ نے اور
دیکھا میں نے لوگوں کو کہ ہوا میں معلق ہیں انکے ہاتہوں
میں چاندی کے آفتابے ہیں۔ اور ایک قطار دیکھی پرندونکی
گویا میری گودی کو گھیر لیا ان کی چونچیں زمرد کی تہیں
اور بازو یاقوت کے۔ اور پردہ دور کر دیا اللہ نے
میری نظر سے پس اسوقت تمام مشرق اور مغرب میرے

الارض ومغاربها ورأيت ثلاثة اعلام مضروبات علمافى المشرق وعلما فى المغرب وعلما على ظهر الكعبة فاخذنى المخاض فولدت محمدا صلى الله عليه وسلم فلما خرج من بطنى نظرت اليه فاذا انا به ساجد قد رفع اصبعيه الى السماء كالمتضرع المبتهل ثم رايت سحابة بيضاء قد اقبلت من السماء حتى غشيته فغيب عن وجهى وسمعت مناديا ينادى طوفوا بمحمد شرق الارض وغربها وادخلوه البحار ليعرفوه باسمه ونعته وصورته ويعلموا انه سمى فيها الماحى لايبقى شئ من الشرك الا محى فى زمنه ثم تجلت عنه فى اسرع وقت فاذا انا به مدرج فى ثوب صوف ابيض وتحته حريرة خضراء وقد قبض على ثلاثة مفاتيح من اللؤلؤ الرطب واذا قائل يقول قبض محمد مفاتيح النصرة مفاتيح الريح مفاتيح النبوة ثم اقبلت سحابة اخرى يسمع منها صهيل الخيل و خفقان الاجنحة حتى غشيته فغيب عنى فسمعت مناديا ينادى طوفوا بمحمد الشرق والغرب على مواليد النبيين واعرضوه على كل روحانى من الجن والانس والطير والسباع واعطوه صفا آدم ورقة نوح وخلة ابراهيم ولسان اسماعيل وبشرى يعقوب

سامنے تھی۔ اور دیکھا میں نے کہ تین جھنڈے قائم کیے گئے ایک مشرق میں ایک مغرب میں ایک کعبہ کی چھت پر۔ پھر دردزہ ہوا پس پیدا ہوئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔ جب حضرت جدا ہوئے مجھ سے آپ نے سجدہ کیا اور دونوں انگلیاں اٹھائیں طرف آسمان کے عاجزی کے ساتھ۔ پھر دیکھا میں نے کہ ایک ابر سفید آسمان سے آیا اور ڈھک لیا آپ کو۔ پس غائب کیے گئے آپ میری نظروں سے۔ اور میں نے آواز سنی کہ سیر کراؤ محمد کو مشرق اور مغرب کی اور دریاؤں کی تاکہ پہچان لیں انکو ساتھ نام اور وصف اور صورت کے اور یہ کہ انکا نام ماحی ہے۔ مٹ جاویگا شرک وکفر انکے عہد میں۔ پھر فوراً لائے گئے آپ میرے سامنے سفید کپڑے میں لپٹے ہوئے اور آپ کے نیچے سبز ریشمی نہالچہ تھا اور ہاتھ میں پکڑے ہوئے تھے تین کنجیاں تروتازہ موتیوں کی۔ اور کوئی کہتا ہے کہ قابض ہوئے محمد نصرت اور مدد کی کنجیوں پر۔ پھر (آہستہ کہتی ہیں کہ) آیا ایک دوسرا بادل آیا جس میں آواز گھوڑوں اور پرندوں کے اڑنے کی سنائی دیتی تھی۔ یہاں تک کہ آپ کو گھیر لیا اس ابر نے اور آپ غائب ہو گئے۔ پھر سنی میں نے یہ آواز کہ محمد کو مشرق مغرب میں اور پیدائش گاہ انبیاء پر پھراؤ۔ اور پیش کرو ہر ذی روح پر جن ہوں یا انس۔ درندہ ہوں یا پرندہ وغیرہ اور انہیں دو صفوت آدم۔ رقت نوح۔ خلت ابراہیم۔ لسان اسمٰعیل۔ بشارت یعقوب

وجمال يوسف و... صوت داود وصبر ايوب
وزهد يحيى وكرم عيسى واغمسوه في
اخلاق الانبياء ثم تجلت فاذا انا به قد قبض
حريرة خضراء مطوية اذا قائل يقول بخ
بخ قبض محمد على الدنيا كلها لم يبق خلق من
اهلها الا دخل في قبضته واذا انا بثلاثة نفر
في يد احدهم ابريق فضة وفي يد الاخر طست
من زمرد اخضر وفي يد الثالث حريرة بيضاء
فنشرها فاخرج منها خاتما تحار ابصار الناظرين
دونه فغسله من ذلك الابريق سبع مرات
ثم ختم بين كتفيه بالخاتم ثم لفه في الحريرة
ثم حمله فادخله بين اجنحته ساعة ثم رده
الى وفي انسان العيون وعن ابن عباس
رضي الله تعالى عنه ولد يوم الاثنين في
ربيع الاول وانزلت عليه النبوة يوم الاثنين
في ربيع الاول وهاجر الى المدينة يوم
الاثنين في ربيع الاول قال بعضهم وهذا
غريب جدا واخرج الدارمي وابن ابي
سعد وابن عساكر عن ابي فروة عن ابن
عباس انه سال كعب الاحبار كيف تجد
نعت رسول الله صلى الله عليه وسلم
في التوراة فقال كعب نجده محمد بن
عبد الله يولد بمكة ويهاجر الى طابة ويكون

اور جمال یوسفؑ اور آواز داؤدؑ اور صبر ایوبؑ اور
زہد یحییٰ اور کرم عیسیٰؑ کا بلکہ غوطہ دو اسے جملہ
اخلاق انبیا میں۔ پھر وہ ابر ہٹا اور آپ حریر سبز
میں لپٹے ہوئے تھے جو دیکھا میں نے آپ کو۔ اور کہتا تھا
کوئی کہ واہ واہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے قبضہ کیا پوری دنیا
پر۔ اور دیکھا میں نے تین شخصوں کو ایک کے ہاتھ
میں چاندی کا آفتابہ تھا۔ دوسرے کے ہاتھ میں طشت
زمرد سبز کا اور تیسرے کے ہاتھ میں کپڑا ریشمی سفید
پس کھولا اس کو اور اس میں سے ایک انگوٹھی نکالی جو آنکھوں کو
خیرہ کرتی تھی پس نہلایا آپ کو اس آفتابہ سے سات مرتبہ
پھر مہر لگائی دونوں شانوں کے درمیان۔ پھر لپیٹا اس حریر میں
اور داخل کیا آپ کو اپنے بازو میں پھر مجھکو دیا۔
اور انسان العیون میں حضرت ابن عباسؓ
سے مروی ہے کہ پیدا کیے گئے آنحضرتؐ پیر کے دن ماہ
ربیع الاول میں اور پیر ہی کے دن ربیع الاول میں
نبوت ملی اور ہجرت بھی کی آپ نے مدینہ کی طرف
پیر کو ربیع الاول میں۔ بعض لوگوں نے کہا کہ یہ امر
نادرات سے ہے۔ اور تخریج کی ہے دارمی اور ابن ابی سعد
اور ابن عساکر نے ابی فروہ سے انہوں نے ابن عباسؓ سے
کہ تحقیق انہوں نے سوال کیا کعب احبار سے کہ تم کیونکر پاتے ہو
تعریف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کتاب
توریت میں۔ کعب نے جواب دیا کہ ہم پاتے ہیں محمد بن
عبد اللہ پیدا ہونگے مکہ میں اور ہجرت کرینگے طرف طابہ کے

ملکه بالشام ولیس بفحاش ولا بسخاب فی الاسواق
ولا یکافی بالسیئة السیئة ولکن یعفو ویغفر
الحدیث واخرج الحاکم وصححه عن ابن
عباس قال اوحی الله الی عیسے امن بمحمد و
مر من ادرکه من امتك ان یومنوا به فلولا
محمد ما خلقت ادم ولا الجنة ولا النار لقد
خلقت العرش علی الماء فاضطرب فکتب علیه
لا اله الا الله محمد رسول الله فسکن و
اخرج ابن عساکر من طریق کریب عن
ابن عباس قال لم یزل الله تعالی یتقدم
فی النبی صلی الله علیه وسلم الی ادم فمن
بعده ولم تزل الامم تتباشر وتستفتح به
حتی اخرجه الله فی خیر امة وفی خیر قرن
وفی خیر اصحاب وخیر بلد فاقام بما شاء الله
وهو حرم ابراهیم ثم اخرجه الی طیبة
وهی حرم محمد فکان مبعث من حرم ومهاجره
الی حرم واخرج ابن سعد عن ابن عباس
قال لما امر ابراهیم باخراج هاجر حمل علی
البراق فکان لا یمر بارض عذبة سهلة
الا قال انزل ههنا یا جبریل فیقول لا
حتی الی مکة فقال جبریل انزل یا ابراهیم
قال حیث لا ضرع ولا زرع قال نعم ههنا
یخرج النبی الذی من ذریتك الذی تتم

اور بادشاہت انکی شام میں ہوگی فحش نہ بولینگے نہ بازار دمیں
آواز بلند کرینگے نہ بدی کے بدلہ بدی کرینگے بلکہ معاف کرینگے اور
بخشدینگے۔ اور تخریج کی ہے حاکم نے اور تصحیح کی ابن عباس سے
کہ وحی آئی عیسیٰ کے پاس کہ تم محمدؐ پر ایمان لاؤ اور حکم
کرو اپنی امت کو کہ ایمان لاویں اپر جب پاویں ان کو
پس اگر محمد نہ ہوتے تو میں نہ آدم کو پیدا کرتا نہ جنت نہ جہنم
مگر البتہ پیدا کیا میں نے عرش کو پانی پر پس کانپا وہ پس
لکھا میں نے اسپر لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ تب ٹھہر گیا وہ
اور تخریج کی ابن عساکر نے طریق کریب سے کہ ابن عباسؓ
نے کہا اللہ تعالیٰ ہمیشہ اقبال فرماتا رہا طرف آدمؑ کے
اور ان کے بعد نبیوں پر اور مطمح نظر محمد صلی اللہ علیہ
وسلم تھے۔ اور ہمیشہ دوسری امتیں باہم بشارت دیتی رہیں
اور فتح طلب کرتی رہیں آپکے ساتھ یہانتک کے پیدا کیا خدا نے
آپکو بہتر امت بہتر زمانہ۔ بہتر اصحاب بہتر شہر میں اور رکھا انکو
جب تک چاہا اللہ نے اس حرم ابراہیمؑ میں پھر ہجرت کرائی
مدینہ کی طرف جو حرم محمدؐ ہے پس آپ مبعوث ہوے حرم میں
اور ہجرت کی حرم میں۔ اور تخریج کی ہے ابن سعد نے ابن عباس سے
کہ جب ابراہیمؑ مامور ہوے ہاجرہ کے اخراج پر سوار کیے گئے براق
پر اور جہاں زمین نرم اور شیریں پاتے جبریل سے اترنے
کو کہتے اور وہ انکار کرتے اور روک دیتے یہاں تک کہ
مکہ میں پہونچے پس جبریل نے کہا یہاں اتریے۔ ابراہیمؑ
بولے یہاں جہاں نہ کھیتی ہے نہ دودھ جبریل نے کہا ہاں
یہیں آپکی ذریت سے وہ نبی پیدا ہونگے جنپر تمام

به الكلمة العليا واخرج ابن سعد وابن
عساكر عن ابن العباس قال قال رسول الله
صلى الله عليه وسلم خرجت من لدن ادم
من نكاح غير سفاح واخرج الطبرانى
عن ابن عباس قال قال رسول الله صلى
الله عليه وسلم ما ولدنى من سفاح الجاهلية
شئ وما ولدنى الا نكاح كنكاح الاسلام
واخرج ابو نعيم من طرق عن ابن عباس
قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم
لم يلتق ابوائ قط على سفاح لم يزل الله
ينقلنى من الاصلاب الطيبة الى الارحام
الطاهرة مصفى ومهذبا لا ينشعب شعبتان
الا كنت فى خيرهما واخرج ابن سعد من
طريق الكلبى عن ابى صالح عن ابن عباس
قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم
خير العرب مضر وخير مضر بنو عبد مناف
وخير بنى عبد مناف بنو هاشم وخير بنى هاشم
بنو عبد المطلب والله ما افترق فرقتان منذ
خلق الله ادم الا كنت فى خيرهما واخرج
ابن عمر العدنى فى مسنده عن ابن عباس
ان قريشا كانت نورا بين يدى الله تعالى
قبل ان يخلق ادم بالفى عام يسبح ذلك النور
وتسبح الملائكة بتسبيحه فلما خلق الله ادم

ہوگا سلسلہ وحی۔ اور تخریج کی ابن سعد اور ابن عساکر نے
ابن عباسؓ سے۔ کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم نے میں آدمؑ سے لیکر وقت ولادت تک نکاح
سے منتقل ہوتا رہا ہوں۔ اور تخریج کی طبرانی نے
ابن عباسؓ سے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا کہ میری پیدائش کے سلسلہ میں ابتدا سے کبھی بھی
زنا نہ ہوا۔ میں پیدا ہوا ہوں ساتھ نکاح شرعی کے
اور تخریج کی ابو نعیم نے ابن عباسؓ سے چند طرق سے کہا
فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کبھی نہیں
ملے میرے آباء ساتھ زنا کے بلکہ ہمیشہ اللہ تعالی مجکو
پاک پشتوں سے طرف پاک رحموں کے منتقل کرتا رہا
اور جب ہوا کوئی قبیلہ دو شاخ تو میں اس شاخ
میں رہا جو افضل ہو۔ اور تخریج کی ابن سعد نے
بطریق کلبی ابی صالح سے انہوں نے ابن عباسؓ سے
کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہترین قبیلہ
عرب میں مضر ہوا اور مضر میں بہتر خاندان عبد مناف ہو
اور ان میں بہتر بنی ہاشم اور اولاد ہاشم میں بہتر نسل
عبد المطلب ہو۔ اور حضرت آدم کے زمانہ سے میں ہمیشہ
بہترین فرقہ میں رہا ہوں۔ اور تخریج کی حضرت
ابن عمر عدنی نے اپنی مسند میں ابن عباسؓ سے کہ
آدم کی پیدائش سے دو ہزار برس پہلے اللہ تعالی کے
حضور میں قریش کا ایک نور تھا جو تسبیح کرتا تھا اور فرشتے
بھی اس نور کی ہمراہی میں تسبیح کرتے تھے جب اللہ نے آدم کو

القی ذلک النور فی صلبه قال رسول الله
صلی الله علیه وسلم فاهبطنی الله الی الارض
فی صلب ادم وجعلنی فی صلب نوح وقذف بی فی صلب
ابراهیم ثم لم یزل الله ینقلنی من الاصلاب الکریمة
والارحام الطاهرة حتی اخرجنی من بین ابوی
لم یلتقیا علی سفاح قط واخرج ابو نعیم و
الخرائطی وابن عساکر من طریق عطاء عن
ابن عباس رضی الله تعالی عنهما قال لما خرج
عبد المطلب بابنه لیزوجه مر علی کاهنة
من اهل تبالة مشهورة قد قرأت الکتب
یقال لها فاطمة بنت مر الخثعمیة فرأت
نور النبوة فی وجه عبد الله فقالت له یا فتی
هل لک ان تقع علی الان واعطیک مائة
من الابل فقال للیهودیة عبد الله الشعر

اما الحرام فالممات دونه | والحل لا حل فاستبینه
فکیف لی الامر الذی تبغینه | یحمی الکریم عرضه ودینه

ثم مضی مع ابیه فزوجه امنة بنت وهب فاقام
عبد الله عندها ثلاثا ثم نفسه دعته الی
ما دعته الیه الخثعمیة فاتاها فقالت ما صنعت
بعدی قال زوجنی ابی امنة بنت وهب فاقمت
عندها ثلاثا قالت انی والله ما انا صاحبة
ریبة ولکنی رأیت فی وجهک نورا فاردت
ان یکون فی وابی الله الا ان یصیره حیث

تو وہ نور اُن کی پشت میں رکہا۔ رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اُتارا مجھکو اللہ نے زمین کیطرف
پشت آدمؑ میں اور پشت نوحؑ اور پشت ابراہیمؑ میں
پھر مجھے برابر منتقل کرتا رہا پاک پشتوں سے پاک رحموں
کی طرف یہاں تک کہ برآمد کیا مجھکو میرے والدین
اور کبھی اجتماع نہ ہوا حرام پر۔ اور تخریج کی ابو نعیم اور
خرائطی اور ابن عساکر نے طریق عطا سے حضرت
ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کہا کہ جب عبد المطلب نے
اپنے بیٹے کا نکاح کرنا چاہا اور انکو لیکر چلے ایک کاہنہ
کے سامنے انکا گذر ہوا جسکا نام فاطمہ بنت مر الخثعمیہ تہا
اس کاہنہ نے جب اپنے علم کے مطابق عبد اللہ میں
نور نبوت دیکہا تو ان سے کہا کہ اے جوان اگر تو
میرے ساتھ ہم صحبت ہو تو میں تجھے سو اونٹ دوں
عبد اللہ نے اس یہودن کاہنہ کو جواب دیا کہ۔
کریم اپنے دین اور عزت کو بچاتا ہے میں کسطرح تیرا کہنا مان
سکتا ہوں۔ حرامکاری سے پہلے مرجانا بہتر ہے۔
پھر اپنے باپ کے ساتھ چلے گئے اور نکاح کردیا آمنہ بنت
وہب سے اور رہے وہاں تین روز۔ پھر انکے نفس اماره
نے خواہش کی اُس امر کی جسکی کاہنہ خواہشمند تہی جب انکے
پاس پہونچے اس نے دریافت حال پوچھا آپنے نکاح اور
تین دن اقامت کا حال کہا۔ اس عورت نے بقسم کہا
میں شک شبہہ والی نہیں ہوں میں نے تیرے چہرہ پر
ایک نور دیکہا تہا میں چاہتی تہی کہ اسے لیلوں مگر وہ میسر نہوا

احب **واخرج** ابن عساكر عن ابن عباس رضی
الله تعالی عنہما قال لما ولد النبی صلی الله علیه
وسلم عق عنه عبد المطلب بكبش وسماه
محمدا فقيل يا ابا الحارث ما حملك على ان سميته
محمد اولم تسمه باسم ابائه قال اردت ان
يحمده الله فی السماء ويحمده الناس فی الارض
واخرج البيهقی وابو نعيم وابن عساكر من
طريق عكرمة عن ابن عباس قال كانت امرأة
من خثعم تعرض نفسها فی موسم من المواسم
وكانت ذات جمال ومعها ادم تطوف كانها
تبيعه فاتت على عبد الله بن عبد المطلب فلما
رأته اعجبها فعرضت نفسها عليه فقال مكانك
حتى ارجع اليك فانطلق الى اهله فبدا له فوقع
اهله فحملت بالنبی صلی الله علیه وسلم فلما رجع
اليها قالت من انت قال انا الذی وعدتك
قالت لا ما انت هو ولئن كنت ذاك لقد
رأيت بين عينيك نورا ما اراه الآن و
اخرج ابو نعيم عن بريدة وابن عباس قالا
رأت امنة فی منامها فقيل لها انك قد
حملت بخير البرية وسيد العلمين فاذا
ولدتيه فسميه احمد ومحمدا **واخرج** ابن
سعد وابن عساكر عن ابن عباس ان امنة
قالت لقد علقت به فما وجدت له مشقة

جہاں مشیت الٰہی تھی۔ تخریج کی ابن عساکر نے ابن عباسؓ
کہ کہا جب پیدا ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم تو عقیقہ کیا
ان کا عبد المطلب نے اور محمد نام رکھا۔
پس کہا گیا کہ اے ابو الحارث تمنے اس فرزند کا نام محمد
کیوں رکھا۔ اپنے اسلاف کی وضع پر کیوں نہ نام رکھا۔
جواب دیا۔ اس لیے کہ اللہ تعریف کرے آسمانوں پر اور لوگ انکی
تعریف کریں زمین پر۔ اور تخریج کی بیہقی اور ابو نعیم و ابن عساکر نے
بطریق عکرمہ ابن عباس سے کہا کہ قبیلہ خثعم کی ایک حسینہ
عورت اپنے نفس کو ایک میلہ میں عرب کے میلوں میں سے
انکے پاس ایک خوشبودار چمڑا تھا جسکو بیچتی تھی۔
جب وہ حضرت عبد اللہ کو دیکھکر مائل ہوئی اور اپنے نفس کو
پیش کیا۔ عبد اللہ نے اس سے کہا کہ تو ٹھیری رہ میں
میں گھر سے لوٹ کر ابھی آتا ہوں۔ پس آپ مکان
گئے اور اہلبیت سے مشغول ہوکر واپس ہوئے اور وہ حاملہ
ہو چکیں۔ جب اس عورت کے پاس لوٹے وہ بولی کہ تم
کون ہو عبد اللہ نے کہا میں وہی ہوں جس سے وعدہ تھا
اسنے کہا غلط۔ اگر تم وہ ہوتے تو میں تم میں ہی نور پاتی۔
اور تخریج کی ابو نعیم نے بریدہ اور ابن عباس سے کہا دونوں نے
آمنہ نے خواب میں دیکھا کوئی کہتا ہے کہ اے آمنہ تم حاملہ ہو
ساتھ بہترین خلائق کے۔ اور سرور عالمیں کے جب
پیدا ہوں ان کا نام محمد رکھنا۔ اور تخریج کی ابن
سعد اور ابن عساکر نے ابن عباس سے کہ حضرت آمنہ
نے فرمایا کہ جب میں حاملہ تھی ساتھ حضرت کے نہ پائی میں نے تکلیف

حتی وضعته فلما فصل منی خرج معه نور
اضاء له ما بین المشرق الی المغرب ثم وقع
الی الارض معتمدا علی یدیه ثم اخذ قبضة
من تراب فقبضها ورفع راسه الی السماء
واخرج ابن سعد وابو نعیم عن ابن عباس
قال کانت یہود قریظة والنضیر وفدک
وخیبر یجدون صفة رسول الله صلی
الله علیه وسلم عندهم قبل ان یبعث وان
دار هجرته المدینة فلما ولد قالت احبار
یہود ولد احمد اللیلة هذا الکوکب قد طلع
فلما تنبأ قالوا تنبأ احمد کانوا یعرفون
ذلک ویقرؤن به ویصفونه واخرج
ابن عدی وابن عساکر من طریق عطاء
عن ابن عباس قال ولد النبی صلی الله علیه
وسلم مسرورا مختونا واخرج البیهقی
عن ابن عباس کان رسول الله صلی الله
علیه وسلم یری باللیل فی الظلمة کما یری

بیان تک کہ ولادت ہوئی جب آپ مجھ سے جدا ہوئے تو نکلا
آپ کے ہمراہ ایک نور جس سے روشن ہو گیا مشرق سے مغرب تک
پھر آپ زمین کیطرف آئے اور ایک مٹھی خاک اٹھا کر آسمان
کی طرف سر بلند کیا
اور تخریج کی ابن سعد وابو نعیم نے ابن عباس سے کہا کہ
کہ یہود بنی قریظہ ونضیر اور فدک کے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کے اوصاف حمیدہ آپ کے
مبعوث ہونے سے پہلے اپنی کتابوں میں پاتے تھے
اور یہ کہ آپکا دار الہجرۃ مدینہ ہے۔ جب آپ پیدا ہوئے یہود کے
علماء کرام نے کہا کہ آج شب کو احمد پیدا ہو گئے تارہ نکلا ہے
جب ستارہ چمکا کہتے تھے چمکا ستارہ احمدی خوب جانتے تھے
اسکو اور اسکا ذکر پڑھتے اور تعریف کیا کرتے تھے۔ اور تخریج
کی ابن عدی اور ابن عساکر نے طریق عطاء سے انہوں نے
ابن عباس سے کہ پیدا ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم
ناف بریدہ اور ختنہ کردہ شدہ۔ اور تخریج کی بیہقی نے
ابن عباس سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات کی
تاریکی میں ایسا دیکھتے تھے جیسا دن کی روشنی میں۔

بالنهار فی الضوء والله سبحانه وتعالی اعلم وعلمه اتم **تیسری فصل میں** ہے بیان حضرت عبد الله

بن مسعود رضی الله تعالی عنه کا اخرج الزبیر بن
بکار فی اخبار مدینة وابو نعیم عن ابن مسعود
قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم صفتی
احمد المتوکل مولده مکة ومهاجره الی طیبة
لیس بفظ ولا غلیظ یجزی بالحسنة الحسنة و

تخریج کی ہے حضرت زبیر بن بکار نے اخبار
مدینہ میں اور ابو نعیم نے ابن مسعود سے کہا
فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میری صفت احمد
متوکل ہے۔ جائے پیدائش مکہ اور جائے ہجرت مدینہ
سخت گو اور تند خو نہیں۔ نیکی کا بدلہ نیکی کرتا اور

لایکافی بالسیئة الحدیث واخرج ابن عساکر
عن ابن مسعود قال قال ابو بکر الصدیق خرجت
الی الیمن قبل ان یبعث النبی صلی الله علیه وسلم
فنزلت علی شیخ من الازد عالم قد قرأ الکتب
واتت علیه اربعمائة سنة الا عشر سنین فقال
لی احسبك حرمیا قلت نعم قال احسبك قرشیا
قلت نعم قال واحسبك تیمیا قلت نعم قال
بقیت لی منك واحدة قلت ما هی قال
اکشف لی عن بطنك قلت لم ذالك قال اجد
فی العلم الصادق ان نبیا یبعث فی الحرم یعاون
علی امره فتی وکهلا فاما الفتی فخواض غمرات
ودفاع معضلات واما الکهل فابیض نحیف
علی بطنه شامة وعلی فخذه الیسری علامة
وما علیك ان ترینی فقد تکاملت لی فیك
الصفة الا ما خفی علی قال ابو بکر فکشفت له
عن بطنی فرای شامة سوداء فوق سرتی
فقال انت هو ورب الکعبة واخرج
الطیالسی والبیهقی عن ابن مسعود قال قال
رسول الله صلی الله علیه لا تسبوا قریشا فان
عالمها یملأ الارض علما قال الامام احمد وغیره
هذا العالم هو الشافعی لانه لم ینتشر فی طباق
الارض من علم عالم قریشی من الصحابة وغیرهم
ما انتشر من العلم الشافعی رضی الله تعالی عنهم اجمعین
رحمه الله تعالی اعلم ...

بدی سے درگذر کرتا اور تخریج کی ابن عساکر نے ابن
مسعود سے کہا فرمایا ابو بکر صدیق رضہ نے کہ قبل بعثت
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے میں یمن کی طرف گیا - اور
اترا میں ایک ازد کے شیخ کے پاس جو عالم تہا اور کتب بینی
بہی کرتا تہا اسکی عمر تین سو نوے ٣٩٠ برس تہی اس شخص نے
میں گمان کرتا ہوں کہ تم حرم کے باشندہ ہو میں نے کہا ہاں
پہر کہا تم قریشی معلوم ہوتے ہو میں نے کہا ہاں - پہر کہا تیمی ہو
میں نے کہا ہاں - پہر کہا اب صرف ایک علامت باقی رہگئی ہے جو پوشیدہ
رہ گیا - کہا اپنا پیٹ کہولو - میں نے کہا کیوں - بولا
میں علم صادق میں پاتا ہوں کہ حرم میں ایک نبی ہوگا اسکے
امر میں دو شخص اعانت کرینگے ایک جوان اور ایک ادھیڑ
جوان سخت لڑائیوں میں مقابلہ اور مشکلات کا دفاع کریگا
اور ادھیڑ جسکی گوری رنگت دبلا بدن ہوگا اور اسکے پیٹ پر
تل اور بائیں ران پر ایک علامت ہو - تو مجہے پیٹ کیوں نہیں
دکہا دیتا کہ سب ظاہر ہو جاوے - پس میں نے پیٹ کہولدیا
جب اس نے میری ناف کے اوپر سیاہ تل دیکہا کہنے لگا
رب کعبہ کی قسم تو وہی (ادھیڑ) شخص ہے - اور تخریج کی
طیالسی اور بیہقی نے ابن مسعود سے کہا فرمایا رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تم قریش کو گالی مت دو
کیونکہ عالم قریش زمین کو علم سے پر کردیگا - امام احمد وغیرہ
نے کہا کہ وہ عالم امام شافعی ہیں کیونکہ طبقات زمین پر صحابہ
وغیرہ سے کسی قریشی کا اتنا علم نہیں پہیلا جتنا انکا پہیلا
رضی اللہ تعالی عنہم اجمعین - واللہ اعلم

چوتھی فصل میں ہو بیان حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالی عنہما کا۔

اخرج الطبرانی فی الاوسط عن عبد اللہ بن
عمر رضی اللہ تعالی عنہما قال قال رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ اختار خلقہ فاختار
منہم بنی ادم ثم اختار من بنی ادم العرب ثم
اختارنی من العرب فلم ازل خیارا من خیار
واخرج ابن عساکر عن عبد اللہ بن عمر قال ولد
النبی صلی اللہ علیہ وسلم مسرورا مختونا

تخریج کی طبرانی نے اوسط میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ
عنہما سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
اللہ تعالی نے پیدا فرمایا مخلوقات کو پھر برگزیدہ کیا
انہیں سے اولاد آدم کو۔ پھر آدم کی اولاد سے عرب کو
اور عرب میں سے مجھکو برگزیدہ بنایا پس ہمیشہ میں بہترین رہا
اور تخریج کی ابن عساکر نے عبداللہ بن عمر سے کہا کہ پیدا
ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ناف بریدہ اور ختنہ کیے ہوئے

واللہ سبحانہ وتعالی اعلم وعلمہ اتم

پانچویں فصل میں ہو بیان حضرت عبداللہ بن عمرو ابن العاص الصحابی ابن الصحابی رضی اللہ تعالی عنہما کا

عن عبد اللہ
ابن عمرو ابن العاص رضی اللہ تعالی عنہما قال کان
بمر الظہران راہب یسمی عیصا من اہل الشام
وکان یقول یوشک ان یولد فیکم یا اہل مکۃ
مولود تدین لہ العرب ای تنقاد وتخضع
وتذل ویملک العجم ہذا زمانہ فکان لا
یولد بمکۃ مولود الا یسال عنہ فلما کان صبحۃ
الیوم الذی ولد فیہ رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم خرج عبد المطلب حتی اتی عیصا
ناداہ فاشرف علیہ فقال عیص کن اباہ
فقد ولد ذلک المولود الذی کنت احدثکم
یوم الاثنین قال (عبد المطلب) ولد فی اللیلۃ
مع الصبح مولود قال فما سمیتہ قال محمدا ای
عزمت علی تسمیتہ) قال ولقد کنت اشتہی ہذا

عبداللہ بن عمر بن عاص صحابی ابن صحابی رضی اللہ
عنہما سے روایت ہو کہ موضع مر الظہران میں عیص
نام کا ایک شام کا رہنے والا راہب رہتا تہا وہ
کہا کرتا تہا کہ اے اہل مکہ تم میں عنقریب ایک شخص پیدا
ہوگا جس کی فرمانبرداری تمام عرب کریگا اور وہ
عجم کا مالک ہوگا۔ یہ زمانہ اسکے ظہور کا ہی۔ جب کوئی
بچہ مکہ میں پیدا ہوتا اس سے دریافت کیا جاتا۔ جب
آنحضرت کی پیدائش کے دن صبح ہوئی عبدالمطلب
عیص کے پاس گئے اور اسکو پکارا وہ آیا اور کہنے لگا
کہ جس بچہ کو میں کہتا تہا پیدا ہوگیا پیر کے دن اور
دنیا سے جاویگا پیر کے دن۔ اے عبدالمطلب اس
بچہ کے تم متکفل ہوجاؤ۔ عبدالمطلب نے کہا رات میں صبح
کے قریب ولادت ہوئی ہی عیص نے پوچہا نام کیا رکہا
کہا محمد۔ عیص نے کہا میں اس کا متمنی تہا اے

المولود فيكم اهل هذا البيت (الكعبة) بثلاث
خصال تعرفه (اى تميزه تلك الخصال وتدل
على انه ذلك المولود) فقد اتى عليهن منها
انه طلع نجم البارحة وانه ولد اليوم وان اسمه
محمد رواه ابو جعفر بن ابى شيبة وخرج ابو نعيم
فى الدلائل وكذا رواه ابن عساكر **واخرج**
مسلم فى صحيحه من حديث عبد الله بن عمرو
بن العاص عن النبى صلى الله عليه وسلم انه
قال ان الله عز وجل كتب مقادير الخلق قبل ان
يخلق السموات والارض بخمسين الف سنة
وكان عرشه على الماء ومن جملة ما كتب فى الذكر
وهو ام الكتاب ان محمدا خاتم النبيين (فى
الوجود) والله سبحانه وتعالى اعلم وعلمه اتم

مکہ والے۔ بسبب تین خصلتوں کے کہ وہ خصال
پہچنوا دینگی کہ یہ وہی بچہ ہے جسکا تذکرہ ہوا کرتا تہا
پہلی بات اس رات میں (اس خاص) ستارہ کا نکلنا۔
دوسرے دوشنبہ کی پیدائش تیسرے محمد
نام ہونا۔ روایت کیا اس کو ابو جعفر ابن ابی شیبہ نے
اور تخریج کی ابو نعیم نے دلائل میں اسی طرح روایت کیا ابن عساکر نے
اور تخریج کی مسلم نے اپنی صحیح میں عبد اللہ بن عمرو بن عاص
کی حدیث سے انہوں نے نبی صلعم سے۔ آپ نے
فرمایا لکہا اللہ بزرگ و برتر نے مقدار خلق کو آسمانوں
اور زمین کی خلقت سے پچاس ہزار (50000) برس پہلے اور
عرش اُسوقت پانی پر تہا۔ منجملہ ان مقادیر کے لوح محفوظ
پر لکہا کہ بیشک سلسلۂ انبیا کے خاتم ہیں واللہ اعلم

چھٹی فصل میں ہے بیان حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا

اخرج البيهقى وابو نعيم عن
حسان بن ثابت (ابن المنذر بن عمرو بن حرام
الانصارى شاعر المصطفى صلى الله عليه وسلم
المؤيد بروح القدس جوزيه الصرف و
عدمه قال انى لغلام ابن سبع سنين او
ثمان سنين على التقريب فقد ذكروا انه
عاش مائة وعشرين سنة كابيه وجده وابى
جده ومات سنة اربع وخمسين اعقل ما
رأيت وسمعت اليهودى يصرخ (بالمدينة
ففى رواية ابن اسحق يصرخ على اطمة يثرب)

تخریج کی بیہقی اور ابو نعیم نے حضرت (سید الشعراء)
حسان بن ثابت بن منذر بن عمرو بن حرام انصاری
شاعر دربار نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے انہوں نے
فرمایا کہ میں سات یا آٹھ برس کا تہا (اور کہا گیا ہے
کہ حضرت حسان رضی اللہ عنہ ایک سو بیس ۱۲۰ برس
اپنے باپ دادا کی طرح زندہ رہے اور ۵۴ھ سنہ
میں انکا وصال ہوا) اور اتنا سمجھدار تہا کہ جو
دیکھتا یا سنتا اس کو سمجھ لیتا تہا۔ ایک روز
میں نے سنا کہ ایک یہودی مدینہ میں ایک اونچے محل
پر چیخ رہا ہے اور پکار رہا ہے کہ اے گروہ یہود

ذات غداة يا معشر يهود فاجتمعوا اليه وانا اسمع
قالوا ايا ويلك مالك قال طلع نجم احمد الذي
ولد به هذه اللیلة (لاعتقاد اليهود تأثير
النجم) في هذه الليلة والله سبحانه وتعالى اعلم وعلمه اتم

اے گروہ یہود۔ پس یہودی اسکے پاس جمع ہوئے میں
سنتا تہا کہ انہوں نے کہا خرابی ہو تجھ کیا ہوا بولا
پیدائش احمد و الاستارہ آج نکل آیا۔ (ستاروں
کے اثرات کا یہودیوں کو اعتقاد ہے) واللہ اعلم

ساتویں فصل میں ہے بیان حضرت عثمان بن ابی العاص الصحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا

اخرج البيهقي والطبراني وابو نعيم وابن
عساكر عن عثمان بن ابي العاص رضي الله تعالى عنه
قد حدثتني امي انها شهدت ولادة امنة
رسول الله صلى الله عليه وسلم ليلة ولدته
قالت فما شئ انظر اليه في البيت الا نور وانی
انظر الى النجوم تدنو حتى انی لاقول ليقعن علي
فلما وضعته خرج منها نور اضاء له البيت
والدار حتى جعلت لا ارى الا نورا والله سبحانه
وتعالى اعلم وعلمه اتم

تخریج کی بیہقی و طبرانی و ابونعیم و ابن عساکر نے عثمان
ابن ابی العاص رضی اللہ عنہ سے کہ یقیناً
کہا مجھسے میری والدہ نے کہ وہ آمنہ خاتون کی خدمت
میں رسول اللہ صلعم کی ولادت کے وقت حاضر تہیں
اس رات گہر میں بجز نور کے کچھ نہ دکھائی دیتا تہا میں
دیکھتی تہی کہ تارے ایسے نزدیک ہوگئے تہے کہ گویا
اوپر گر پڑینگے جب ولادت ہوئی ایک ایسا نور ظاہر
ہوا کہ تمام گھر نور ہی نور ہوگیا۔ واللہ اعلم

آٹھویں فصل میں ہے بیان زیاد بن لبید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا انکی حدیث

اخرج ابو نعيم عن زياد بن لبيد رضي الله
تعالى عنه انه كان على اطم من اطام المدينة
سمع يا اهل يثرب قد ذهب الله نبوة بني
اسرائيل هذا النجم قد طلع بمولد احمد وهو
نبي اخر الانبياء ومهاجره الى يثرب والله
سبحانه وتعالى اعلم وعلمه اتم

تخریج کی ابونعیم نے زیاد بن لبید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے
حدیث کی انہوں نے کہ میں مدینہ کے ایک اونچے مکان
پر تہا میں نے کسی کی آواز سنی کہ اے مدینہ والو ختم
کردی اللہ نے نبوت خاندان اسرائیل کی کیونکہ نکل آیا
ستارہ ولادت احمد آخر الانبیاء جنکی ہجرت گاہ مدینہ ہوگی۔

نویں فصل میں ہے بیان حضرت بریدۃ الاسلمی الصحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا

اخرج ابو نعيم عن بريدة وابن عباس
رضي الله تعالى عنهم قالا رأت امنة في منامها
فقيل لها انك قد حملت بخير البرية وسيد

تخریج کی ابونعیم نے بریدہ اور ابن عباس رضی اللہ عنہم
ان دونوں نے کہا کہ حضرت آمنہ نے خواب دیکھا کہ انسے
کہا گیا اے آمنہ تم حاملہ ہو بہترین خلائق اور سید

العالمین فاذا ولدیته فسمیه احمد و محمد واخرج
ابونعیم وابن سعد عن بریدة عن مرضعة فی
بنی سعد هی امرأة مبهمة غیر حلیمة المشهورة
قاله الشامی ان امنة قالت رأیت کانه خرج
من فرجی شهاب اضاءت له الارض حتی
رأیت قصور الشام والله سبحانه تعالی اعلم وعلمه اتم

عالمین کی پیدائش پر احمد اور محمد نام رکھنا۔ اور تخریج کی
ابونعیم وابن سعد نے بریدہ سے انہوں نے آپکی دائی سے
جو بنی سعد سے تہیں اور حلیمہ نہ تہیں وہ کہتی تہیں کہ بیبی
آمنہ فرماتی تہیں کہ میں نے دیکھا ولادت کے وقت
ایسا نور ظاہر ہوا کہ زمین چمک اٹھی یہاں تک کہ ملک شام
کے محلات میں نے دیکھ لیے۔ واللہ اعلم

دسویں فصل میں ہے بیان حضرت قیس بن مخرمۃ صحابی رضی اللہ تعالی عنہ کا

اخرج الترمذی فی باب ماجاء فی میلاد
النبی صلی الله علیه وسلم عن قیس بن مخرمة
قال ولدت انا ورسول الله صلی الله علیه وسلم
عام الفیل قال وسأل عثمان بن عفان قباث بن
اشیم اخا بنی للعمر بن لیث انت اکبر ام رسول
الله صلی الله علیه وسلم فقال رسول الله
صلی الله علیه وسلم اکبر منی وانا اقدم منه فی المیلاد
والله سبحانه تعالی اعلم وعلمه اتم

تخریج کی ترمذی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر پیدائش
میں قیس بن مخرمہ سے انہوں نے کہا اس سال میں کہ
ابرہہ نے ہاتھیوں سے حرم پر حملہ کیا تہا۔ میں اور آنحضرت پیدا
ہوئے تہے۔ اور سوال کیا حضرت عثمان غنی نے قباث
ابن اشیم سے کہ عمر میں تم بڑے ہو یا رسول اللہ صلعم
انہوں نے جواب دیا کہ یوں تو آنحضرت بہت ہی
بڑے ہیں مگر میری پیدائش ان سے پہلے ہوئی ہے۔

گیارہویں فصل میں ہے بیان حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ کا

اخرج ابن ابی حاتم فی تفسیره وابونعیم
فی الدلائل من طرق عن قتادة عن الحسن
عن ابی هریرة رضی الله تعالی عنه عن النبی
صلی الله علیه وسلم فی قوله تعالی واذ اخذنا من
النبیین میثاقهم ومنک الایة قال کنت اول
النبیین فی الخلق وآخرهم فی البعث فبدء بهم
واخرج البخاری عن ابی هریرة رضی الله تعالی
عنه ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال

تخریج کی ابن ابی حاتم نے اپنی تفسیر میں اور ابونعیم نے
دلائل میں بطریق قتادہ حسن سے انہوں نے ابوہریرہ
رضی اللہ عنہ سے انہوں نے نبی صلعم سے آیۃ شریفہ
واذ اخذنا من النبیین میثاقهم ومنک۔ الخ کی تفسیر میں
فرمایا آپ نے میں سب سے پہلا نبی ہوں پیدائش
میں اور بظاہر سب کے آخر میں مبعوث ہوا پس ابتدا ہوئی انسے
اور تخریج کی محمد بن اسمٰعیل بخاری نے ابوہریرہ سے کہ فرمایا
رسول اللہ صلے اللہ علیہ والہ وسلم نے

بعثت من خیر قرون بنی آدم قرناً فقرناً حتی کنت من القرن الذی کنت فیه واخرج ابن عساکر عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیہ وسلم ما ولدنی بغی قط قد خرجت من اصلاب آدم تنازعنی الامم کابراً عن کابر حتی خرجت من افضل حیین من العرب ہاشم وزہرة فی المواہب اللدنیہ ولد صلی الله علیہ وسلم معذوراً ای مختوناً مسروراً ای مقطوع السرة کما روی من حدیث ابی ہریرة رضی الله تعالی عنہ عن النبی صلی الله علیہ وسلم ای انہ قال ذلک ورفعہ الیہ عند ابن عساکر وابن عدی انتہت بزیادة من شرحہا للعلامة الزرقانی واخرج البیہقی وابن عساکر عن ابی ہریرة ان رسول الله صلی الله علیہ وسلم قال لما خلق الله آدم اراہ بنیہ فجعل یری فضائل بعضہم علی بعض فرای نوراً ساطعاً فی اسفلہم فقال یا رب من ہذا قال ہذا ابنک احمد وہو اول وہو آخر وہو اول شافع واخرج عبد الرزاق فی جامعہ والحاکم وابو نعیم عن ابی ہریرة ان النبی صلی الله علیہ وسلم قال انی لانظر الی ما ورائی کما انظر الی ما بین یدی واخرج ابن عساکر عن نبیط الاشجعی قال لما نسخ عثمان المصاحف قال لہ ابو ہریرة اصبت ووفقت اشہد لسمعت

میں بھیجا گیا بہترین شاخ بنی آدم میں شاخ در شاخ یہاں تک کہ ہوا میں اس قرن میں جس میں ہوں۔ اور تخریج کی ابن عساکر نے ابو ہریرہ سے کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں جنا مجھے کبھی زن فاحشہ نے جب سے کہ نکلا میں اصلاب آدم سے اور جھگڑا رہا میرے بارہ میں گروہوں میں حتی کہ برآمد ہوا میں دو بہترین قبائل ہاشم اور زہرہ سے۔ کتاب مواہب لدنیہ میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پیدا ہوئے ختنہ و ناف بریدہ جیسا کہ روایت کیا گیا ہے حدیث ابو ہریرہؓ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے۔ یعنی حضرتؐ نے فرمایا۔ اور رفع کیا اس حدیث کو نزدیک ابن عساکر اور ابن عدی کے۔ تمام ہوئی حدیث ساتھ زیادتی شرح علامہ زرقانی کے۔ اور تخریج کی بیہقی اور ابن عساکر نے ابی ہریرہؓ سے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے۔ جب پیدا فرمایا خدا نے آدمؑ کو دکھائی انہیں انکی اولاد پس دیکھتے تھے فضائل بعض کے بعض پر نظر پڑا انکو ایک نور چمکتا ہوا تحت میں۔ اسپر عرض کیا کہ خدایا یہ کون ہے جواب ملا تیرا بیٹا احمد ہے جو اول ہے اور آخر اور پہلا شفاعت کرنے والا۔ تخریج کی عبد الرزاق نے جامع میں اور حاکم و ابو نعیم نے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں دیکھتا ہوں پس پشت ویسا ہی جیسا روبرو۔ اور تخریج کی ابن عساکر نے نبیط اشجعی سے کہا کہ جب لکھا حضرت عثمانؓ نے قرآن کو کہا ابو ہریرہؓ نے بہت ہی اچھا کیا اور خوب توفیق ملی میں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ان اشد
امتی حبا لی قوم یاتون من بعدی یومنون بی ولم
یرونی یعملون بما فی الورق المعلق فقلت ای
ورق حتی رأیت المصاحف فاعجب ذلک عثمان
وامر لابی ہریرۃ بعشرۃ الاف وقال واللہ ما علمت
انک لتحبس علینا حدیث نبینا صلی اللہ علیہ وسلم
واخرج الشیخان عن ابی ہریرۃ قال قال رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیاتین علی احدکم یوم لان
یرانی احب الیہ من اھلہ ومالہ واخرج عن ابی
ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
وددت انی رأیت اخوانی قالوا ولسنا اخوانک
یا رسول اللہ قال بل انتم اصحابی واخوانی الذین
لم یاتوا بعد واخرج ابونعیم عن ابی ہریرۃ قال
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لو کان العلم
بالثریا لتناولہ رجال من ابناء فارس فی
خیرات الحسان فی مناقب ابی حنیفۃ
النعمان للعلامۃ الشیخ الاجل احمد بن حجر المکی
الشافعی رحمۃ اللہ علیہ بعد نقل ھذا الحدیث الشریف
قال الحافظ المحقق الجلال السیوطی ھذا اصل
صحیح یعتمد علیہ فی البشارۃ بابی حنیفۃ وفی
الفضیلۃ التامۃ لہ نظیر الحدیث الذی فی
مالک رحمہ اللہ وھو قولہ صلی اللہ علیہ وسلم
یوشک ان یضرب الناس اکباد الابل یطلبون

رسول اللہ صلعم کو فرماتے کہ امت میں مجھسے بہت زیادہ
محبت کرنے والی وہ قوم ہی جو میرے بعد ہوگی اور بے دیکھے
ایمان لاویگی اُسپر جو ورق معلق کہا میں نے کون سا ورق
معلق ہی یہانتک کہ دیکھا میں نے مصاحف کو خوش ہوئے اسپر عثمان
اور حکم دیا کہ انکو دس ہزار درہم دیے جاویں اور فرمایا کہ
میں نہیں جانتا کہ تم ہمسے نبیؐ کی حدیث باز رکھو گے
اور تخریج کی بخاری اور مسلم نے ابی ہریرہؓ سے کہا فرمایا
رسول اللہ صلعم نے کہ پہر ایک دن ایسا آویگا کہ میرا دیکھنا
اپنے اہل و مال سے زیادہ محبوب ہوگا - اور تخریج کی مسلم نے حضرت
ابو ہریرہ سے کہا فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ میں
دوست رکھتا ہوں دیکھنا اپنے بہائیونکا صحابہ نے کہا ہم لوگ
آپکے بہائی نہیں ہیں - فرمایا تم اصحاب ہو - بہائی وہ ہیں جو
ابہی نہیں آئے - اور تخریج کی ابو نعیم نے ابہریرہ سے کہ فرمایا
رسول اللہ نے اگر ہوتا علم ثریا ستارہ پر تو بہی ضرور
لیجاتے اس کو اہل فارس کے لڑکے - کتاب
خیرات الحسان فی مناقب النعمان میں (جو امام ابو حنیفہ
کی تعریف میں) علامہ احمد ابن حجر مکی شافعی رحمۃ اللہ علیہ
کی ہی اس حدیث شریف کی نقل کے بعد کہا حافظ
محقق جلال الدین سیوطی نے کہ یہ اصل صحیح ہی
اسپر اعتماد کیا گیا ہی امام ابو حنیفہ کی نسبت بشارت اور
انکی بڑی فضیلت میں - اسکی نظیر وہ حدیث ہی جو امام
مالک کے حق میں ہی - وہ قول ہی حضرت کا کہ قریب ہی
لوگ اونٹ دوڑائینگے علم کی تلاش میں کہ

العلم فلا یجدون اعلم من عالم المدینة والحدیث
الذی فی الشافعی رحمه الله وقوله لا تسبوا قریشا
فان عالمها یملأ الارض علما وهو حدیث له طرق
کثیرة وزعم بعضهم وضعه زیفوه وشنعوا علی
زاعمه ومخترعه قال العلماء عالم المدینة فی
الحدیث الاول مالك وعالم قریش فی الحدیث
الثانی الشافعی قال بعض تلامذة الجلال
وما جزم به شیخنا من ان الامام ابا حنیفة هو
المراد من هذا الحدیث ظاهر لا شك فیه لانه
لم یبلغ احد فی زمنه من ابناء فارس فی العلم
مبلغه ولا مبلغ اصحابه وفیه معجزة ظاهرة
للنبی صلی الله علیه وسلم حیث اخبر بما سیقع
ولیس المراد بفارس البلد المعروف بل جنس من
العجم وهم الفرس لان جد الامام ابی حنیفة منهم
علی ما علیه الاکثرون وفی خبر عن الدیلمی خیر
العجم فارس انتهت بحروفها واخرج الحاکم و
صححه عن ابی هریرة قال رسول الله صلی الله
علیه وسلم یوشك الناس ان یضربوا اکباد
الابل فلا یجدوا اعلم من عالم المدینة قال
سفیٰن نری هذا العالم مالك بن انس رضی
الله تعالی عنه الله سبحانه وتعالی اعلم وعلمه اتم

بارہویں فصل میں ہے بیان حضرت عرباض بن ساریہ صحابی کا

اخرج احمد والبزار والطبرانی
والبیهقی عن العرباض بن ساریة ان رسول الله

عالم مدینہ سے زیادہ جاننے والا نہ پاوینگے۔ اور اسکی نظیر وہ
حدیث ہے جو دربارۂ امام شافعیؒ فرمایا۔ کہ تم قریش کو برا کہو
کیونکہ انہیں کا عالم زمین کو علم سے پر کردیگا۔ اور اس حدیث کے بہت
طرق ہیں۔ بعض محدثین نے اسکے موضوع ہونیکا گمان کیا
اور اسکو موضوع کہا ہے اور اسکے بنانیوالیکو برا کہا ہے۔ علمائنے
کہا ہے کہ حدیث اول میں امام مالک اور دوسری حدیث میں
امام شافعی مراد ہیں۔ اور جلال الدین سیوطی کے بعض
شاگردوں نے کہا ہے کہ جس بات پر ہمارے شیخ نے اعتماد کیا ہے وہ
یہ ہے کہ مراد اس سے امام ابو حنیفہؒ ہیں اور یہ ظاہر ہے کہ امام
کے زمانہ میں کوئی بھی ابناء فارس سے امام موصوف
اور انکے شاگردوں کے رتبہ کو علم میں نہ پہونچا اور اس میں ایک
معجزہ ہے صریح آنحضرتؐ کا۔ کہ آپ نے ایک آئندہ
واقعہ کی خبر دی۔ اور فارس سے مراد بلد معروف نہیں ہے
بلکہ اہل عجم مراد ہیں کہ وہ فارسی ہیں اور امام ابو حنیفہ کے دادا
فارسی ہیں جیسا کہ اکثر لوگوں نے تسلیم کیا ہے اور دیلمی کی
ایک حدیث میں ہے کہ بہترین عجم اہل فارس ہیں۔ اور تخریج کی حاکم
نے اور صحت کی ابو ہریرہؓ سے فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ
عنقریب لوگ علم کی تلاش میں اونٹ دوڑاوینگے یعنی سفر کرینگے
مگر عالم مدینہ سے زیادہ جاننے والا کسی کو نہ پاوینگے۔ سفیان نے
کہا ہمارے علم و یقین میں وہ عالم امام مالک بن انس ہیں رضی اللہ عنہ

تخریج کی امام احمد اور بزار اور طبرانی و بیہقی نے عرباض
بن ساریہ سے کہ فرمایا ہے رسول اللہ صلے

صلی اللہ علیہ وسلم قال انی عند اللہ لخاتم
النبیین وان ادم لمنجدل فی طینتہ وساخبرکم
عن ذلک انی دعوة ابی ابراهیم وبشارة عیسی
ورویا امی التی رأت وکذلک امہات النبیین
یرین وان ام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
رأت حین وضعتہ نورا اضاءت لہ قصور الشام
واللہ سبحانہ وتعالی اعلم وعلمہ اتم

اللہ علیہ وسلم نے کہ یقیناً خداوند تبارک وتعالے کے
نزدیک میں خاتم النبیین تہا - درحالیکہ آدم طینت میں تہے
اور میں تجہکو خبر کروں کہ میں اپنے باپ ابراہیم کی دعا اور عیسی
کی بشارت اور اپنی ماں کا خواب اور وہ خواب ہو جو انبیاء
کی مائیں دیکہتی رہی ہیں - اور حضرت کی والدہ محترمہ نے
وقت وضع حمل ایک نور دیکہا تہا جس سے ملک شام کے محل نظر آئے تہے

تیرہویں فصل میں ہو بیان حضرت ابوامامہ صحابی رضی اللہ تعالی عنہ کا

اخرج ابن سعد عن حرام ابن عثمان الانصاری
قال قدم اسعد بن زرارة من الشام تاجرا فی
اربعین رجلا من قومہ فرأی رویا ان
اتیا اتاہ فقال ان نبیا یخرج بمکة یا ابا امامة
فاتبعہ وایة ذلک انکم تنزلون منزلا فیصاب
اصحابک الطاعون فتنجوانت وفلان یطعن
فنزلوا منزلا فبیتہم الطاعون فاصیبوا جمیعا
غیر ابی امامة وصاحب لہ طعن فی عینہ و
اخرج ابن سعد واحمد والطبرانی والبیہقی و
ابونعیم عن ابی امامة قال قیل یارسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم ماکان بدء امرک قال
دعوة ابراهیم وبشری عیسی ورأت امی
انہ خرج منہا نور اضاءت بہ قصور الشام
واللہ سبحانہ وتعالی اعلم وعلمہ اتم

تخریج کی ابن سعد نے حرام بن عثمان انصاری سے کہ کہا عثمان
نے اسعد بن زرارہ اپنی قوم کے چالیس آدمیوں کی ہمراہی
میں ملک شام سے تجارت کرکے آئے انہوں نے خواب دیکہا کہ
کوئی شخص آیا اور کہا کہ ایک پیغمبر مکہ سے نکلیگا اے ابوامامہ
اسکی اتباع کرنا - اور اسکی نشانی یہ ہوگی کہ تم ایک جگہ اترو گے
اور طاعون پہیلیگا اور تم اور تمہارا ایک ہمراہی ساتہی نجات پاؤ گے
پس وہ وہیں اترے اور ان دونوں کے علاوہ سب
لوگ مبتلائے طاعون ہوئے یعنی غیر ابوامامہ اور واحد کہ العین
محفوظ رہے - اور تخریج کی ابن سعد اور احمد اور طبرانی و بیہقی و
ابونعیم نے ابوامامہ سے کہ کہا گیا یارسول اللہ صلعم
آپ کی پیدائش کی ابتدا کس طرح ہوئی آپ نے فرمایا
میں دعائے ابراہیم ہوں اور بشارت مسیح - میری ماں نے
دیکہا کہ ان سے ایک نور نکلا جس سے قصور شام نظر آگئے

چودہویں فصل میں ہی بیان حضرت ابوجہم رضی اللہ تعالی عنہ کا

وکان من معمرین من قریش
اخرج ابونعیم من طریق ابی بکر بن عبد اللہ بن

جو قریش میں ایک سن رسیدہ شخص تہے
تخریج کی ابونعیم نے بطریق ابی بکر بن عبد اللہ بن

ابی جہم عن ابیہ عن جدہ قال سمعت اباطالب یحدث
عن عبد المطلب قال بینا انا نائم فی الحجر رأیت
رویا ھالتنی فزعت منہا فزعا شدیدا فاتیت
کاہنۃ قریش فقلت لہا انی رأیت اللیلۃ کان
شجرۃ نبتت قد نال راسہا السماء وضربت باغصانہا
المشرق والمغرب ومارأیت نورا ازہر منہا اعظم
من نور الشمس سبعین ضعفا ورأیت العرب و
العجم ساجدین وہی تزداد کل ساعۃ عظما
ونورا وارتفاعا ساعۃ تخفی وساعۃ تظہر و
رأیت رہطا من قریش قد تعلقوا باغصانہا
ورأیت قوما من قریش یریدون قطعہا فاذا
دنوا منہا اخذہم شاب لم ار قط احسن منہ
وجہا ولا اطیب منہ ریحا فیکسر اظہرہم و
یقلع اعینہم فرفعت یدی لاتناول منہا نصیبا
فقلت لمن النصیب فقال النصیب ہو للذین تعلقوا
بہا وسبقوک الیہا فانتبہت مذعورا فزعا
مذعورا فرأیت وجہ الکاہنۃ قد تغیرت ثم
قالت ان صدقت رویاک لیخرجن من
صلبک رجل یملک المشرق والمغرب
یدین لہ الناس ثم قال لابی طالب لعلک
ان تکون ہذا المولود فکان ابوطالب یحدث
بہذا الحدیث والنبی صلی اللہ علیہ وسلم قد
خرج ویقول کانت الشجرۃ واللہ اباالقاسم

ابوجہم سے انہوں نے اپنے والد سے انہوں نے اپنے دادا سے انہوں
نے کہا میں نے ابوطالب سے سنا کہ عبدالمطلب نے بیان کیا میں حطیم میں
سوتا تہا کہ میں نے ایک خوفناک خواب دیکہا۔ اور ایک قریشی
کاہنہ سے بیان کیا کہ ایک درخت اُگا ہے اُتنا بڑا کہ اسکا سر آسمان
سے ٹکراتا ہے اور اس کی شاخیں مشرق اور مغرب میں
پہیلی ہیں۔ اور میں نے کوئی چمکدار چیز اس سے زیادہ نہیں
دیکہی۔ وہ چمک آفتاب کی چمک سے ایک سو چالیس درجہ
زیادہ تہی اور اہل عرب وعجم اسکے سامنے سجدہ کرتے تہے اور وہ
نور ہر ساعت ترقی کرتا تہا۔ کبہی پوشیدہ ہو جاتا کبہی ظاہر ہوتا
اور میں نے ایک گروہ قریش کو دیکہا کہ اس کی شاخوں میں
لٹک رہے ہیں اور دوسرا گروہ قریش کا اسکو کاٹ ڈالنے کے
ارادہ میں ہیں۔ جب یہ لوگ (کاٹنے کیلیے) قریب گئے تو ایک
نہایت ہی حسین جوان نے انکی پشتیں توڑنا اور آنکہیں پہوڑنا
شروع کیا۔ میں نے ہاتہ اٹہایا کہ میں بہی کچہ حصہ لوں اور
پوچہا کہ اسمیں کس کا حصہ ہے جواب ملا ان کا جو وابستہ ہیں
اور تجہہ پر سابق ہیں۔ پس میں بیدار ہو گیا۔ اس خواب سے گہبرا کر
میں نے دیکہا کہ کاہنہ کا چہرہ متغیر ہو گیا اور وہ کہنے
بولی کہ اگر تیرا یہ خواب سچا ہے تو اسکی تعبیر یہ ہے کہ تیری
پشت سے ایک شخص پیدا ہو گا جو مشرق اور مغرب کا مالک
ہو گا اور لوگ فرقے اسکے سامنے ذلیل ہونگے۔ اور
ابیطالب سے کہا کہ شاید وہ مولود تو ہو۔ ابیطالب اس
حدیث کو بیان کرتے تہے کہ آنحضرت صلعم سامنے نکلے
ابیطالب نے کہا خدا کی قسم وہ شجر مبارک ابوالقاسم

الامین فقال له الاتؤمن به فیقول البتة والعار

امین ہیں۔ کہا گیا کہ پھر تم ایمان کیوں نہیں لاتے بولے شرم آتی ہے

واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم وعلمہ اتم

پندرہویں فصل

میں بیان ہے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا۔

فی المواهب اللدنیه فی حدیث سلمان الفارسی عند ابن عساکر قال هبط جبریل علی النبی صلی اللہ علیه وسلم (ارسلہ سلمان فیحمل علی انه حمله عن المصطفی او عمن سمعه عنه) فقال ان ربك یقول کنت اتخذت ابراهیم خلیلا فقد اتخذتك حبیبا وما خلقت خلقا اکرم علی منك ولقد خلقت الدنیا واهلها لاعرفهم کرامتك ومنزلتك عندی ولولاك ما خلقت الدنیا واخرج ابن عساکر عن سلمان قال قیل للنبی صلی اللہ علیه وسلم کلم اللہ موسی تکلیما وخلق عیسی من روح القدس واتخذ ابراهیم خلیلا واصطفا آدم فما اعطیت من الفضل فهبط جبریل فقال ان ربك یقول ان کنت اتخذت ابراهیم خلیلا فقد اتخذتك حبیبا وان کنت کلمت موسی فی الارض تکلیما فقد کلمتك فی السماء وان کنت خلقت عیسی من روح القدس فقد خلقت اسمك من قبل ان اخلق الخلق بالفی سنة ولقد وطئت فی السماء موطأ لم یطأه احد قبلك ولا یطأه احد بعدك وان کنت اصطفیت ادم فقد ختمت بك الانبیاء وما خلقت خلقا اکرم علی منك وقد اعطیتك

کتاب مواہب لدنیہ میں حضرت سلمانؓ سے مرسلاً مروی ہے کہ نبی اکرم صلعم کی خدمت میں جبرئیل آئے اور کہا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے کہ اگر میں نے ابراہیم (علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام) کو خلیل بنایا ہے تو تجھے حبیب بنایا۔
اور میں نے کسی کو تجھسے زیادہ مکرم نہیں بنایا۔ اور میں نے دنیا اور اہل دنیا کو اس لیے پیدا کیا ہے کہ وہ تیری اُس قدر ومنزلت کو جانیں جو میرے نزدیک ہے۔ تو نہ پیدا کیا جاتا تو دنیا نہ پیدا ہوتی۔ اور تخریج کی ابن عساکر نے سلمانؓ سے کہ نبیؐ سے کہا گیا۔ خدا نے موسیٰؑ سے کلام کیا اور عیسیٰؑ کو روح القدس سے پیدا فرمایا اور ابراہیمؑ کو خلیل بنایا۔ اور آدمؑ کو برگزیدہ کیا۔ آپ کو کونسی بزرگی دی ہے۔ پس جبرئیل نازل ہوئے اور کہا کہ آپ کا رب فرماتا ہے اگر میں نے ابراہیمؑ کو خلیل بنایا ہے تو آپکو حبیب بنایا۔ موسیٰؑ سے زمین (طور) پر کلام کیا تو آپ سے آسمان پر گفتگو کی۔ اور عیسیٰؑ کو روح القدس سے پیدا کیا تو آپ کا نام پیدائش عالم سے دو ہزار برس پہلے پیدا کیا۔ اور میں نے آسمان پر تیرے لیے وہ چیزیں پیدا کیں جو اولین وآخرین میں سے کسی کے لیے نہیں پیدا کیں۔ اگر میں نے آدمؑ کو برگزیدہ کیا ہے تو تجھپر نبوت ختم کی اور تجھسے بڑھکر میں نے کسی کو برگزیدہ نہیں کیا اور تجھکو حرمت کیا

الحوض والشفاعة والناقة والقضيب والتاج
والهراوة والحج والعمرة وشهر رمضان والشفاعة
كلها لك حتى ظل عرشي في القيامة عليك ممدود
وتاج الحمد على راسك معقود وقرنت اسمك
مع اسمي فلا اذكر في موضع حتى تذكر معي ولقد
خلقت الدنيا واهلها لاعرفهم كرامتك ومنزلتك
ولولاك ما خلقت الدنيا والله سبحانه وتعالى اعلم

حوض - شفاعت - ناقہ - عصا - تاج - علم
حج - عمرہ - ماہ رمضان - شفاعت - کل اشیا
تیرے لیے ہیں - یہانتک کہ عرش کا سایہ قیامت
میں تیرے سر پر پھیلا ہوگا اور تاج حمد تیرے سر پر اور تیرا نام
میرے نام کے ساتھ قریب ہی - تیرے نام کا ذکر میرے ذکر
کے ساتھ ہوگا - دنیا اور اہل عالم کی پیدائش اسلیے کی کہ تیری
منزلت حقیقی جتلاؤں تجھکو نہ پیدا کرتا تو دنیا کو نہ پیدا کرتا

وعلمه اتم

سولھویں فصل میں ہی بیان حضرت انس رضی اللہ تعالی عنہ کا

اخرج البيهقي وابن عساكر من طريق مالك
عن الزهري عن انس ان النبي صلى الله عليه
وسلم قال ما افترق الناس فرقتين الا جعلني
الله في خيرهما فاخرجت من بين ابوي فلم
يصبني شيء من عهد الجاهلية وخرجت من
نكاح ولم اخرج من سفاح من لدن ادم حتى
انتهيت الى ابي وامي فانا خيركم نفسا وخيركم
ابا واخرج ابو نعيم في الحلية عن انس قال قال
رسول الله صلى الله عليه وسلم اوحى الله
الى موسى نبي بني اسرائيل انه من لقيني وهو
جاحد باحمد ادخلته النار قال يا رب ومن
احمد قال ما خلقت خلقا اكرم علي منه كتبت
اسمه مع اسمي في العرش قبل ان اخلق السموات
والارض ان الجنة محرمة على جميع خلقي حتى
يدخلها هو وامته قال ومن امته قال الحمادون

تخریج کی بیہقی نے اور ابن عساکر نے مالک سے انہوں نے
زہری سے انہوں نے انس سے کہ حضرت صلعم نے
فرمایا جب نسب دو شاخ ہوا میں بہتر فرقہ میں گیا
اور میں والدین سے پیدا ہوا مجھے کوئی بات عہد
جاہلیت (یعنی اجتماع ناجائز) سے نہیں پہونچی
زمانہ (ابو البشر) آدم سے عبد اللہ تک میں نکاح شرعی
ہی منتقل ہوتا رہا پس میں بہتر ہوں تم سے ذات ونسب میں
اور اخراج کیا ابو نعیم نے حلیہ میں انس سے کہ فرمایا نبی
صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ تعالی نے حضرت نبی بنی
اسرائیل یعنی موسی پر وحی فرمائی کہ جو شخص ہمیں احمد
سے انکار کریگا اور (بلا توبہ) مرجائیگا جہنم میں پڑیگا
موسی نے پوچھا الہی احمد کون ہی جواب ملا وہ اکرم خلائق
ہی میرے نزدیک اور میں نے اسکا نام اپنے نام کے ساتھ پیدائش
زمین وآسمان سے قبل لکھا ہی - اور جبتک وہ اپنی امت کے ساتھ
جنت نہ جائیگا کوئی نہ جانے پائیگا - پوچھا امت کون ہی

محمد ون صعود او هبوطا و علی کل حال یشدون اوساطہم ویطہرون اطرافہم صائمون بالنہار رہبان باللیل اقبل منہم الیسیر و ادخلہم الجنۃ بشہادۃ ان لا الہ الا اللہ قال اجعلنی نبی تلک الامۃ قال نبیہا منہا قال اجعلنی من امۃ ذلک النبی قال استقدمت و استاخرو لکن ساجمع بینک و بینہ فی دار الجلال واخرج ابن مردویہ عن انس قال قرأ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لقد جاءکم رسول من انفَسکم بفتح الفاء وقال انفسکم نسبا وصہرا وحسبا لیس فی ابائی من لدن ادم سفاح کلنا نکاح واخرج ابن سعد وابو نعیم عن انس قال کنا نعرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اقبل بطیب ریحہ واخرج البزار وابو یعلی عن انس قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا مر فی الطریق من طرق المدینۃ وجد وامنہ رائحۃ الطیب قالوا مر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من ھذا الطریق واخرج الطبرانی فی الاوسط وابو نعیم وابن عساکر من طرق متعددۃ عن انس رضی اللہ تعالی عنہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من کرامتی علی ربی انی ولدت مختونا ولم یرا حد سوأتی واللہ سبحانہ تعالی اعلم وعلمہ اتم۔

چڑھتے اترتے اور ہر حال میں (فرماں برداری پر) کمربستہ رہینگے۔ دن کو روزہ رکھینگے اور راتوں کو راہب ہونگے۔ ان کی تھوڑی عبادت کو قبول فرماکر جنت میں شہادت لا الہ الا اللہ کے سبب سے داخل کرونگا موسیٰ نے کہا مجھکو انپر نبی بنادے ارشاد ہوا کہ وہ نبی اسی قوم سے ہوگا۔ اسپر کہا کہ مجھکو اس امت میں کردے۔ فرمایا کہ تم احمد سے مقدم ہوگے مگر دار الجلال میں تجھے اور اسے یکجا کردونگا۔ اور تخریج کی ابن مردویہ نے انس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ نے آیت لقد جاءکم من انفَسکم ف کو زبر کے ساتھ پڑھا اور فرمایا کہ مراد انفسکم سے نسب اور صہر اور حسب ہی۔ میرے اسلاف میں از آدم تا ایندم نکاح ہی سے انتقال ہوتا رہا۔ اور اخراج کیا ابن سعد وابو نعیم نے انس سے کہ ہم لوگ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد آپکی خوشبو سے معلوم کرلیتے تھے۔ اور تخریج کی ہی بزار اور ابو یعلی نے انس سے کہ جب آنحضرت صلعم مدینہ کے کسی راستہ سے گذرتے صحابہ اس راہ سے آپ کا تشریف لیجانا پہچان لیتے بذریعہ خوشبو اور کہتے کہ آپ اس راہ سے ہوکر گذرے ہیں اور تخریج کی طبرانی نے اوسط میں نیز ابو نعیم و ابن عساکر نے چند طریقوں سے حضرت انس رضہ سے کہ فرمایا سرور عالم نے عند اللہ میری تکریم کی ایک علامت یہ ہی کہ میں مختون پیدا ہوا اور کسی نے میری برہنگی نہیں دیکھی۔

سترہویں فصل میں ہی بیان حضرت زید بن اسلم صحابی رضے اللہ تعالی عنہ کا۔

اخرج ابن سعد وغیرہ عن زید بن اسلم

تخریج کی ابن سعد وغیرہ نے زید بن اسلم سے کہ

ان حلیمة لما اخذت النبی صلی اللہ علیه وسلم قالت لها امه اعلمی انك قد اخذت مولودا له شان واللہ لحملته فما کنت اجد ما تجد النساء من حمل ولقد اتیت فقیل لی انك ستلدین غلاما فسمیه احمد وهو سید العالمین ولقد وقع معتمدا علی یدیه رافعا راسه الی السماء فخرجت حلیمة الی زوجها فاخبرته فسر بذلك واللہ سبحانه وتعالی اعلم وعلمه اتم

جب حلیمہ سعدیہ نے آنحضرت کو (رضاعت کیلیے) لیا آمنہ خاتون نے حلیمہ سے کہا تم نے ایسا بچہ پایا ہے جو بڑی شان والا ہے بخدا میں جب حاملہ تھی عام عورتوں کیطرح مجھکو کرب وغیرہ نہ معلوم ہوتا تھا۔ ہاتف غیبی نے مجھسے کہا کہ جب ولادت ہو احمد نام رکھنا کہ وہ سید العالمین ہوگا۔ اور جب پیدا ہوئے زمین کیطرف جھکے اور سر آسمان کیطرف تھا یہ واقعہ حلیمہ نے اپنے شوہر سے کہا تو بہت خوش ہوئے۔

اٹھارہویں فصل میں ہے بیان حضرت واثلہ بن الاسقع رضی اللہ تعالی عنہ کا

اخرج مسلم عن واثلة بن الاسقع قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم ان اللہ اصطفی من ولد ابراهیم اسمعیل واصطفی من ولد اسمعیل بنی کنانة واصطفی من بنی کنانة قریشا واصطفی من قریش بنی هاشم واصطفانی من بنی هاشم واللہ سبحانه وتعالی اعلم وعلمه اتم

تخریج کی مسلم نے واثلہ بن اسقع سے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالی نے اولاد ابراہیم میں اسمعیل کو اور بنی اسمعیل میں بنی کنانہ کو برگزیدہ کیا اور بنی کنانہ میں قریش کو برگزیدہ بنایا اور قریش میں بنی ہاشم کو اور ان میں سے مجھکو برگزیدہ کیا ہے۔

انیسویں فصل میں ہے بیان حضرت ابو مریم غسانی رضی اللہ تعالی عنہ کا۔

اخرج الطبرانی وابو نعیم عن ابی مریم الغسانی رضی اللہ تعالی عنه ان اعرابیا قال للنبی صلی اللہ علیه وسلم ای شیء کان اول نبوتك قال اخذ اللہ منی المیثاق کما اخذ من النبیین میثاقهم ودعوة ابی ابراهیم وبشری عیسی ورأت امی فی منامها انه خرج من بین رجلیها سراجا اضاءت له قصور الشام قوله ابی مریم فی التقریب ابو مریم الغسانی جد ابی بکر بن عبد اللہ ابن ابی مریم وقد قیل ان للثلثة صحبة اه ذو اسم الغا

اخراج کیا طبرانی وابو نعیم نے ابو مریم غسانی سے کہ ایک عرب نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ آپ کی نبوت کی پہلی دلیل کیا ہے۔ آپنے جواباً فرمایا کہ اللہ تعالی کا مجھسے بھی دوسرے انبیا کی طرح اقرار لینا اور میرے مورث ابراہیم کی دعا اور عیسی کی بشارت اور والدہ کا خواب کہ میرے شکم سے ایک چراغ نکلا کہ شام کے محل روشن ہوگئے۔ اور یہ ابو مریم غسانی رضی اللہ عنہ جد ابو بکر بن عبد اللہ بن ابی مریم ہیں اور کہا گیا ہے کہ یہ ثلثہ کی صحبت میں رہتے۔ (تقریب) اور

في معرفة الصحابة ابو مريم الغساني جد ابي
بكر بن عبد الله ابن ابي مريم قال اتيت رسول
الله صلى الله عليه وسلم فقلت يا رسول الله
ولدت لي الليلة جارية قال والليلة انزلت علي
سورة مريم فسماها مريم فكان يكنى ابا مريم و
غزا مع النبي صلى الله عليه وسلم وقال ابو حاتم
الرازي سالت بعض ولد ابي مريم هذا عن اسمه
فقال نذير يعد في الشاميين اه والله سبحانه و
تعالى اعلم وعلمه اتم -

اسد الغابہ میں ہے کہ ابو مریم غسانی جد ابو بکر
بن عبد اللہ بن ابی مریم (ابن ابی مریم) نے کہا میں نے خدمت
اقدس میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ یا رسول اللہ ص
رات کو میرے ہاں لڑکی پیدا ہوئی آپ نے فرمایا رات
مجھ پر سورہ مریم اتری - پس لڑکی کا نام مریم رکھا اور انکا
لقب ابو مریم ہوا - اور یہ حضرت کے شریک جنگ رہے ہیں
ابو حاتم رازی نے کہا کہ میں نے انکے بعض لڑکوں سے انکا
اس لقب کے متعلق دریافت کیا ہے

بیسویں فصل میں ہے بیان حضرت ابو صخر عقیلی رضی اللہ تعالی عنہ کا۔

اخرج احمد وابن سعد عن ابي صخر العقيلي قال
حدثني رجل من الاعراب قال مر رسول الله صلى
الله عليه وسلم بيهودي معه سفر فيه التوراة
يقرأها على ابن له مريض فقال النبي صلى الله
عليه وسلم يا يهودي انشدك بالله الذي
انزل التوراة على موسى اتجد في توراتك نعتي
وصفتي ومخرجي فاومأ براسه ان لا فقال ابنه
لكني اشهد بالذي انزل التوراة على موسى
انه ليجد نعتك وزمانك وصفتك ومخرجك
في كتابه هذا وانا اشهد ان لا اله الا الله
وانك رسول الله فقال النبي صلى الله عليه
وسلم اقيموا اليهودي عن صاحبكم وقبض
الفتى فصلى عليه النبي صلى الله عليه وسلم و
اخرج البيهقي نحوه من حديث انس وابن مسعود

اخراج کیا احمد و ابن سعد نے ابو صخر عقیلی سے کہ مجھسے
ایک اعرابی نے بیان کیا کہ رسول اللہ ایک یہودی سے
دو چار ہوئے وہ اپنے مریض بچہ پر توریت پڑھکر دم
کرتا تھا - نبی ص نے اس یہودی سے سوال فرمایا
تجھے اس خدا کی قسم ہے جس نے توریت نازل فرمائی
تو اپنی کتاب میں میرا ذکر اور صفات اور مولد کا
تذکرہ پاتا ہے - اسنے اشارہ سے انکار کر دیا مگر لڑکے
نے کہا میں خدا کی قسم کھاکر کہتا ہوں کہ آپ کی تعریف
اور زمانہ اور صفت اور جائے پیدائش کو یہ کتاب
میں پاتا ہے - اور میں گواہی دیتا ہوں کہ لائق عبادت
اللہ ہی ہے اور آپ رسول ہیں اسپر آنحضرت نے فرمایا
اپنے دوست کو یہودی سے جدا کرو - پس وہ
جوان مرگیا اور حضرت نے اسپر نماز پڑھی - اور
تخریج کی بیہقی نے اسی طرح کی حدیث انس و ابن مسعود سے

فی اسد الغابة فی معرفة الصحابة فاقبمو ا
الیهودی عن اخیکم قال فقبض الفتی فولی
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حنوطہ وکفنہ
وصلی علیہ اھ واللہ سبحانہ وتعالی اعلم وعلمہ اتم

کتاب اسد الغابہ میں ہے کہ یہودی جوان مرگیا
اور آنحضرت اس کے کفن دفن کے ولی ہوئے
اور اس مقر توحید و رسالت کی نماز جنازہ
پڑھی۔ اور اللہ تعالی بہترین جاننے والا ہے۔

اکیسویں فصل میں ہے بیان حضرت شداد بن اوس رضی اللہ تعالی عنہ کا۔

اخرج ابو یعلی وابو نعیم وابن عساکر عن شداد
ابن اوس ان رجلا من بنی عامر سأل رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما حقیقة امرک فقال
بدء شانی انی دعوة ابراھیم وبشری اخی عیسے
وانی کنت بکر ابی وامی وانھا حملت بی کا ثقل
ما تحمل النساء وجعلت تشکی الی صواحباتھا
ثقل ما تجد ثم ان امی رأت فی منامھا ان
الذی فی بطنھا نور قالت فجعلت اتبع بصری
النور یسبق بصری النور یسبق بصری حتی
اضاءت لی مشارق الارض ومغاربھا ثم
انھا ولدتنی فنشاءت فلما نشاءت بغضت
الی اوثان قریش وبغض الی الشعر فکنت
مسترضعا فی بنی لیث بن بکر فبینما انا ذات
یوم منتبذا من اھلی فی بطن واد مع اتراب لی
من الصبیان اذا انا برھط ثلاثة معھم
طست من ذھب ملئی ثلجا فاخذونی من
بین اصحابی وانطلق الصبیان ھرابا مسرعین
الی الحی فعمد احدھم فاضجعنی علی الارض

تخریج کی ابو یعلی و ابو نعیم و ابن عساکر نے شداد بن اوس
سے کہ ایک عامری نے رسول اللہ سے سوال کیا کہ
آپ کی حقیقت امر کیا ہے۔ حضرت نے جواب دیا
میں ابراہیم (مورث) کی دعا اور بھائی عیسی کی نوید
اور والدین کا اکلوتا فرزند ہوں اور والدہ کو دوران
حمل میں عام شکایات نہ ہوتی تھیں جسکا تذکرہ سہیلیوں
سے ہوتا تھا۔ نیز والدہ نے خواب دیکھا تھا کہ ان کے
شکم میں ایک نور ہے اور وہ نور ترقی کرتا ہے۔ یہانتک
اس نور نے ترقی کی کہ زمین کے ابتدائی کنارے
مجھکو نظر آنے لگے۔ بعد ازاں میں پیدا ہوا۔
اور میں نے پرورش پائی۔ جب میں ہوشیار ہوا تو
مجھے قریش کے بتوں اور اشعار سے نفرت ہونے لگی
ایام رضاعت میں جب میں خاندان لیث بن بکر میں تھا
ایک دن بچوں کے ساتھ صحرا میں تھا۔ اچانک تین شخص
اس جنگل میں آگئے ان کے پاس برف سے بھرا
طلائی طشت تھا۔ ان لوگوں نے مجھکو ان بچوں
سے لیلیا وہ بچے گھبرا کر بستی کی طرف بھاگے۔ پس
ایک شخص نے مجھکو چت لٹا دیا اور میرا پیٹ

اضجعا الطيفا ثم شق ما بين مفرق صدري
الى منتهى عانتى وانا انظر اليه لم اجد لذلك
حِسا ثم اخرج احشا بطنى ثم غسلها بذلك
الثلج فانعم غسلها ثم اعادها مكانها ثم قام
الثانى فقال لصاحبه تنح ثم ادخل يده فى جوفى
فاخرج قلبى وانا انظر اليه فصدعه ثم
اخرج منه مضغة سوداء فرمى بها ثم قال
بيده يمنة ويسرة كانه يتناول شيئا فاذا انا
بخاتم فى يده من نور يحار النظر دونه فختم
به قلبى فامتلأ نور النبوة والحكمة ثم اعاد
مكانه فوجدت برد ذلك الخاتم فى قلبى
دهرا ثم قال الثالث لصاحبه تنح فامر يده
بين مفرق صدرى الى منتهى عانتى فالتام
ذلك الشق باذن الله تعالى ثم اخذ بيدى
فانهضنى من مكانى انهاضا لطيفا ثم قال
للاول زنه بعشرة من امته فوزنونى
بهم فرجحتهم ثم قال زنه بمائة من امته
فوزنونى بهم فرجحتهم ثم قال زنه بالف من
امته فوزنونى بهم فرجحتهم فقال دعوه فلو
وزنتموه بامته كلها لرجحهم ثم ضموني الى صدورهم
وقبلوا راسى وما بين عينى ثم قالوا يا حبيب الله
هل لم ترع انك لو تدرى ما يراد بك من
الخير لقرت عيناك ثم جاء الحى فلنخبرهم

سینہ سے پیڑو کی انتہا تک چاک کیا - اور میں
ان کی یہ حرکات جراحی دیکھتا تھا - ایک شخص
نے آنتیں نکالکر اس برف کے پانی سے خوب دھوکر
بجائے خود رکھدیں - پھر دوسرا اٹھا اور پہلے کو ہٹا کر
جوف شکم میں ہاتھ ڈالا اور اس میں سے میرا دل
نکال لیا اور میں نے دیکھا کہ اس نے دل کو چاک
کرکے اسکے اندر سے ایک سیاہ لوتھڑا نکالکر پھینک دیا اور
داہنے بائیں کچھ تلاش کرنے لگا ناگاہ اسکے ہاتھ میں ایک
بہت ہی چمکدار انگوٹھی دکھائی دی اس میرے دل پر
مہر لگائی کہ نور نبوت سے دل لبریز ہو گیا پھر اس کو
اسکی جگہہ پر رکھدیا اور مدت تک اس عمل کی ٹھنڈک
محسوس ہوتی رہی - بعدہٗ تیسرے نے اس کو ہٹایا
اور میرے جسم پر ہاتھ پھیرا جس سے وہ چاک بند
ہو گیا خدا کے حکم سے اور مجھکو انتہائی نرمی سے
اٹھا کر کھڑا کر دیا - اور پہلے شخص سے کہا ان کو ان کی
امت کے دس اشخاص کے ساتھ وزن کرو اس نے
تولا تو میں وزنی نکلا - پھر کہا اچھا سو آدمیوں کیساتھ
تولو اسپر بھی میرا وزن زیادہ رہا - پھر ہزار کے ساتھ
تولنے کو کہا تب بھی مقابل پلہ ہلکا رہا - پھر کہا چھوڑدو
یہ پوری قوم پر غالب رہینگے پھر مجھے سینہ سے لگایا اور
سر اور پیشانی کا بوسہ لیکر کہا - اے خدا کے حبیب آپ
گھبرائیں نہیں - اگر آپ کو اس عمل کی علت اور آئندہ
بہتری کے ارادے معلوم ہو جائیں تو آپ بیحد مسرور ہوں

فقال بعض القوم ان هذا الغلام اصابه لمم او
طائف من الجن فانطلقوا به الى كاهننا حتى
ينظر اليه ويداويه فقلت ما بي شيء مما تذكرون
انى ارى نفسي سليمة وفؤادي صحيحا فقال
زوج ظئري الا ترون ان كلامه صحيح انى
لارجو ان لا يكون بابني باس فذهبوا بي الى
الكاهن فقصوا عليه قصتي فقال اسكتوا حتى
اسمع من الغلام فانه اعلم بامره منكم
فقصصت عليه فلما سمع قولي وثب الي فضمني
الى صدره ثم نادى باعلى صوته يا للعرب يا
للعرب اقتلوا هذا الغلام واقتلوني معه
فواللات والعزى لئن تركتموه وادرك
ليبدلن دينكم وليسفهن عقولكم وعقول ابائكم
وليخالفن امركم وليأتينكم بدين لم تسمعوا بمثله قط
فعمدت ظئري فانتزعتني من حجره وقالت لانت
اعته منه واجن ولو علمت ان هذا يكون من
قولك ما اتيت به اليك فاطلب لنفسك
من يقتلك فانا غير قاتلي هذا الغلام ثم احتملوني
فادوني الى اهلي واصبح اثر الشق ما بين صدري
الى منتهى عانتي كانه الشراك قال ابو نعيم
في هذا الحديث ان امنة وجدت الثقل
في حمله وفي سائر الاحاديث انها لم تجد ثقلا
والجمع ان الثقل به في ابتداء علوقها به وان

تو بعضوں نے کہا اس بچہ پر آسیب معلوم ہوتا ہی
اسے کسی کاہن (عامل) کے پاس بغرض علاج
لے جانا چاہیے - میں نے کہا تمہارا یہ خیال غلط ہی -
میں اپنے آپکو تندرست پاتا ہوں اور بالکل اچھا ہوں
دائی کے شوہر نے کہا کہ بچے کی بات بہت سچی معلوم
ہوتی ہی - اور میرے نزدیک کچھ اندیشہ نہیں ہی - مگر
کاہن کو دکھلانے مجھکو لیگئے اور اس سے سارا حال کہدیا
وہ بولا تم خاموش رہو میں بچہ سے سننا چاہتا ہوں وہ تسے
بہتر جانتا ہی - میں نے اس سے قصہ کہا سنکر اس نے
مجھکو سینہ سے لگا کر چیخنا پکارنا شروع کیا کہ اے اہل عرب
اس بچہ کو اور مجھے قتل کر دو - لات اور عزی کی قسم
اگر تمنے اسے زندہ چھوڑ دیا اور یہ بڑا ہوا تو ضرور
یہ تمہارا دین بدل ڈالیگا اور تمہاری اور تمہارے باپونکی
عقلیں مار دیگا - تمہاری مخالفت کریگا اور تمہارے پاس وہ
دین لاویگا جو تمنے سنا بھی نہ ہوگا - پس دودھ پلائی مجھکو
اس سے چھین کر کہا تو اس سے بڑھکر خبطی ہی - میں جانتی
تو تیرے پاس نہ لاتی - تو سڑی ہی کہ اپنے قتل کیلئے لوگونکو
بلاتا ہی - میں اس بچہ کو کس طرح قتل کرونگی - پھر مجھے گھر
اٹھا لیگئی پھر صبح کو میرے سینہ سے عانہ تک ایک
نشان پایا تسمہ کی طرح - ابو نعیم نے اس حدیث میں
کہا ہی کہ اس حدیث سے گرانی حمل ثابت ہوتی ہی اور
دوسری تمام احادیث سے گرانی کی نفی ہوتی ہی - انمیں
مطابقت یوں ہوتی ہی کہ ابتدا میں کسی قدر بوجھ معلوم ہوا

الخفة عند استمرار الحمل بها فیکون علی الحالین خارجا عن المعتاد المعروف والله سبحانه و تعالی اعلم وعلمه اتم

اور بعد کو ہلکی ہوتی گئی۔ دونوں حالتیں معمول کے خلاف رہیں۔ واللہ اعلم

بائیسویں فصل میں ہے بیان ابو سعید الخدری رضے اللہ تعالیٰ عنہ کا۔

اخرج الطبرانی عن ابی سعید الخدری قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم انا اعرب العرب ولدت فی قریش ونشأت فی بنی سعد فانی یاتینی اللحن والله سبحانه وتعالی اعلم وعلمه اتم

طبرانی نے ابو سعید خدری سے تخریج کی ہے کہ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میں خلاصہ عرب ہوں۔ قریش میں پیدا ہوا۔ اور بنی سعد میں بڑا ہوا پس میرے کلام میں غلطی کیسے ہوسکتی ہے۔

تیئیسویں فصل میں ہے بیان حضرت ابو قتادہ انصاری رضے اللہ تعالیٰ عنہ

اخرج مسلم عن ابی قتادة الانصاری ان رسول الله صلی الله علیه وسلم سئل عن صوم یوم الاثنین قال ذاك یوم ولدت فیه ویوم بعثت او انزل علی فیه واخرج ایضا عنه ان رسول الله صلی الله علیه وسلم سئل عن صوم یوم الاثنین فقال فیه ولدت وفیه انزل علی والله سبحانه وتعالی اعلم وعلمه اتم

ابو قتادہؓ انصاری سے مسلم نے تخریج کی ہے کہ رسول اللہ سے دوشنبہ کو روزہ رکھنے کا سوال ہوا تو آپ نے فرمایا یہ وہ دن ہے کہ اسمیں میری ولادت ہوئی اور اسی روز نبوت کا ظہور ہوا۔ نیز مسلم نے ابو قتادہ سے تخریج کی کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے دوشنبہ کے روزہ کا سوال کیا گیا تو فرمایا کہ اسی روز میں تولد ہوا اور اسی دن مجھپر وحی نازل ہوئی تھی۔

چوبیسویں فصل میں ہے بیان حضرت جابر بن عبد اللہ رضے اللہ تعالیٰ عنہ کا

اخرج عبد الرزاق بسنده عن جابر بن عبد الله رضی الله تعالی عنهما قال قلت یا رسول الله بابی انت وامی اخبرنی عن اول شیء خلق الله تعالی قبل الاشیاء قال یا جابر ان الله قد خلق قبل الاشیاء نور نبیك من نوره فجعل ذلك النور یدور بالقدرة حیث شاء الله ولم یکن فی ذلك الوقت لوح ولا قلم ولا جنة ولا نار

تخریج کی ہے عبد الرزاق نے سند کے ساتھ جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما سے کہ میں نے آنحضرتؐ سے عرض کیا میرے ماں باپ آپ پر قربان بتلائیے خداوند جل وعلا نے ابتداء پیدائش کس سے کی آپ نے فرمایا اے جابر سب سے پہلے تیرے نبی (محمدؐ) کو اپنے نور سے بنایا اور وہ نور خدا کی قدرت سے حسب منشاء الٰہی دورہ کرتا تھا اس وقت نہ لوح تھی نہ قلم نہ بہشت نہ جہنم

ولا ملك ولا سماء ولا ارض ولا شمس ولا قمر ولا جني
ولا انسي فلما اراد الله ان يخلق الخلق قسم ذلك النور
اربعة اجزاء فخلق من الجزء الاول القلم ومن الثاني
اللوح ومن الثالث العرش ثم قسم الجزء الرابع
اربعة اجزاء فخلق من الاول السموات ومن الثاني
الارضين ومن الثالث الجنة والنار ثم قسم الرابع
اربعة اجزاء فخلق من الاول نور ابصار المؤمنين
ومن الثاني نور قلوبهم وهي المعرفة بالله ومن
الثالث نور السنتهم وهو التوحيد لا اله الا الله
محمد رسول الله الحديث واخرج الدارمي
والبيهقي وابو نعيم عن جابر بن عبد الله قال
كان في رسول الله صلى الله عليه وسلم خصال
لم يكن في طريق فتبعه احد الا عرف انه قد
سلكه من طيب عرقه او عرفه ولم يكن يمر بحجر ولا
شجر الا سجد له والله سبحانه وتعالى اعلم و
علمه اتم

نہ فرشتے نہ آسمان نہ زمین نہ سورج نہ چاند نہ جن ۔
انسان ۔ جب اللہ تعالے نے تخلیق عالم کا ارادہ کیا اس
نور (محمدی) کے چار حصہ کیے پہلے سے قلم دوسرے سے
لوح تیسرے سے عرش بنایا پھر اس حصہ چہارم کو چار جزو
کرکے ایک سے آسمان بنائے دوسرے سے زمینیں
تیسرے سے جنت و دوزخ کو بنایا اور ایک حصہ کو
پھر چار حصہ کرکے اول سے اہل ایمان کی آنکھونکا نور اور
دوسرے سے ان کے قلوب کا نور جو معرفت الہی ہے بنایا
تیسرے سے زبانونکا نور یعنی توحید لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ
(آخر حدیث تک) اور تخریج کی دارمی و بیہقی و ابونعیم
نے جابر بن عبد اللہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم میں بہت سی خصلتیں تہیں ازاں جملہ
یہ کہ جس کوچہ سے گذرتے آپ کی خوشبو سے لوگ پہچان
لیتے تہے اور جس پتھر یا درخت کے پاس جاتے وہ
آپ کے سامنے سجدہ کو جھک جاتا ۔ واللہ اعلم

چھبیسویں فصل میں ہے بیان حضرت امام حسین رضی اللہ تعالی عنہ کا

اخرج الخطيب عن الحسين بن علي رضي الله تعالى
عنه قال لما كانت الليلة التي ولد فيها النبي
صلى الله عليه وسلم قال حبر كان بمكة يولد الليلة
في بلدكم هذا النبي الذي وصفناه
يعظم موسى وهارون تقتل امته فان اخطأهم
فبشروا اهل الطائف واهل الطائف وهل
ليلة قال فولد في تلك الليلة فخرج الحبر حتى

خطیب نے حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما سے تخریج کی
کہ جس شب کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت ہوئی
تہی مکہ کے ایک متبحر شخص نے کہا ۔ پیدا ہونگے
اس رات کو تمہارے شہر میں ایک نبی جنکا یہ وصف
ہوگا کہ موسی و ہارون کی تعظیم کرینگے مگر انکی امت کو قتل کرینگے
اگر تمہیں خطا کیا تو طائف یا ایلہ والوں کو خبر دیدو راوی
نے کہا اس رات کو آپ پیدا ہوئے ۔ تو وہ عالم نکل کر

دخل الحجر ثم قال اشهد ان لا اله الا الله وان موسی حق وان محمدا حق ثم فقد الحبر فلم نفقده علیه والله سبحانه وتعالی اعلم وعلمه اتم

کعبہ کے پاس آیا اور کہا میں اقرار کرتا ہوں کہ لائق پرستش صرف اللہ ہی اور موسیٰ و محمدؐ برحق ہیں - یہ کہکر غائب ہو گیا

چھبیسویں فصل میں ہی بیان حضرت حویصة بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا

اخرج الواقدی وابو نعیم عن حویصة بن مسعود رضی الله تعالی عنه قال کنا ویهود فینا کانوا یذکرون نبیا یبعث بمکة اسمه احمد ولم یبق من الانبیاء غیره وهو فی کتبنا وما اخذ علینا منه صفته کذا وکذا حتی یاتوا علی نعته قال انا غلام وما اری احفظ وما اسمع اعی اذ سمعت صیاحا من ناحیة بنی عبد الاشهل فاذا قوم فزعوا وخافوا ان یکون امر حدث ثم خفی الصوت ثم عاد فصاح ففهمنا صیاحه یا اهل یثرب هذا الکوکب الذی ولد به قال جعلنا نعجب من ذلک ثم اقمنا دهرا طویلا ونسینا ذلک فهلک قوم وحدث اخرون وصرت رجلا کبیرا فاذا مثل ذلک الصیاح بعینه یا اهل یثرب قد خرج محمد وتنبأ وجاءه الناموس الاکبر الذی کان یاتی موسی علیه السلام فلم ینشب ان سمعت ان بمکة رجلا خرج یدعی النبوة وخرج من خرج من قومنا وتاخر من تاخر واسلم فتیان منا احداث ولم یقض لی ان اسلم حتی قدم رسول الله صلی الله علیه وسلم والله سبحانه تعالی اعلم وعلمه اتم

اخراج کیا واقدی و ابو نعیم نے حضرت حویصہ بن مسعود سے کہ ہمارے جلسہ میں یہودی ذکر کرتے تھے کہ مکہ میں ایک نبی ہونگے جنکا احمد نام ہوگا اور کسی نبی کا دین نہ باقی رہیگا انکا ذکر ہماری کتابونمیں بجمیع صفات مذکور ہی - راوی نے کہا میں اس زمانہ میں جبکا یہ ذکر ہی کمسن تھا مگر مجھے بات خوب یاد رہتی تھی یکایک محلہ بنی عبد الاشہل سے ایک آواز آئی جس سے سب لوگ گھبرا گئے کہ کیا واقعہ ہو گیا - یہ آواز پست ہوئی پھر بلند ہوئی تو ہم لوگ سمجھے کہ کہا جاتا ہی مدینہ والو وہ ستارہ یہی ہی جس کے ساتھ پیدا ہوئے - اسپر ہم تحیر ہوئے زمانہ دراز اسپر گذر گیا اور واقعہ بھی یاد نہ رہا - اس وقت کے بہتیرے مر گئے اور نئے پیدا ہو گئے میں بھی بڑا ہوا - ویسی ہی آواز پھر آئی کہ نبی آخر زمان حضرت محمدؐ نے نبی ہونے کا دعویٰ کیا اور انکے پاس وہ ناموس اکبر آئے جو موسیٰ کے پاس آیا کرتے تھے کچھ دنوں بعد میں نے مدینہ میں خبر پائی کہ ایک شخص نے نبوت کا دعویٰ کیا ہی کچھ لوگ چلے اور بعض نے دیر کی - مجھکو قبول اسلام کا حکم نہ ملا یہانتک کہ آپ خود مدینہ میں اقامت گزیں ہوے

٢٧ ستائیسویں فصل میں بیان ہی حضرت ابو الطفیل صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا

- وهو آخر من مات من الصحابة قاله مسلم وغیره

اخرج ابو نعیم و ابن مردویہ فی تفسیرہ والدیلمی فی
مسند الفردوس عن ابی الطفیل قال قال رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم لی عشرۃ اسماء عند ربی انا
محمد و احمد والفاتح والخاتم وابو القاسم والعاشر و
العاقب والماحی و یٰس و طٰہٰ واخرج الترمذی فی
الشمائل عن سعید الجریری قال سمعنا ابا الطفیل یقول
رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و ما بقی علی
وجہ الارض احد رآہ غیری قلت صفہ لی قال
کان ابیض ملیحا مقصدا واللہ سبحانہ و
تعالیٰ اعلم و علمہ اتم

تخریج کی ابو نعیم و ابن مردویہ نے اپنی تفسیر میں اور
دیلمی نے مسند الفردوس میں ابو طفیل سے کہ فرمایا رسول اللہ
صلعم نے میرے دس نام ہیں خدا کے نزدیک -
محمد - احمد - فاتح - خاتم - ابو القاسم - عاشر - عاقب
ماحی - یٰس - طٰہٰ - اور تخریج کی ترمذی نے
شمائل میں سعید جریری سے کہا میں نے ابو طفیل سے
سنا وہ کہتے تھے کہ میں نے آنحضرت کو دیکھا ہے اور اب
میرے سوا کوئی دیکھنے والا نہیں رہا میں نے کہا آپکا حال بتاؤ
بولے آپ کا رنگ سفید ملیح تھا اور قد میانہ موزوں -

اٹھائیسویں فصل میں ہے بیان حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا

اخرج البیہقی والطبرانی فی الاوسط وابن عساکر
عن عائشۃ قلت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
قال لی جبریل قلبت الارض مشارقہا ومغاربہا
فلم اجد رجلا افضل من محمد ولم اجد بنی اب
افضل من بنی ہاشم واخرج ابن سعد و ابن
عساکر عن عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا قال رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خرجت من نکاح غیر سفاح
وفی انسان العیون روی ابن حبان عن عائشۃ
رضی اللہ تعالیٰ عنہا عن آمنۃ ام النبی صلی اللہ علیہ
وسلم انہا قالت ان لابنی ہذا شأنا انی حملت بہ
فلم اجد حملا قط اخف علی ولا اعظم برکۃ منہ
واخرج ابن سعد والحاکم والبیہقی وابو نعیم
عن عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا قالت کان یہودی

تخریج کی بیہقی اور طبرانی نے اوسط میں اور ابن عساکر نے
عائشہ صدیقہ سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ
مجھسے جبریل نے کہا میں نے جہان بھر چھان ڈالا مگر آپ
سے بڑھکر کوئی شخص نہ پایا اور نہ کوئی خاندان
بنی ہاشم سے افضل ملا - اور اخراج کیا ابن سعد و ابن
عساکر نے ام المومنین عائشہ رض سے کہا کہ فرمایا رسول
صلعم نے میری پیدائش کے سلسلہ میں برابر نکاح ہوتے رہے
اور کتاب انسان العیون میں بروایت ابن حبان عائشہ سے
منقول ہے کہ حضرت آمنہ انکی ساس فرماتی تھیں کہ
میرے بیٹے کی بڑی شان ہے - مجھکو زمانہ حمل میں بار
نہیں ہوا - اور برکات کا تذکرہ کیا کیا جاوے -
اور تخریج کی ابن سعد اور حاکم و بیہقی اور ابو نعیم نے
عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا ایک یہودی تاجر

قد سكن بمكة يتجر فيها فلما كانت الليلة التي ولد
فيها رسول الله صلى الله عليه وسلم قال في مجلس
من قريش يا معشر قريش هل ولد فيكم الليلة
مولود فقال القوم والله ما نعلمه قال احفظوا ما
اقول لكم ولد هذه الليلة نبي هذه الامة الاخيرة
بين كتفيه علامة فيها شعرات متواترات كانهن عرف
فرس لا يرضع ليلتين وذلك ان عفريتا من الجن
ادخل اصبعه في فمه فمنعه الرضاع فتصدع القوم
من مجلسهم وهم يتعجبون من قوله فلما صاروا
الى منازلهم اخبر كل انسان منهم اهله فقالوا
قد ولد لعبد الله بن عبد المطلب غلام سموه
محمدا فالتقى القوم حتى جاءوا اليهودي فاخبروه
الخبر قال فاذهبوا معي حتى انظر اليه فخرجوا به
حتى ادخلوه على امنة فقال اخرجي الينا ابنك
فاخرجته وكشفوا له عن ظهره فرأى تلك الشامة
فوقع اليهودي مغشيا عليه فلما افاق قالوا
ويلك مالك قال والله ذهبت النبوة من بني
اسرائيل افرحتم يا معشر قريش اما والله ليسطون
بكم سطوة يخرج خبرها من المشرق الى المغرب
واخرج ابن عدي والبيهقي وابن عساكر عن
عائشة رضي الله تعالى عنها قالت كان رسول
الله صلى الله عليه وسلم يرى في الظلماء كما
يرى في الضوء واخرج ابن عساكر عن عائشة

مکہ میں رہتا تھا جس رات کو آنحضرت پیدا ہوے
اس یہودی نے قریش کی مجلس میں آکر پوچھا
کیا تم میں کسی کے گھر اس رات میں بچہ پیدا ہوا
ہی حاضرین نے کہا ہمکو خبر نہیں - یہودی بولا یاد
رکھو یہ کہ آج رات کو اس امت کا آخری پیغمبر پیدا ہوے
انکے شانوں کے درمیاں ایک پہچان ہی جس میں بال
ہیں برابر برابر گھوڑے کی عیال کیطرح اور ایک جن عفریت
کی شرارت سے دو روز تک دودھ نہ پی سکینگے -
لوگ اسکی بات سے متحیر ہوے اور چلے گئے - جب اپنے
گھر پہونچے اور حال کہا معلوم ہوا آج رات کو عبد اللہ
ابن عبد المطلب کے ہاں ولادت ہوئی ہی اور مولود
کا نام محمد ہی - لوگوں نے یہودی کو خبر دی تو اس
نے کہا مجھکو وہاں لیچلو میں اسے دیکھونگا - یہ لوگ اسکو
ساتھ لیکر حضرت آمنہ کے مکان پر آئے اور کہا اپنا بچہ
ہمکو دکھا دو انہوں نے کپڑا اٹھا دیا جب پشت پر مہر نبوت
دیکھی یہودی بیہوش ہوکر گر پڑا جب افاقہ ہوا کہا
تجھے کیا ہو گیا - بولا بخدا بنی اسرائیل سے نبوت رخصت
ہو گئی - تم خوشی مناؤ کہ یہ قریشی اسمعیلی تمام جہان کی
خیر کے مالک ہونگے - اور حکومت کرینگے -
اور تخریج کی ابن عدی اور بیہقی و ابن عساکر نے
عائشہ سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم تاریکی
میں ایسا ہی دیکھتے جیسا روشنی میں دیکھا جاتا
ہی - اور تخریج کی ابن عساکر نے عائشہ رضی سے

رضی اللہ عنہا قالت اخیط فی السحر فسقطت منی الابرۃ فطلبتہا فلم اقدر علیہا فدخل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فتبینت الابرۃ بشعاع نور وجہہ فاخبرتہ فقال یا حمیرا الویل ثم الویل ثلاثا لمن حرم النظر الی وجہی واللہ سبحانہ وتعالی اعلم وعلمہ اتم

کہ آخر شب میں میں سی رہی تھی کہ میرے ہاتھ سے سوئی گر گئی میں نے ہر چند تلاش کی مگر نہ ملی پس آنحضرت صلعم تشریف لائے آپ کے چہرہ کے نور سے سوئی مل گئی میں نے یہ حال آپ سے عرض کیا تو فرمایا کہ اے حمیرا ویل اور تباہی ہو اور بربادی جس نے میرے جمال پر نظر نہ ڈالی۔ واللہ اعلم

اونتیسویں فصل میں ہے بیان حضرت ام سلمہ ام المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا اخرج

ابو نعیم عن عطاء بن یسار عن ام سلمۃ (ھند بنت ابی امیۃ ام المومنین) عن امنۃ (والدۃ صلی اللہ علیہ وسلم) قالت لقد رایت لیلۃ وضعہ نورا اضاءت لہ قصور الشام حتی رأیتہا و اخرج الطبرانی فی الکبیر و ابو نعیم عن ام سلمۃ قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی الصحراء فاذا منادیا ینادیہ یا رسول اللہ فالتفت فلم یر احدا ثم التفت فاذا ظبیۃ موثقۃ فقالت ادن منی یا رسول اللہ فدنی منہا فقال ما حاجتک فقالت ان لی خشفین فی ھذا الجبل فحلنی حتی اذھب فارضعہما ثم ارجع الیک قال و تفعلین قالت عذبنی اللہ عذاب العشار ان لم افعل فاطلقہا فذھبت فارضعت خشفیہا ثم رجعت فاوثقہا فانتبہ الاعرابی فقال الک حاجۃ یا رسول اللہ قال نعم تطلق ھذہ فاطلقہا فخرجت تعدو وھی تقول اشہد ان لا الہ الا اللہ وانک رسول اللہ فی اسنادہ اغلب بن تمیم ضعیف لکن للحدیث طرق کثیرۃ تشہد بان للقصۃ اصلا

ابو نعیم نے عطاء بن یسار سے انہوں نے ام المومنین ام سلمہ (ہند بنت ابی امیہ) سے تخریج کی انہوں نے حضرت آمنہ ام النبیؐ سے کہ جس رات کو آنحضرت کی ولادت ہوئی میں نے ایک نور دیکھا جسمیں ملک شام کے محل نظر آنے لگے تخریج کی طبرانی نے کبیر میں اور ابو نعیم نے ام سلمہؓ سے۔ کہ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جنگل تشریف لیگئے تھے کہ کسی نے آپکو پکارا آپ نے توجہ فرمائی تو کوئی نظر نہ آیا پھر نگاہ دوڑائی تو ایک ہرن دکھائی پڑی اور اس نے کہا قریب آئیے آپ اسکے نزدیک پہونچے تو بولی کہ پہاڑ میں میرے دو بچے ہیں آپ مجھکو کھولدیں تو انکو دودھ پلاکر میں آجاونگی آپ نے فرمایا ایسا ہی کریگی۔ ہرنی نے کہا کہ اگر میں خلاف کروں تو اللہ مجھپر وہ عذاب کرے جو ظالم محصول لینے والے پر کریگا۔ آپنے اس کو کھول دیا اور وہ حسب وعدہ بچوں کو دودھ پلاکر لوٹ آئی۔ اور آپنے اسکو باندھ دیا جب اس اعرابی کو جس نے اسکو باندھا تھا خبر ہوئی تو بولا آپ کیا چاہتے ہیں آپ نے فرمایا اسکو آزاد کردے۔ اسنے آزاد کیا اور وہ ہرن دوڑتی اور کلمہ شہادت

كذا افاد مولانا جلال الدين فى خصائص الكبرى سبحانه وتعالى اعلم وعلمه اتم

اسکو مولانا جلال الدین رحمۃ اللہ علیہ نے خصائص کبریٰ میں ذکر کیا ہے - واللہ تعالیٰ اعلم

تیسویں فصل میں ہے بیان حضرت اسماء بنت ابی بکر الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا۔

اخرج الخرائطی من طرق هشام بن عروة عن ابيه
عن جدته اسماء بنت ابی بکر قالت كان زيد بن
عمرو بن نفيل و ورقة بن نوفل يذكران انهما
اتيا النجاشی بعد رجوع ابرهة من مكة قاله
فلما دخلنا عليه قال اصدقانی ايها القرشيان
هل ولد فيكم مولود اراد ابوه ذبحه فضرب عليه
بالقداح فسلم ونحرت عنه جمال كثيرة قلنا نعم
قال فهل لكما علم به ما فعل قلنا تزوج امرأة
يقال لها آمنة تركها حاملا وخرج قال فهل تعلمان
ولدت ام لا قال ورقة اخبرك ايها الملك انى
ليلة قد بت عند وثن لنا اذ سمعت من جوفه
هاتفا يقول ولد النبی فذلت الاملاك
ونأى الضلال وادبر الاشراك. ثم انتكس الصنم
على راسه فقال زيد عندی كخبره ايها الملك
انی فی مثل هذه الليلة خرجت حتى اتيت جبل
ابی قبيس اذ رأيت رجلا ينزل من السماء له
جناحان اخضران فوقف على ابی قبيس ثم
اشرف على مكة فقال ذل الشيطان وبطلت
الاوثان وولد الامين ثم نشر ثوبا معه
واهوى به نحو المشرق والمغرب فرأيته

تخریج کی خرائطی نے طرق ہشام بن عروہ سے انہوں نے
اپنے باپ سے انہوں نے اپنی دادی اسماء بنت ابوبکرؓ
صدیق سے کہ زید بن عمرو بن نفیل اور ورقہ بن نوفل کہتے تھے
کہ اصحاب فیل کی واپسی کے بعد ہم حبشہ گئے تو نجاشی نے
ہم سے پوچھا کہ اے قریشیو۔ کیا تمہاری قوم میں کوئی ایسا بچہ
پیدا ہوا، جسکے باپ نے ذبح کرنے کا ارادہ کیا ہو اور پھر
فال کے بعد اسکے عوض بہت اونٹ قربان کیے ہوں
ہمنے کہا ہاں - پھر پوچھا اس بچہ کا کیا حال ہے ہمنے بتلایا کہ
انہوں نے آمنہ نام ایک عورت سے نکاح کیا اور انکو حاملہ
چھوڑا - پھر پوچھا کیا کوئی بچہ پیدا ہوا - ہمنے کہا اے بادشاہ
ایک رات میں نے بت کے اندر سے یہ اشعار سنے جنکا
ترجمہ ہے کہ نبی پیدا ہوگئے اور سب بادشاہ ذلیل ہوئے
گمراہی اور شرک ختم ہوچکا - یہ آواز آئی اور بت اوندھا
ہوگیا - اسکے بعد زید نے کہا کہ اے بادشاہ میں اس رات کو
ابوقبیس کے پہاڑ کے قریب تھا اور میں نے دیکھا
کہ ایک شخص آسمان سے اترا جس کے سبز پر تھے
وہ کوہ ابوقبیس پر ٹھیرا اور اس نے مکہ کی
طرف دیکھ کر کہا کہ شیطان ذلیل ہوا اور باطل ہوئے
بت - پیدا ہوئے امین - پھر ایک کپڑا پھیلایا
اور اشارہ کیا طرف پورب اور پچھم کے پھر دیکھا

قد جللها تحت السماء وسطع نور كاد يخطف بصري
وهالني ما رأيت وخفق الهاتف بجناحيه حتى
سقط على الكعبة فسطع له نور أشرقت له تهامة
وقال زكت الارض وادّت ربيعها واومأ الى
الاصنام التي كانت على الكعبة فسقطت كلها
قال النجاشي ويحكما اخبركما عما اصابني اني
نائم في الليلة التي ذكرتما في قبتي وقت خلوتي
اذ خرج على عنق دراس وهو يقول حلّ الويل
باصحاب الفيل رمتهم طير ابابيل بحجارة من
سجيل - هلك الاشرم المعتدي المجرم وولد النبي
الامي من اجابه سعد ومن اباه عند ثم دخل
الارض فغاب فذهبت اصيح فلم اطق الكلام و
رمت القيام فلم اطق القيام فاتاني اهلي فقلت
اجيبوا عني الحبشة فحجبوهم عني ثم اطلق عن
لساني ورجلي والله سبحانه وتعالى اعلم وعلمه اتم

کہ سایہ ہوگیا آسمان کے نیچے اور ایسا نور پھیلا کہ میری
آنکھیں چوندھیا گئیں پھر وہ اڑا اور کعبہ کی چھت پر گیا
اور ایک چمک ایسی پیدا ہوئی کہ روشن ہوگیا تہامہ
اور شاداب ہوگئی زمین۔ پھر اس شخص نے
اشارہ کیا کعبہ کے اندر والے بتوں کی طرف تو وہ
گر گئے۔ نجاشی بولے کہ میں اس رات کو اپنے خیمہ
میں سو رہا تھا اور میں نے دیکھا کہ ایک سر
مع گردن سامنے آکر بولا کہ اصحاب فیل پر عذاب
اور بربادی آئی اور انکو مارا ابابیل نے سنگریزوں سے
اور ہلاک ہوا اشرم سرکش مجرم اور پیدا ہوئے نبی
امی جسنے انکی فرمانبرداری کی سعید ہوا اور نہیں تو گمراہ ہوا
پھر زمین پر آیا اور غائب ہوگیا - میں بولنا چاہا تو نہ بول سکا
اٹھنا چاہا تو اٹھا ہی نہ گیا پھر اپنے گھر کے لوگ تو میں نے کہا
مجھے اڑھا دو انہوں نے اڑھایا پس کھل گئی میری زبان
اور ہاتھ پیر - یعنی اٹھنے اور بولنے کے قابل ہوا۔

اکتیسویں فصل میں ہے بیان حضرت فاطمہ بنت عبد اللہ الثقفیۃ الصحابیۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا۔

اخرج البيهقي والطبراني وابن عبد البر وصحح
عن عثمان بن ابي العاص عن امه ام عثمان الثقفية
(الصحابية) واسمها فاطمة بنت عبد الله قالت
لما حضرت ولادة رسول الله صلى الله عليه وسلم
رأيت البيت (اي الذي ولد فيه) حين وقع
(اي نزل من بطن امه) قد امتلأ نورا ورأيت
النجوم تدنو (اي تقرب مني) حتى ظننت انها ستقع علي

اخراج کیا بیہقی و طبرانی اور ابن عبد البر نے عثمان ابن ابو العاص سے
انہوں نے اپنی والدہ ام عثمان ثقفیہ سے (جو صحابیہ ہیں)
نام انکا فاطمہ بنت عبد اللہ ہے - کہ جسوقت آنحضرت صلعم
کی پیدائش کا وقت آیا تمام وہ مکان جسمیں آپ کی
ولادت ہوئی تھی آپ کے تولد کے ساتھ ہی
انوار سے لبریز ہوگیا - اور میں نے دیکھا کہ ستارے
اسقدر جھک کر قریب آگئے اور میرا خیال ہوا کہ گود میں

واللہ سبحانہ وتعالیٰ وعلمہ اتم واحکم

تیسویں فصل

میں بیان حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا

اخرج ابن حبان فی صحیحہ عن حلیمۃ السعدیۃ مرضعتہ
ان امنۃ قالت لہا ان لابنی ھذا شانا انی حملت
حملا فلم احمل حملا قط کان اخف علی ولا اعظم
برکۃ ثم رایت نورا کانہ شہاب خرج منی حین
وضعتہ اضاءت لہ اعناق الابل ببصری من
ارض الشام ثم وضعتہ فما وقع کما یقع الصبیان
وقع واضعا یدہ بالارض رافعا راسہ الی السماء و
فی مورد الروی فی مولد النبوی للعلامۃ
علی القاری علیہ رحمۃ اللہ الباری قالت
حلیمۃ فیما رواہ ابن اسحاق وابن راھویہ و
ابو یعلی والطبرانی والبیھقی وابو نعیم قدمت
مکۃ فی نسوۃ من بنی سعد بن بکر نلتمس الرضعاء
فی سنۃ شہباء فقدمت علی اتان لی ومعی صبی
لنا وشارف لنا ای ناقۃ مسنۃ ھرمۃ واللہ
ما تبض بقطرۃ وما ننام لیلنا ذلک اجمع من
صبیان لا یجد فی ثدیی ما یغنیہ ولا فی شارفنا
ما یغذیہ فقدمنا بمکۃ فواللہ ما علمت منا
امرأۃ وقد عرض علیہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
فتاباہ اذا قیل یتیم فواللہ ما بقی من صواحبی
امرأۃ الا اخذت رضیعا غیری فلما لم اجد
غیرہ قلت لزوجی واللہ انی لاکرہ ان ارجع
من بین صواحبی لیس معی رضیع لانطلقن

تخریج کی ابن حبان نے اپنی صحیح میں آنحضرت کی دائی
حلیمہ رضی اللہ عنہا سے کہ ان سے آمنہ خاتون نے فرمایا۔ میرے بیٹے
کی عجیب شان ہے جب تک حمل میں رہے گرانی نہ معلوم ہوئی
اور برکات کا تو ٹھکانا ہی نہ تھا۔ میں نے دیکھا کہ مجھ سے ایک
ایسا نور ظاہر ہوا کہ مجھ کو ملک شام کے اونٹوں کی گردنیں
نظر آنے لگیں اور بعد پیدائش ہی نئی بات یہ ہوئی کہ آپ
زمین کی طرف جھکے اور پھر آسمان کی طرف سر بلند فرمایا
مورد الروی میں علامہ علی قاری رحمۃ اللہ علیہ تحریر
فرماتے ہیں کہ حلیمہ نے کہا تھا جیسا کہ ابن اسحاق اور ابن
راہویہ۔ ابویعلی۔ طبرانی۔ بیہقی۔ ابونعیم سے مروی ہے
کہ جب میں بچوں کی فکر میں مکہ گئی قحط کا زمانہ تھا۔ اور میری
سواری کے ساتھ ایک اونٹنی تھی بوڑھی اور نہایت
ضعیف کہ اسکے ایک قطرہ بھی دودھ نہ تھا۔ اور میرا
بچہ رات بھر بھوک کی وجہ سے سوتا نہ تھا دودھ نہ میرے
تھا نہ اونٹنی کے دودھ تھا۔ جب میرا قبیلہ بنی سعد بن بکر
میں گئی اور دیکھا کہ دوسرے بچوں کو عورتوں نے لے لیا
لیکن آنحضرت کو لینے کے واسطے کوئی عورت بوجہ غربت
اور یتیمی کے راضی نہیں ہوتی تھی۔ میں نے اپنے
شوہر سے کہا کہ سب عورتیں بچے پا گئیں۔ اب صرف
ایک بچہ رہ گیا جو یتیم ہے اسکو میں لیے آتی ہوں۔
پس میں اس ارادہ سے گئی کہ گو کسی نفع کی امید
نہیں مگر خالی پلٹنے سے اچھا ہے۔ جب پہونچی تو

الى ذلك اليتيم فلا اخذته فذهبت فاذا هو
مدرج فى ثوب صوف ابيض من اللبن وتفوح من
المسك وتحته حريرة خضراء راقد على قفاه
يغط فاشفقت ان اوقظه من نومه لحسنه وجماله
فدنوت منه رويدا فوضعت يدى على صدره
فتبسم ضاحكا وفتح عينيه ينظر الى فخرج من عينيه
نور حتى دخل خلال السماء وانا انظر فقبلته
بين عينيه واعطيته ثدى الايمن فاقبل عليه
بما شاء من لبن فحولته الى الايسر فابى وكانت
تلك حاله بعد قال اهل العلم اعلمه الله ان له
شريكا فالهمه العدل فقالت فروى وروى
اخوه ثم اخذته فما هو الا ان جئت به رحلى
وقام صاحبى تعنى زوجها الى شارفنا تلك فاذا
انها لحافل فحلب ما شرب وشربت حتى روينا
وبتنا بخير ليلة فقال صاحبى يا حليمة والله
انى لاراك قد اخذت نسمة مباركة الم ترى
ما بتنا به الليلة من الخير والبركة حين اخذناه
فلم يزل الله يزيدنا خيرا قالت حليمة فودع
بعضهم بعضا وودعت انا ام النبى صلى الله
عليه وسلم ثم ركبت اتانى واخذت محمدا صلى
الله عليه وسلم بين يدى قالت فنظرت
الى الاتان وقد سجدت نحو الكعبة ثلث سجدات
ورفعت راسها الى السماء ثم مشت حتى سبقت

آپ کو دیکھا کہ سفید اونی کپڑے میں لپٹے ہوے
ہے جو دودھ سے زیادہ سفید تہا اور آپکے جسم سے مشک کی
خوشبو آرہی تہی - اور نیچے آپکے ایک ریشمی کپڑا بچھا تہا
اور آپ بیخبر سو رہے تہے - جب میں نے آپکا جمال دیکھا
جگانے کو جی نہ چاہا اور منتظر بیٹھی رہی جب میں نے آپکے
سینہ پر ہاتھ رکہا آپنے مسکرا کے آنکھیں کھولدیں - آپکی
آنکھوں سے ایسا نور نکلا جو آسمان تک گیا - پہر میں نے
آپکی پیشانی کو بوسہ دیا اور داہنی چھاتی سے آپ کو
دودھ پلایا آپنے بخوشی پیا جب دوسری طرف سے
پلانا چاہا تو آپنے منہ پھیر لیا - اہل علم نے کہا ہے کہ یہ انکا
عدل تہا - اللہ تعالی نے آپکو مطلع فرما دیا تہا کہ ایک دوسرا
بچہ بہی اسی دودھ میں شریک ہے - حلیمہ کہتی ہیں کہ حضرت
خود بہی آسودہ ہوے اور میرا بچہ بہی - آپ کو ساتھ
جب میں اپنے مقام پر آئی میرے شوہر نے اونٹنی
کا دودھ دوہنے کا ارادہ کیا تو دیکھا کہ اس کے تھن
بہرے ہوئے ہیں اور [illegible] دودھ ہوگیا تو اسقدر ہوا کہ
ہم سب سیراب ہوئے - اور رات بڑے لطف سے
کٹی - میرے شوہر نے کہا کہ کیا مبارک روح لائی ہو کہ
برکت ہی برکت ہے - پھر یہاں ہم ایک دوسرے سے رخصت
ہوئے میں بہی حضرت کی ماں سے رخصت ہوئی اور
انہیں ساتھ لیکر روانہ ہوئی - بس میری سواری نے
کعبہ کے سامنے تین سجدے کیے اور آسمان کیطرف سر بلند
کیا - پھر نہایت تیزی کے ساتھ روانہ ہوئی -

دواب الناس الذين كانوا معي وصار الناس يتعجبون
مني ويقلن لي النساء وهن ورائي يا بنت ابي
ذويب اهذه اتانك التي كنت عليها وانت
جائية معنا تخفضك طورا وترفعك اخرى
فاقول بالله انها هي فيتعجبن منها ويقلن ان
لها شانا عظيما قالت فكنت اسمع اتاني تنطق و
تقول ان لي شانا ثم شانا بعثني الله بعد موتي
ورد لي سمني بعد هزلي ويحكن يا نساء بني سعد
انكن لفي غفلة وهل تدرين من على ظهري
خير النبيين وسيد المرسلين . وافضل الاولين
والاخرين وحبيب رب العالمين قالت حليمة فيما
ذكره ابن اسحاق وغيره ثم قدمنا منازل بني سعد
ولا اعلم ارضا من ارض الله اجدب منها فكانت
غنمي تروح علي حين قدمنا به شباعا لبنا فنحلب
ونشرب وما يحلب انسان قطرة لبن ولا يجدها
في ضرع حتى كان الحاضر من قومنا يقولون
لرعائهم اسرحوا حيث يسرح غنم بنت ابي ذويب
فتروح اغنامهم جوعا ما تبض بقطرة لبن وتروح
اغنامي شباعا لبنا فلله درها من بركة كثرت
بها مواشي حليمة وغنت وارتفع قدرها به
وسمنت ولم تزل حليمة تتعرف الخير والسعادة
وتفوز منه بالحسنى والزيادة شعر لقد
بلغت بالهاشمي حليمة مقاما علا في ذروة العز والمجد

سب کے آگے ہوگئی - ساتھ والیاں کہتی تہیں کہ اے بنت
ابوذویب یہ وہی سواری ہی جو گرتی پڑتی گئی تہی
میں نے ان کو جواب دیا کہ ہی تو ضرور یہ وہی مگر یہ
جو ایسی حالت میں آیا تہا کہ کبھی گرتا تہا اور اٹہتا تہا
اس فوری انقلاب پر انکو حیرت تہی اور کہتی تہیں کہ
اسکی بڑی شان ہی اور وہ سواری خود بہی کہتی تہی کہ
میری بڑی شان ہی - اللہ نے مجھے مردہ سے زندہ
کر دیا - دبلی سے موٹا کیا - ای بنی سعد کی عورتو افسوس
تم غافل ہو اس سے کہ میری پشت پر کون ہی - وہی
جو بہترین انبیا و رسل ہی - جو تمام پہلوں اور بعد والوں
سے افضل اور رب العالمین کا حبیب ہی - پھر ابن اسحق
وغیرہ کا بیان ہی کہ حلیمہ کہتی تہیں جب ہم منازل بنی سعد
میں پہونچے تو اگرچہ زمین میں کہیں سبزی کا نام نہ تہا مگر
میری بکریاں دودھ سے بہری ہوتی تہیں اور دوسروں کی
بکریوں کے ایک قطرہ دودھ نہ ہوتا تہا -
ہماری قوم کے لوگ بکری چرانے والوں سے کہتے
کہ اپنی بکریاں وہاں چرایا کرو جہاں حلیمہ کی بکریاں
چرتی ہیں - تاہم انکی بکریاں بہوکی اور دودھ سے
خالی آتیں - خدا کی شان ہی کہ حلیمہ کی بکریاں خوب
زیادہ اور فربہ ہوئیں - اور خوب جانتی تہیں حلیمہ
کہ یہ سب خیر و برکت اور بکریوں وغیرہ میں زیادتی
بسبب آیات ہاشمی کے ہی - بلکہ یہ خیر دیگر افراد
بنی سعد میں بہی پھیل گئی

وزادت مواشيها واخصب بربها ٭ وقد عم ذلك
سعد كل بني سعد ٭ وفي كتاب الترقيص لابي
عبد الله محمد بن العلى الازدى ان من اشعار
حليمة مما كانت ترقص به النبي صلى الله عليه وسلم

يارب اذ اعطيته فابقه ‏ واعله الى العلا وارقه
وادحض اباطيل العدى بحقه ‏ وزادت اذا بحقه بحقه

انتهى بحروفه والضافه واخرج البيهقي وابن
عساكر عن ابن عباس رضي الله تعالى عنهما قال كانت
حليمة تحدث انها اول ما فطمت رسول الله
صلى الله عليه وسلم تكلم فقال الله اكبر كبيرا و
الحمد لله كثيرا وسبحان الله بكرة واصيلا ٭
والله سبحانه وتعالى اعلم وعلمه اتم

اور بکریاں بڑھیں اور ترقی ہوئی تمام بنی سعد کو
اور کتاب الترقیص میں ابو عبد اللہ محمد بن علی ازدی لکھتے
ہیں کہ یہ اشعار پڑھ پڑھکر حلیمہ آنحضرت صلی اللہ علیہ
والہ وسلم کو کھلایا کرتی تھیں۔ انکا ترجمہ یہ ہے ۔
اے رب تونے دیا ہے تو برقرار رکھ۔ اور بلند مرتبہ کر اسکو
اور اسکے بدخواہوں کو ذلیل کر۔ اور اسی کتاب میں
ہے کہ بیہقی اور ابن عساکر نے حضرت ابن عباسؓ سے تخریج
کی ہے کہ حلیمہ کہتی ہیں دودھ چھوٹنے سے قبل یہ کلام
فرمایا۔ اللہ تعالیٰ بہت ہی بزرگ و برتر ہے اور
بہترین تعریف زیادہ سے زیادہ اللہ کیواسطے ہے
اللہ پاک ہے۔ ہر وقت صبح اور شام۔
اللہ پاک ہے اور اسکا علم کامل واکمل ہے۔

پانچواں باب

بیان میں ہے روایات صحیحہ کے جو کہ اس باب میں ہیں تابعین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین سے سو اب
بنظر اختصار ذکر بعض تابعین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے اوپر اکتفا کیا جاتا ہے اور جو انھوں نے آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل بیان فرمائے ہیں انہیں سے تھوڑا سا تبرکاً وتیمناً ذکر ہوتا ہے اور اس باب
میں اکیس فصلیں ہیں پہلی فصل میں ہے بیان حضرت کعب الاحبار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا۔

ذکر الامام العارف الربانی عبد الله ابن ابی
حمزة فی كتابه بهجة النفوس ومن قبله ابن سبع
فی شفاء الصدور ورواه ابو سعد فی شرف
المصطفى وابن الجوزي في الوفاء عن كعب
الاحبار التابعي المخضرم ادرك المصطفى ومارآه

حضرت امام عارف ربانی عبد اللہ بن ابو حمزہ نے
بہجۃ النفوس میں اور انسے پہلے ابن سبع نے شفاء الصدور
میں ذکر کیا ہے کہ ابو سعد نے شرف المصطفیٰ میں اور
ابن جوزی نے وفا میں کعب احبار تابعی سے

المتفق علی علمه وتوثيقه قال لما اراد الله ان
يخلق محمدا صلی الله عليه وسلم امر جبريل ان
ياتيه بالطينة التی هی قلب الارض وبهاؤه
هو الحسن ونورها قال فهبط جبريل فی ملائكة
الفردوس وملائكة الرفيع الاعلی فقبض قبضة
رسول الله صلی الله عليه وسلم من موضع
قبره الشريف وهی بيضاء منيرة فعجنت بماء
تسنيم وهو ارفع شراب الجنة فی معين انهار
الجنة حتی صارت كالدرة اللؤلؤ العظيم
البيضاء لها شعاع عظيم ثم طافت بها الملائكة
حول العرش وحول الكرسی وفی السموات والارض
والجبال والبحار فعرفت الملائكة وجميع الخلق
سيدنا محمدا صلی الله عليه وسلم وفضله قبل
ان يعرف ادم عليه الصلوة والسلام. قال بعض
العلماء وهذا لا يقال بالرائ انتهی يعنی فهو
اما عن كتب القديمة لانه حبرها او عن المصطفی
بواسطة فهو مرسل وتضعيف بعض المتاخرين
بعد له باحتمال انه من الكتب القديمة وقد بدلت
غير مسموح فان التضعيف انما هو من جهة
السند لا لمنافاة كما هو معلوم عن من له
ادنی المام بالفن وليس له كل ما ينقل عن الكتب
القديمة مردود بمثل هذا الاحتمال اه شرح
المواهب للعلامة الزرقانی رح وايضا فيه وفی

جو بالاتفاق معتبر ہیں فرماتے ہیں کہ جب اللہ تعالی
نے آنحضرت کو پیدا فرمانے کا قصد کیا جبریل کو حکم
دیا کہ مٹی لا دیں قلب زمین سے روشن۔
پھر جبریل ملائکہ فردوس اور معزز و مقتدر فرشتوں
کے ساتھ آئے اور اس زمین کی مٹی لی جس پر قبر ہے
آنحضرت صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی جو بہت ہی
سفید اور شفاف تھی اور اس کو تسنیم کے پانی
سے جو بہشت کی بہترین نہر ہے گوندھا یہانتک
کہ وہ مٹی موتی کیطرح چمکدار ہو گئی اور شعاع دار
پھر اس کو ملائک عرش و کرسی میں اور آسمانوں
اور زمین پہاڑوں اور دریاؤں میں پس پہچان گئے
فرشتے اور تمام دوسری مخلوقات آنحضرت صلعم کو
اور آپ کی بزرگی اور منزلت کو قبل اس کے کہ
آدم علیہ السلام کو جانتے۔ بعض علما کہتے ہیں کہ
ایسی بات کوئی اپنی رائے سے تو کہہ نہیں سکتا۔ لہذا
یا تو یہ تذکرہ پرانی کتابوں میں ہوگا یا آنحضرت
سے کسی ذریعہ سے معلوم ہوا ہوگا۔
بعض علماء متاخرین اسکے متعلق شبہہ کرتے ہیں
کہ کتب قدیمہ میں غیر مسموع ہے۔ غرض یہ رد
و قدح سند کی وجہ سے ہے۔
یہ سب کتاب مواہب لدنیہ میں مذکور ہے
جس کی شرح علامہ زرقانی رحمۃ اللہ نے
فرمائی ہے۔ نیز اسی کتاب میں ہے کہ۔

روایۃ کعب الاحبار انہ نودی تلک اللیلۃ التی
حمل فیھا المصطفٰی فی السماء صفاحہا ای جوانبہا
والارض وبقاعہا ان النور المکنون الذی منہ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ای مصور منہ
جسدہ صلی اللہ علیہ وسلم انتقل فی بطن امہ
فیا طوبی لہا یا طوبی لہا واصبحت یومئذ اصنام
الدنیا منکوسۃ وکانت قریش فی جدب شدید
وضیق عظیم فاخضرت الارض وحملت الاشجار
واتاہم الرفد الخیر الکبیر من کل جانب فسمیت
تلک السنۃ التی حمل فیہا برسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم سنۃ الفتح وسنۃ الابتہاج ای
السرور، وفی انسان العیون عن کعب الاحبار
فی التوراۃ ان اللہ تعالی اخبر موسی خروج
محمد صلعم من بطن امہ وموسی اخبر قومہ
ان الکوکب المعروف عندکم کذا اذا تحرک
وسار عن موضعہ فھو وقت خروج محمد صلعم
ای وصار ذلک مما یتوارثہ العلماء من بنی
اسرائیل اھ واخرج ابو نعیم عن عبد الرحمن
المعافری ان کعب الاحبار رای حبر الیہود
یبکی فقال لہ ما یبکیک فقال ذکرت بعض الامر
فقال لہ کعب انشدک باللہ لئن اخبرتک ما
یبکیک لتصدقنی قال نعم قال انشدک باللہ
ھل تجد فی کتاب اللہ المنزل ان موسی نظر

کعب احبار کی روایت میں ہے کہ اس رات کو ایک آواز دی گئی
جس میں آنحضرت رحم مادری میں تشریف لائے۔ آسمانوں اور
زمینوں میں کہ وہ نور مخفی جس سے رسول خدا کا جسم مقدس
بنا ہے آج پشت پدر سے منتقل ہو کر اپنی والدہ ماجدہ
کے شکم میں متمکن ہو گئے۔ پس بشارت ہو اور مبارکباد
اور اسی صبح کو دنیا کے بت (جنکی پرستش ہوا کرتی تھی)
اوندھے ہو گئے۔ اس زمانہ میں قریش بوجہ قحط بڑی
مصیبت میں مبتلا تھے۔ زمین سرسبز ہو گئی اور درخت
پھل نکلے۔ اور ہر طرح سے برکتوں کا ظہور ہونے لگا۔ چنانچہ
اس برس کو جسمیں آنحضرت حمل میں ہے خوشی اور کشائش
کا سال کہتے ہیں (کیونکہ اسمیں غیر معمولی انقلاب ہوا تھا)
نیز کعب احبار سے انسان العیون میں مذکور ہے کہ توریت
شریف میں خداوند تعالیٰ نے حضرت موسیٰ کو آنحضرت علیہ
الصلوٰۃ والسلام کی پیدائش کے متعلق مطلع فرمایا اور انھوں نے
اپنی امت کو خبر دی کہ فلاں ستارہ جسکو تم پہچانتے ہو جب
اپنی جگہ سے ہٹے گا اور حرکت کریگا وہ زمانہ آنحضرت کی ولادت
کا ہوگا۔ یہ خبر برابر علمائے یہود نسلاً بعد نسل دیتے رہے۔
اور ابو نعیم نے عبد الرحمن معافری سے تخریج کی ہے کہ کعب احبار
نے ایک یہودی عالم کو دیکھا کہ رو رہا ہے۔ کعب نے اس سے
کہا کیوں رو رہا ہے بولا کہ ایک بات یاد آئی ہے۔ کعب احبار نے
کہا اگر میں تجھے رونے کا سبب بتلا دوں تو جھوٹ تو نہ بولیگا
اسنے کہا نہیں سچ کہدونگا۔ کعب نے کہا کہ توریت میں ہے
جسکو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے مطالعہ فرمایا تھا

فی التوراة فقال رب انی اجد امة فی التوراة اخیر
امة اخرجت للناس یامرون بالمعروف وینہون
عن المنکر ویومنون بالکتاب الاول والکتاب
الآخر ویقاتلون اہل الضلالة حتی یقاتلوا الاعور
الدجال فقال موسی رب اجعلہم امتی قال ہم
امة فقال رب انی اجد امة ہم الحمادون رعاة
الشمس المحکمون اذا ارادوا امرا قالوا نفعلہ ان
شاء اللہ تعالی فاجعلہم امتی قال ہم امة احمد قال
الحبر نعم قال کعب انشدک انشدک باللہ ہل
تجد فی کتاب اللہ المنزل ان موسی نظر فی التوراة
فقال یارب انی اجد امة اذا اشرف احدہم
علی شرف کبر اللہ فاذا ہبط وادیا حمد اللہ الصعید
لہم طہور والارض لہم مسجد حیث ما کانوا یتطہرون
من الجنابة طہورہم الصعید کطہورہم بالماء
حیث لا یجدون الماء غر محجلون من آثار الوضوء
فاجعلہم امتی قال ہم امة احمد قال الحبر نعم قال
انشدک باللہ ہل تجد فی کتاب اللہ المنزل ان موسی
نظر فی التوراة فقال رب انی اجد امة مرحومة
ضعفاء یرثون الکتاب اصطفیتہم فمنہم ظالم
نفسہ ومنہم مقتصد ومنہم سابق بالخیرات
ولا اجد احدا منہم الا مرحوما فاجعلہم امتی قال ہم
امة احمد قال الحبر نعم قال کعب انشدک باللہ
ہل تجد فی کتاب اللہ المنزل ان موسی نظر فی

وہ یہ کہ ایک بہترین امت ہوگی جسکے اکثر افراد لوگوں کو
حق کی طرف دعوت دینگے اور بری چیزوں سے منع
کرتے رہینگے اور وہ پہلی اور پچھلی کتاب پر ایمان رکھینگے اور
بد دینوں کو قتل کرینگے یہاں تک کہ یہی لوگ کانے دجال کو
بھی مارینگے - اسپر حضرت موسیٰ نے دعا کی تھی کہ الٰہی انکو
میری امت بنا - جواب ملا کہ یہ امت آنحضرتؐ کے واسطے
نامزد ہے - یہ سنکر وہ یہودی بولا ہاں صحیح ہے - پھر کعب نے
کہا تجھکو قسم دیتا ہوں یہ بھی بتادے تو کیا تو نے توریت میں
یہ بھی دیکھا ہے کہ حضرت موسیٰ نے توریت میں دیکھا تو
کہا کہ خدایا میں ایک امت کو پاتا ہوں جو تیری حمد
وثنا کرتے رہینگے اور (انکی عبادات کے لیے) رات
کے منتظر رہینگے اور ہر کام کے ارادہ کے ساتھ انشاء اللہ
کہینگے - خداوندا اسکو میری امت بنادے حکم ہوا کہ وہ بھی امت
محمدی ہے - اس عالم نے تصدیق کی - پھر کعب نے پوچھا کہ یہ بھی
دیکھا ہے کہ حضرت موسیٰ نے کہا کہ الٰہی میں ایک امت کو دیکھتا
ہوں کہ وہ جب بلندی پر چڑھینگے اللہ اکبر کہینگے اور نیچے اترینگے
تو سبحان اللہ کہینگے - یہ زمین انکے واسطے پاک ہوگی وہ تیمم کرینگے
اور ہر جگہ عبادت کرسکینگے جب (بجنابت میں) پانی نہ ملیگا تیمم کرلینگے اور
وضو کی وجہ سے انکے اعضا چمکینگے - انکو میری امت میں
کردے - ارشاد ہوا کہ وہ محمد کی امت ہے - عالم یہود نے اسکو بھی
تسلیم کیا - پھر پوچھا کہ یہ بھی دیکھا ہے کہ حضرت موسیٰ نے فرمایا ہے
میں ایک امت کا تذکرہ پاتا ہوں جو باوجود ضعف کتاب اللہ کے
وارث ہونگے - اور برے بھلے ہونے پر بھی برگزیدہ ہونگے

التوراة فقال انی اجد فی التوراة امة مصاحفهم
فی صدورهم یلبسون الوان ثیاب اهل الجنة
